کتنے مریضوں پر ٹیسٹ ہوا اور نتیجہ کیا نکلا؟ طریقہ کار کی بھی وضاحت فرمادیں۔

پرائیویٹ سیکٹر کے ڈاکٹر کی شنوائی نہیں حکیم کی کون سنے گا؟ پورا کورونا پروگرام عالمی ادارہ صحت کنٹرول کر رہا ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر کا صحت کا پورا نظام عالمی ادارہ صحت، بل اینڈ میلنڈا گیٹس، راک فیلر فاونڈیشن وغیرہ کے ہاتھوں میں ہے۔ ہماری حکومت، فوج، پولیس، محکمہ صحت و دیگر ادارے بے حد بیچارگی کے عالم میں ایک ہاتھ سے ڈالر لے کر دوسرے ہاتھ سے کورونا خود پھیلا رہے ہیں۔

کورونا کہانی23:

10۔ پورا کورونا پروگرام عالمی ادارہ صحت، بل گیٹس اور راک فیلر فاونڈیشن کے ہاتھوں میں ہے اور دنیا کی تمام حکومتیں ڈالروں کی خاطر چپ ہیں۔

کورونا وائرس کی بناوٹ اور افعال

"ایک وائرس عام طور پر نیوکلائی ایسڈ (آر این اے یا ڈی این اے) اور کچھ پروٹین کا بنا ہوتا ہے۔ چکنائی سے بنی ایک حفاظتی جھلی اس کا باہری خول تشکیل دیتی ہے۔ کورونا وائرس اسی قسم کا ایک

وائرس ہے۔ جب ایک وائرس کسی جاندار خلیے میں داخل ہوتا ہے تو وہ اسے اپنے آر این اے، یا ڈی این اے کی نقل کرنے کی ہدایت دیتا ہے۔

اس طرح نئے وائرس پیدا ہوتے ہیں۔ تاہم بعض اوقات وائرل آر این اے کی نقل کرتے ہوئے خلیے غلطی کر دیتے ہیں۔ وہ تھوڑا سا مختلف آر این اے بنا دیتے ہیں۔ بعض صورتوں میں یہ تبدیل شدہ آر این اے دوسرے جانداروں، بشمول انسانوں کو متاثر کرنے کی زیادہ صلاحیت حاصل کر لیتا ہے۔ موجودہ عالمی وبا کا باعث بننے والا وائرس اسی طرح کے ارتقائی عمل سے گزر کر وجود میں آیا ہے۔

اس نے انسانی خلیوں کو متاثر کرنے کی صلاحیت حاصل کر لی۔ کورونا وائرس جانور کے خلیوں کو متاثر کر کے اپنی نقل تیار کر رہا ہے۔ حیوانی خلیے وائرل آر این اے کی 99.999 فیصد درست نقل تیار کرتے ہیں تو بھی کھربوں نقول میں سے ہزاروں تبدیل شدہ ہوں گی۔

اس تبدیل شدہ آر این اے میں سے کچھ انسانی خلیوں کو متاثر کرنے کے قابل ہو جاتا ہے چنانچہ ممکنات کا اصول ہمیں بتاتا ہے کہ جانوروں سے انسانوں میں وائرس کا منتقل ہونا کوئی اچھنبے کی بات نہیں۔

گزشتہ چند برسوں کے دوران دو اقسام کے کورونا وائرس، SARS اور MERS بھی جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہوتے ہوئے ارتقاعی عمل سے گزرے اور انسانی خلیوں کو نقصان پہنچانے کی صلاحیت حاصل کر لی چنانچہ کسی نوول وائرس کا ارتقائی عمل سے گزرنا غیر متوقع نہیں۔

حیوانی خلیوں میں داخل ہو کر کھربوں کی تعداد میں اپنی نقل کرتے ہوئے وائرس تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ پھر جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہو جاتے ہیں۔

یہ ہے وہ صورتحال جس کا انسانوں کو سامنا ہے چونکہ زندگی کے آغاز سے ہی وائرس جانوروں کو متاثر کرتے آئے ہیں، جانور، بشمول انسان ان کے خلاف لڑنے کی صلاحیت حاصل کر لیتے ہیں۔ ہمارا جسم قوتِ مدافعت رکھتا ہے جو حملہ آور وائرس کے خلاف لڑتا اور اسے تباہ کر دیتا ہے۔
خوش قسمتی سے انتہائی خطرناک وائرس دیر تک نہیں بچ پاتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے میزبان جسم کو بہت جلد ہلاک کر دیتے ہیں۔ اس کی ہلاکت کے بعد وہ خود کو تقسیم نہیں کر پاتے ہیں۔
چنانچہ میزبان جسم کی موت کے ساتھ ہی وہ خود بھی ختم ہو جاتے ہیں لیکن وہ وائرس جو زیادہ خطرناک نہیں، اور جو میزبان جسم کو ہلاک کرنے میں زیادہ وقت لیتے ہیں، وہ پھیلتے ہوئے خود کو تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ موجودہ نوول کورونا وائرس کم ہلاکت خیزی رکھتا ہے لیکن اس کے پھیلنے کی شرح انتہائی تیز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ بہت خطرناک ہے۔
وائرس سے لڑنے کا ایک طریقہ ویکسین لگانا ہے۔ ویکسین ہماری قوتِ مدافعت کو توانا ہی نہیں کرتی بلکہ اسے وائرس کے خلاف لڑنے کے لیے تیار بھی رکھتی ہے۔ جسم میں داخل کی جانے والی ویکسین وائرس کے آر این اے کی غیر موثر کی گئی مقدار ہوتی ہے۔
جسم میں داخل ہونے پر یہ ہمارے جسم کے دفاعی نظام کو وائرس کو شناخت کرنا اور اسے تباہ کرنا سکھاتی ہے۔ کورونا وائرس سے یورپ اور شمالی امریکہ میں ہونے والی بہت زیادہ ہلاکتوں کے بعد عالمی سطح پر اس کی ویکسین کی تیاری کی سر توڑ کوششیں جاری ہیں۔
افسوس، اسلامی دنیا اس کوشش میں شریک نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سائنس کی تعلیم اس کی ترجیح نہیں۔ امید کی جانی چاہیے کہ دو سال کے اندر اندر ویکسین استعمال کے لیے دستیاب ہو گی

جبکہ ہمیں بھی اس وبا سے سبق سیکھتے ہوئے ملک میں سائنسی تعلیم میں ترجیحی بنیادوں پر سرمایہ کاری کرنی چاہیے۔"

ہمارا امنیاتی نظام

یہ مائکروبائیولوجسٹ ہے اور امیون سسٹم سپیشلسٹ کہتا ہے کہ زیادہ ہاتھ دھونے ایک دوسرے سے دور رہنے اور زیادہ ڈس انفیکٹینٹ استعمال کرنے سے امیون سسٹم تباہ ہو جاتا ہے۔

انسان کا امیون سسٹم بنا ہے ایک دوسرے کے وائرس شئیر کرنے کے لیے۔ جب ہاتھ ملا کے وائرس بیکٹیریا شئیر ہوتے ہیں تو نئے قسموں کے وائرس کی اینٹی باڈی بنتی ہیں جس سے براڈ سپیکٹرم اینٹی باڈی رسپانس تیار ہوتا ہے۔

پھر جب کوئی نیا خطرناک وائرس آتا ہے۔ اس سے ملتے جلتے کسی وائرس سے آپ پہلے ہی نپٹ چکے ہوتے ہو۔ تو پھر وہ اتنا پرابلم نہیں کرتا۔

مٹی میں کھیلنا بچوں کا ہر چیز منہ میں ڈال لینا ہاتھ ملانا۔ بچوں کو گند میں کھیلنے کا شوق۔ یہ قدرت کی طرف سے نیچرل ویکسین سسٹم ہے۔

جن ملکوں میں یہ سب نہیں ہوتا جہاں کچھ زیادہ ہی صفائی کا خیال ہوتا ہے۔ وہ کمزور وائرس سے بھی مارے جاتے ہیں۔

علامات کورونا

جب آپ کورونا میں مبتلا ہوتے ہیں تو آپ کو بہت تیز بخار ہو جاتا ہے اتنا تیز جتنا آپ کو اپنی زندگی میں کبھی نہ ہوا ہو گا یہ نارمل فلو والے بخار سے بہت زیادہ ہوتا ہے آپ کی سانس بہت مشکل سے آ رہی ہوتی ہے جیسے آپ کی ناک میں کوئی اسفنج پھنسا ہوا ہو پھر آپ سانس لینے کیلئے زور لگاتے ہیں تاکہ آپ کے پھیپھڑوں میں آکسیجن بھر جائے مگر پھر بھی آپ کامیاب نہیں ہوتے اب آپ ڈر

جاتے ہیں آپ کو بہت زیادہ کھانسی آتی ہے آپ جتنی دفعہ سانس لینے کی کوشش کرتے ہیں آپ کا سینہ، بازو، انگلیاں، پیٹ اور پیروں میں درد ہونا شروع ہو جاتا ہے یہ آکسیجن کی کمی کی وجہ سے بھی ہوتا ہے آپ آکسیجن کو ناک کے ذریعے کھینچنے کی کوشش کرتے ہیں مگر کامیاب نہیں ہوتے ڈاکٹر آپ کو مصنوعی سانس ناک کے ذریعے دیتے ہیں جس سے آپ کی ناک میں جلن شروع ہو جاتی ہے یہ مزید تکلیف دہ ہوتا ہے پھر ڈاکٹر آپ کے گلے میں سوراخ کر کے نالیاں ڈالتے ہیں تاکہ آپ کے پھیپھڑوں تک آکسیجن پہنچ جائے یہ مزید تکلیف دہ اور مشکل ہوتا آپ کسی سے بات بھی نہیں کر سکتے ہیں نہ کچھ کھا سکتے ہیں۔

آپ ایک بند کمرے میں ہوتے ہیں جہاں آپ سے کوئی نہیں مل سکتا آپ کے والدین، بیوی بچے، بہن بھائی، عزیز رشتہ دار سب آپ سے دور ہوتے ہیں کیونکہ یہ ان کو بھی لگ سکتا ہے جو آپ کو مار رہا ہے۔

آپ اپنے آپ کو اکیلا محسوس کرتے ہیں اور رونا شروع کر دیتے ہیں آپ کو موت سے ڈر لگنا شروع ہوتا ہے آپ اپنے پیاروں کو یاد کر کے روتے ہیں اس سے آپ کی صورت حال مزید خراب ہو جاتی ہے آپ کو آکسیجن کی کمی ہونا شروع ہو جاتی ہے اور آپ کے ضروری اعضا گردے، دل وغیرہ آپ کا ساتھ چھوڑنا شروع کر دیتے ہیں آپ سخت تکلیف میں اکیلے کمرے میں ہوتے ہیں جب ڈاکٹر کو محسوس ہوتا ہے کہ آپ نہیں بچیں گے تو وہ آپ کو اکیلا چھوڑ دیتے ہیں اور اپنی توانائیاں دوسرے مریضوں پر لگاتے ہیں۔

یہ وقت ہوتا ہے جب آپ سمجھتے ہیں کہ آپ سے گھر میں رہنے کو اور حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کو کیوں کہا جا رہا تھا مگر اس وقت دیر ہو چکی ہوتی ہے۔

از ڈاکٹر شاہد اقبال

پھیلاؤ کی طاقت

کورونا سمیت اچھوتی بیماریوں کے پھیلاو کی طاقت یا R0 ملاحظہ کریں (از ڈاکٹر سلطان محمود):

Basic reproduction number or Disease Transmission Rate (R0) of well-known infectious diseases:

[1] Measles = 12–18

[2] Chickenpox = 10–12

[3] Mumps = 10–12

[4] Polio = 5–7

[5] COVID-19 = 3.8–8.9

[6] Smallpox = 3.5

[7] HIV/AIDS = 2–5

[8] Common cold = 2–3

[9] Diphtheria = 1.7–4.3

[10] Influenza = 1.4–2.8

[11] Ebola = 1.5–1.9

[12] Influenza = 1.4–1.6

[13] Influenza (seasonal strains) = 0.9–2.1

[14] MERS = 0.3–0.8

Reference: Wikipedia

احتیاطی تدابیر

کورونا سے بچاو کیلیے AC کا استعمال نہ کریں۔

ہم اے سی سے اس وقت تک محفوظ ہیں جب تک وہاں کورونا کا مریض نہیں ہے یا اس کا وہاں گزر نہیں ہوتا۔ اور بہت اہم بات یہ کہ اگر ہوٹل اور شادی ہالز ان گرمیوں میں کھولے گئے اور وہاں سنٹرل اے سی چل رہا ہو تو وہاں موجود تمام لوگ کورونا کا شکار ہو سکتے ہیں۔ یہی قانون بڑے بڑے میٹنگ ہالز پر بھی لاگو ہوتا ہے اور گاڑی کے اے سی پر بھی۔

1۔ کورونا کہانی 33:

وینٹیلیٹر پر شفٹ ہونے والے مریضوں کی شرح اموات کیا ہے؟ ابھی میں اس سوال کی جانب نہیں جا رہا کہ جس مریض کو کورونا کا کہا جاتا ہے اس کی تصدیق کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

2۔ کورونا کہانی 34:

امریکن سنٹر برائے ڈیزیز کنٹرول نے اپنی سابقہ ہدایات واپس لیتے ہوئے کہا ہے کہ "مختلف چیزوں کو چھونے سے کورونا آسانی سے نہیں پھیلتا" مبارک کہ اب ہم اس ڈرامے سے باہر نکل رہے ہیں۔

3۔ اشمل ہاشمی

ایک پاکستانی ڈاکٹر بھی کورونا کے خلاف بول پڑا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

ابھی آگے دیکھیں گڑیا بڑی دنیا بولے گی۔ ہم جب تین ماہ قبل بولے تب دنیا ابھی حیرانگی کے طلسم سے نکل نہ پائی تھی۔ اندرون اور بیرون ملک بیشمار پاکستانی دوستوں نے طنز کئے، تمسخر اڑائے مگر ہمارے سامنے یہ امریکہ کا تیسرا بڑا جھوٹ تھا جسے ہم کیسے مانتے اور پھر وہ امریکہ جو دنیا کا پیسہ لوٹ

کر اسی دنیا پر لگا کر اسے بے وقوف بناتا چلا جا رہا ہے۔ اسی دوران مجھے فیس بک انتظامیہ کی جانب سے تین بار اکاونٹ بلاک کرنے کی بھی دھمکیاں وصول ہوئیں نیز دو پاکستانی انجانے دوستوں نے بھی متنبہ کیا۔ جنہیں میں نے اپنے اصولی و تکنیکی موقف اور سوالوں سے روکے رکھا لیکن بھروسہ نہیں میرا اکاونٹ کسی بھی وقت ختم کیا جا سکتا ہے۔

4۔ ذیشان احمد

جن کو لگتا ہے کورونا ایک فراڈ ہے وہ ایک بار گورنمنٹ میڈیکل ایمرجنسی کا دورہ کریں بغیر پی پی ای کے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

کورونا وائرس اور اس کا حملہ ایک حقیقت ہے مگر اس پر عالمی ادارہ صحت کی وضاحتوں، دنیا کی مختلف حکومتوں کے فیصلوں نیز ہسپتالوں کے علاج معالجے کے طریقہ کار نے اسے مشکوک بنا کے رکھ دیا ہے۔ اور حقیقت و فسانے کی شرح ایک تین کی بنا کر رکھ دی ہے۔ اور ہم سوشل میڈیا کے جانبازوں کے بھی تین گروہ ہیں۔ پہلا سب سچ سمجھ رہا ہے اور یہ گروہ خوف کی فضا بنا تا رہا ہے، دوسرا سب ڈرامہ سمجھ رہا ہے اور یہ لوگوں کو لاپرواہ بنا رہا ہے اور یہ دونوں ہی غلط ہیں مگر تیسری قسم کے لوگ بھی ہیں جو حقیقت اور افسانے کے درمیان ہچکولے کھا رہے ہیں اور کسی آخری نتیجے پر پہنچنے کی کوشش کر رہے ہیں جس کو سامنے آنے میں ابھی کئی سال لگیں گے۔ اصل سچ کا متلاشی یہی تیسرا گروہ ہے اور انہی کی وجہ سے دنیا حقیقت جان پائے گی مگر اس وقت صرف اہل شعور ہی ان کا ساتھ دے سکیں گے۔

ہم شاید انتہا پسند قوم ہیں کہ لوگوں سے ایک دم سے ہاں یا ناں کروانا چاہتے ہیں یعنی سو فیصد ادھر یا سو فیصد ادھر جبکہ دنیا کا کوئی بھی معاملہ سو فیصد کسی ایک طرف نہیں ہوتا۔ دوسرا مسئلہ ہمارے

ساتھ یہ ہے کہ ہمیں اپنا مافی الضمیر بیان کرنے کے لئے شاید مناسب الفاظ نہیں ملتے لہٰذا اہم ادھوری اور بے معنی تحریروں کے ساتھ جلدی سے سوشل میڈیا پر چھلانگ لگا دیتے ہیں۔ ورنہ اگر ہمیں واقعی ہی کورونا معاملے کی حساسیت کا ادراک ہو تو ہمیں اس سارے معاملے کے ہر پہلو پر بات کر کے عوام کی رہنمائی کرنی چاہیئے۔ اور فیس بک پر موجود عام قسم کے چوزے اور انٹلیکچوئل کے فرق کو واضح کرنا چاہیئے۔

5۔ کورونا کو اب تو نوبل پرائز ونر مائیکل لیوٹ، شدید متاثرہ ممالک کی حکومتوں مثلاً اٹلی نیز نمایاں ماہرین معیشت نے بھی اقتصادی سازش قرار دیدیا ہے۔DSM

6۔ عبدالرحمان غازی

پوچھنا تھا کہ کورونا سے شہید ہونے والے پانچ ڈاکٹرز بھی ڈرامہ ہے؟؟ یا واقع بیماری ملک میں موجود ہے اور ایک سے دوسرے کو لگتی بھی ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

آپکو دو ماہ پہلے ڈرامے کی تعریف بتائی تھی لگتا ہے سمجھ نہیں پائے۔ پھر کوشش کرتا ہوں اگر اب بھی نہ سمجھے تو پھر یقیناً آپ سمجھنا ہی نہیں چاہتے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے آپ اس لئے سمجھنا نہیں چاہتے کہ پھر جگت کیسے لگائیں گے اور فیس بک پر حاضری غیر حاضری میں بدل جانے کے چانس بڑھ جائینگے

"پندرہ بیس فیصد سچ اور باقی سب کہانی" اسے کہتے ہیں ڈرامہ۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

کمال ہے ابھی تک کورونا کی نرسری ہی میں ہیں ۔

7۔ ثمینہ رشید

ڈاکٹر عاصم اللہ بخش کی وال سے۔

دوست دھڑا دھڑ پاکستان میں کورونا کے پھیلاؤ سے متعلق اعداد و شمار اور چارٹس سوشل میڈیا پر شئیر کر رہے ہیں، اور اس بات پر متفکر ہیں کہ یہ سلسلہ کہاں جا کر رکے گا، اور اس سب میں حکومت کہاں ہے کیا کر رہی ہے، وہ یہ جان لیں کہ اگر ان کا خیال یہ ہے کہ حکومت پھر کسی لاک ڈاؤن یا کرفیو وغیرہ کا اعلان کرے گی تو میری دانست میں ایسا ہونا قرینِ قیاس نہیں۔

اب یوں لگتا ہے کہ حکومت کیس بڑھنے کا اعتراف بھی کرتی رہے گی، صورتحال مزید خراب ہو جانے سے خبردار بھی کرے گی لیکن ساتھ ہی پابندیوں کو نرم بھی کرتی رہے گی۔ اس وقت حکومت کے پاس بظاہر اس کے علاوہ کوئی آپشن نہیں کہ وہ معمول کی زندگی کی طرف سفر جاری رکھے۔

ہمارے سمجھنے کا کام یہ ہے کہ حکومت نے جو کرنا تھا کر دیا۔ جو پیسے دے سکتے تھے دے چکے۔ اب انہوں نے لاک ڈاؤن کا رہا سہا تکلف ختم کرنا ہے لیکن بیماری بھی موجود ہے اور اس سے منسلک خطرات بھی۔ اب جو کرنا ہے عوام کو کرنا ہے کہ وبا کے پھیلاؤ کو کم سے کم کیا جا سکے۔ اس سلسلہ میں ذمہ داری اب ہم پر ہے کیونکہ صحت بھی ہماری ہی داؤ پر ہے۔

اس تناظر میں چند حفاظتی تدابیر اب اور بھی اہمیت اختیار کر گئی ہیں۔ ان میں کچھ نیا نہیں، ہم ان سب سے پہلے بھی واقف ہیں۔ نیا صرف یہ ہو گا کہ اب ہم ان پر سچ میں عمل بھی شروع کر دیں۔

مثلاً :

1۔ گھر سے باہر نکلنے سے لے کر گھر واپسی تک چہرہ کو ماسک سے ڈھانپ کر رکھیں۔ ریسرچ بتاتی ہے کہ اگر کورونا کا مشتبہ مریض یا کیریئر اور کورونا سے تاحال محفوظ اشخاص اگر ماسک پہنے ہوں گے تو کورونا وائرس کے منتقلی کے امکانات کافی کم ہو جاتے ہیں۔ اس لیے ہر شخص کو ماسک کی

پابندی کرنا لازم ہے۔ وبا کے اوائل میں جیسے راشن تقسیم کی گیا ہے اب ماسک تقسیم کرنے اور اس کی پابندی کا وقت ہے۔

2۔ دوسری اہم ترین چیز یہ ہے کہ بھیڑ جیسی کسی بھی صورتحال سے گریز کریں۔ بھیڑ کا مطلب لازماً کوئی جم غفیر نہیں ہے۔ اس سے مراد کوئی بھی ایسی جگہ یا صورتحال ہے جہاں کم جگہ میں زیادہ لوگ نسبتاً طویل دورانیہ کے لیے اکٹھے ہو سکتے ہوں۔ جیسا کہ بینک، مارکیٹ، مسجد وغیرہ۔ ذرا سے حوصلے اور ڈسپلن سے اس بات کو یقینی بنایا جا سکتا ہے کہ وہاں موجودگی کے دوران آپس میں مناسب فاصلہ رکھا جائے اور وہاں داخل ہوتے یا وہاں سے نکلتے وقت کھوے سے کھوا چھلنے کا ماحول نہ بنے۔ یہ بات کوئی ہمیں سمجھانے نہیں آئے گا۔ یہ ہمیں خود کو آپ ہی سمجھانا ہے اور اس پر عمل کرنے پر آمادہ بھی کرنا ہے۔ بھیڑ بھاڑ کورونا یا کسی بھی infectious disease کے لیے لاٹری نکلنے کے مترادف ہے۔ اپنی جان کی قیمت پر کورونا کی عیش مت کروائیں۔

3۔ دن میں متعدد مرتبہ ہاتھ دھونا معمول بنائیں۔ عام صابن سے دھونا کافی رہے گا۔ وہ بھی میسر نہیں تو صاف پانی سے انہیں اچھی طرح دھولیں، لیکن دھوئیں ضرور۔ اس میں سستی نہ کریں۔

آخری بات یہ کہ اللہ تعالی سے دعا گو رہیں کہ اگر پھر بھی انفیکشن ہو کر ہی رہنا ہے تو آپ کو، آپ کے پیاروں کو، اور سب ہی کو بغیر علامت والا انفیکشن ہو۔ کسی مصیبت میں پڑے بغیر ہی امیونٹی مل جائے۔ آپس کی بات ہے، حکومت بھی شاید یہی سوچ کر بیٹھی ہے۔

8۔ کورونا کہانی 35:

ہم ان واقعات کو منوانے پر زور نہیں دیتے مگر ایسا کیوں کہ ہسپتال دیگر امراض والوں کا علاج نہیں کرتے اور جنہیں کورونا نہیں انہیں بھی کورونا میں شامل کر دیتے ہیں؟

9۔ پاک چین ڈاکٹرز کے مشترکہ اعلامیے کیمطابق کورونا کے مریض میں صحتیابی کے بعد ساری زندگی نہیں صرف 18 دن قوت مدافعت برقرار رہتی ہے۔ دوم مریض کو فوراً وینٹیلیٹر پر نہ ڈالا جائے۔FDRC

10۔ کورونا کہانی36:

اپنا پلازما ڈونیٹ کیجیئے، لوگوں کو زندگیاں بانٹیے۔

بشکریہ ثمینہ رشید

تازہ ہدایات

یونیورسٹی آف میری لینڈ سے ہیڈ آف انفیکشیس ڈیزیز کلینک لکھتے ہیں:

1۔ ہمیں ممکنہ طور پر کورونا کے ساتھ مہینوں یا سالوں تک رہنا ہی ہو گا۔ اس لیے آئیں اور اسکو قبول کریں، لیکن گھبرانے کی بات بھی نہیں ہے۔ صرف اس حقیقت کو مان کر زندگی گذارنا سیکھنا ہے۔

2۔ جب کورونا وائرس آپ کے خلیوں میں داخل ہو جاتا ہے تو بالٹیاں بھر بھر کر گرم پانی پینے سے بھی کچھ نہیں ہو گا۔۔ سوائے اس کے کہ آپ بار بار پیشاب کرنے کو دوڑیں۔

3۔ ہاتھ دھونا اور دو میٹر کا فاصلہ رکھنا ہی بہترین بچاؤ کا طریقہ ہے۔

4 ۔ اگر آپ کے گھر میں کورونا کا مریض نہیں ہے تو گھر کے فرش کو ڈس انفیکٹنٹ سے دھونے کی ضرورت بھی نہیں ہے۔

5۔ ڈیلیوری کے باکس، پیٹرول پمپس، شاپنگ کی ٹرالیاں، اور اے ٹی ایم سے انفیکشن نہیں ہوتی۔ اپنے ہاتھ دھوئیں اور اپنی زندگی نارمل انداز میں گذاریں۔

6۔ کورونا خوراک سے پھیلنے والی بیماری بھی نہیں ہے۔ یہ فلو کے قطروں سے پھیلنے جیسی بیماری ہے۔ ابھی تک ہوم ڈیلیوری کھانا آرڈر کرنے سے کورونا پھیلنے کا کوئی خطرہ ثابت نہیں ہوا۔

7۔ آپ کی سونگھنے کی حس کسی بھی الرجی یا وائرل انفیکشن سے متاثر ہو سکتی ہے، یہ صرف کورونا کی علامت نہیں ہے۔

8۔ جب آپ گھر پہنچیں تو آپ کو فوری طور پر کپڑے بدلنے یا شاور لینے کی بھی ضرورت نہیں۔ صفائی ایک بہترین چیز ہے، مگر بدحواسی نہیں۔

9۔ کورونا وائرس ہوا میں معلق نہیں رہ سکتا۔ یہ سانس سے نکلنے والی رطوبت سے لگنے والی بیماری ہے، جس کے لیے مریض کے قریب ہونا ضروری ہے۔

10۔ ہوا بالکل صاف ہے۔ آپ باغ یا پارک میں سیر کر سکتے ہیں۔ بس دوسروں سے فاصلہ رکھنے کی احتیاط جاری رکھیں۔

11۔ عام صابن کا استعمال کافی ہے۔ اس کے لیے اینٹی بیکٹریل صابن کی ضرورت نہیں۔ کورونا وائرس ہے، بیکٹریا نہیں ہے۔

12۔ اپنے ہوم ڈیلیوری کھانے کے متعلق پریشان نہ ہوں۔ زیادہ مسئلہ ہو تو مائکرو ویو میں گرم کر لیں۔

13۔ اپنے جوتوں کے ساتھ کورونا وائرس کا گھر میں آنے کا چانس اتنا ہی ہے جتنا آسمانی بجلی کے آپ پر گرنے کا، وہ بھی ایک ہی دن میں دو بار۔

میں بیس سال سے وائرس کی بیماریوں پر کام کر رہا ہوں، یہ وائرس اس طرح نہیں پھیلتے۔

14۔ آپ سرکے، گنے کے جوس، یا ادرک کے پانی کے استعمال سے وائرس سے نہیں بچ سکتے۔ یہ مشروبات صرف آپ کی امیونٹی بڑھاتے ہیں، اور بس۔

15۔ مسلسل ماسک کا استعمال آپ کے سانس لینے کے نظام اور جسم میں آکسیجن کی مقدار پر اثر ڈالتا ہے۔ ماسک صرف اس وقت استعمال کریں جب آپ بھیڑ میں ہوں۔

16۔ دستانوں کا استعمال اچھا آئیڈیا نہیں ہے۔ الٹا وائرس دستانوں کی سطح پر جمع ہو جاتے ہیں، اور اگر غلطی سے ہاتھ منہ کو لگ جائے تو بیماری پھیلنے کا زیادہ امکان ہو جاتا ہے۔ بہتر ہے کہ صرف ہاتھ دھونے والی احتیاط ہی کو اپنایا جائے۔

17۔ آپکے جسم کا مدافعتی نظام یعنی امیونٹی کمزور ہو جاتی ہے اگر آپ مسلسل ایسے ماحول میں رہیں جہاں آپ کے جسم کو کسی قسم کے وائرس کا خطرہ نہ ہو۔ (امیونٹی تب ہی بڑھتی ہے جب انسانی جسم ہو اسے مختلف جراثیم لیتا رہتا ہے اور اسکا مدافعتی نظام ان جراثیم کو مارتا رہتا ہے)۔ حتی کے امیونٹی بڑھانے والی دوائیں بھی بے فائدہ رہتی ہیں۔

بہتر ہے کہ آپ باقاعدگی سے باہر جائیں، پارک وغیرہ۔ امیونٹی جراثیم سے لڑنے سے بڑھتی ہے، نہ کہ گھر میں بیٹھے رہنے اور جنک فوڈ کے استعمال سے۔

کورونا وائرس میں کتنا سچ ہے؟

تحریر - :

"کورونا کے بعد اقوام متحدہ کا جائزہ اور متوقع اعلان

کورونا وائرس ایجنڈا کیا ہے؟

اطلاعات آرہی ہیں کہ کورونا وائرس کی وبا ختم ہونے کے بعد اقوام متحدہ مختلف ممالک سے کورونا وائرس کے پھیلنے کی وجوہات اور آئندہ دوبارہ نہ پھیلنے کے لئے سفارشات طلب کرئے گا تا کہ کچھ ایسے اقدامات اور قانون سازی کی جاسکے جس سے یہ وائرس دوبارہ نہ پھیل سے سکے۔

بڑے ممالک جو وجوہات بیان کریں گے۔

1۔ کورونا وائرس کرنسی نوٹوں سے پھیلتا ہے۔

2۔ کورونا وائرس لوگوں کے ایک جگہ جمع ہونے اور میل جول سے پھیلتا اور بڑھتا ہے۔

3۔ لوگوں کے ایک جگہ سے دوسری جگہ ٹریول یعنی سفر کرنے سے پھیلتا ہے۔

کورونا وائرس کو روکنے کے لئے سفارشات

1۔ کرنسی نوٹ کو ڈیجیٹل کرنسی میں تبدیل کرنا

2۔ لوگوں کے میل جول اور ایک جگہ جمع ہونے پر پابندیاں لگانا۔

3۔ لوگوں کی نقل حرکت پر نظر رکھنے کے لئے انسانی جسم میں چپ لگانا۔

اور یہی نیو ورلڈ آڈر کا اہم حصہ ہے۔

کرنسی ڈیجیٹل کرنے سے سارے دنیا کی عوام کی دولت بینکوں کے ذریعے یہود کے پاس جمع ہو جائے گی جس کا ہیڈ کوارٹر اسرائیل میں ہو گا۔ عوام کے پاس صرف کریڈٹ کارڈ ڈیبٹ کارڈ یا موبائل ایپ ہو گی۔ جس میں وہ دوسرے لوگوں سے رقم وصول کریں گیں۔

یعنی اصل دولت یہودیوں کے پاس ہو گی عوام کے پاس بس ڈیبٹ ہوں گے۔ عوام کی خرید و فروخت پر نظر رکھنا ممکن ہو جائے گا۔ جہاد فنڈ بند ہو جائے گا۔ مساجد و مدارس کو فنڈ دینے والوں پر خصوصی نظر رکھی جائے گی۔

اور مستقبل میں یہودی جب چاہئیں گے انٹرنیٹ بند کر کے لوگوں کو ان کی اس جمع پونجی سے بھی محروم کر دیں گے۔

یعنی ایک بڑا اور جدید قسم کا ٹیکنیکل ڈاکہ ہو گا جو تاریخ میں پہلے کبھی نہ کسی نے ڈالا ہو گا اور نہ کسی نے دیکھا ہو گا۔ لوگ اپنی اربوں کھربوں کی دولت سے آناً فاناً محروم کر دیے جائیں گے۔ کرنسی ڈیجیٹل کرنے سے حکومتی ٹیکس خود بخود کٹ جائیں گے اور پھر حکومتیں آئے دن ٹیکسز بڑھاتی جائیں گیں۔

لوگوں کے میل جول اور ایک جگہ جمع ہونے سے روکنے کے لئے کاروبار۔ تعلیم اور میڈیکل کے شعبے آئن لائن کر دیے جائیں گے۔ مارکیٹیں شاپنگ ہال سینماء ہال نائیٹ کلب سکول کالج یونیورسٹیاں مساجد مدارس گرجے مندر سب پر پابندی کی سفارش کی جائے گی۔

جب ہر چیز گھر بیٹھے آن لائن مل جائے گی تو باہر جانے کی ضرورت بھی کم ہی رہ جائے گی۔

میڈیکل۔ ایجوکیشن اور بزنس آن لائن کرنے سے مذکورہ تینوں شعبے سمٹ کر چند افراد یا ملٹی نیشنل کمپنیوں تک محدود ہو جائیں گے۔ اور مقامی کروڑوں افراد بیروزگار ہو جائیں گیے۔ یا کر دیے جائیں گے۔ اور یہ سب کچھ ایک منصوبے کا حصہ ہے۔

3 انسانی جسم میں چپ لگانے سے ہر انسان کمپیوٹر کے ساتھ آن لائن منسلک ہو جائے گا۔ اور کسی انسان کو تلاش کرنا ناممکن نہیں رہے گا۔

جس طرح آپ اوبر یا کریم کی ٹیکسی کو آپ اپنی موبائل ایپ پر دیکھ سکتے ہیں بلکل اسی طرح ہر انسان کا شناختی نمبر ایپ پر درج کر کے اس کی لوکیشن معلوم کر لی جائے گی۔

اسلامی ذہن رکھنے والوں پر خصوصی نظر رکھی جائے گی اور جہاد پر جانے والوں کو گرفتار کیا جا سکے گا۔

جو ممالک نیو ورلڈ آرڈر کو تسلیم نہیں کریں گے ان پر جنگیں مسلط کر دی جائیں گئیں۔

اور جن ممالک کی حکومتیں نیو ورلڈ آرڈر کو بخوشی قبول کر لیں گئیں۔ لیکن عوام قبول نہیں کریں گیں تو ان ممالک کی عوام کو انہیں ممالک کی حکومتوں کے ذریعے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنا ہوں گئیں۔

ان حکومتوں کی پولیس کو کسی بھی شخص کو کورونا کے الزام میں گرفتار کرنا آسان ہو جائے گا۔ اگر پورا محلہ یا کوئی خاندان قبیلہ مزاحمت کرئے گا تو سارے قبیلے کو بھی گرفتار کر کے قرنطینہ کر دیا جائے گا۔ جس کی عملی مشقیں ہو چکی ہیں۔ جبکہ دوسرے لوگ یا عوام بلکل بھی مزاحمت نہیں کریں گے۔

کورونا وائرس کے پیچھے ایجنڈا بہت بڑا اور خطرناک ہے۔ اس ایجنڈے کی تھوڑی بہت تفصیل سامنے آئی ہے۔ جو خفیہ ہے وہ کہیں زیادہ ہے۔ اور یہ ایک ملٹی پرپس ایجنڈا ہے"

کورونا کا علاج

میڈیسن چارٹ:۔

Tab Azomax 500 mg

1 daily

Tab Fexet 120 mg

1 daily

Syp Hydrillin DM

1 table spoon three times a day

Tab Panadol

2 tablet in case of fever

Max 4 doses per day

If no fever

No panadol

Total treatment

5 days

ضروری پیغام...

پاکستان میں کورونا ٹیسٹ کی ضرورت باقی نہیں رہی،

ٹیسٹ کے چکروں میں نہ پڑیں بلکہ خشک کھانسی، بخار، جسمانی درد، متلی، سونگنے، چکھنے کی حس کا ختم ہونا کورونا وائرس ہی کی علامات میں سے ہیں۔

جو کسی بھی وقت تنگی تنفس یا سانس کے پھول جانے میں تبدیل ہو سکتا ہے۔
جس کا بر وقت علاج نہ کرنے سے مریض کی موت ہو سکتی ہے۔
جب آپ میاں بیوی، بچوں یا ماں باپ میں سے کسی کو کورونا کی علامات ہو جائیں، مہربانی کر کے ایسی صورت میں ان کو ہسپتالوں کے چکر نہ لگوائے کیونکہ جگہ نہ ملنے کی وجہ سے آپ کو تکلیف ہو گی، جن ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کو کورونا ہو رہا ہے اُن کے لیے بھی بیڈ نہیں ہیں وینٹیلیٹر نہیں ہیں۔
اور اگر کچھ کر کرا کر داخل کرا بھی لیا تو مریض کو سرکاری ہسپتال میں قرنطینہ کرنے کے بعد ملاقات کی اجازت بھی نہیں ہو گی۔
پرائیویٹ ہسپتال میں کوئی علاج نہیں اور لاکھوں لے کر بھی مار دیں گے جنازہ بھی پڑھنے کی اجازت نہیں ملتی۔
اس کے بجائے آپ قریبی میڈیکل سٹور سے مندرجہ ذیل ادویات لیکر مریض کو بر وقت دے دیں۔

1) وینٹولین (Ventoline)
2) مکونائل (Muconyl)

یا ایکسفکٹورنٹ شربت
✓ بڑوں کو 4 چمچ روزانہ ہر 8 گھنٹے بعد دیں،
(یعنی دن میں 3 دفعہ، صبح، دوپہر اور رات کو سونے سے پہلے)
✓ درمیانے عمر کے لوگوں کو 2، 2 چمچ دن میں تین دفعہ چھوٹے بچوں کو 1، 1 چمچ دن میں تین دفعہ

یاد رہے کہ مندرجہ بالا ادویات ایسے مریضوں کی جان بچا سکتیں ہیں۔
سنہ مکی کا قہوہ ادرک، لونگ، دار چینی بنا کر پلائیں۔
اس کے علاوہ نمونیا جو بیکٹریا کی وجہ ثانوی پیچیدگی (کورونا انفکشن کے بعد بیکٹریا کو موقع ملتا ہے کہ ہمارے پھیپڑوں میں پانی یا سوزش پیدا کرے)
اس نمونیا کو ختم کرنے کے لیے:
ایریتھرو_مائسین (AZOMAX)
یا کلیھترو_مائی_سن 500 ملی گرام کی گولیاں روزانہ ایک۔
پانچ دن مکمل استعمال کریں۔
ان شاءاللہ مریض تیسرے دن تک بلکل ٹھیک ہو جائے گا۔ اور پانچ دن کا کورس مکمل کریں۔
✓ بچوں کے لیے اس کا شربت ملتا ہے جس میں گرم پانی ملا کر ایک چمچ بڑے بچے کو صبح شام دے جبکہ آدھا چمچ چھوٹے دودھ پیتے بچوں کو استعمال کرائے۔
اس کے علاوہ ایسے مریضوں کا کم از کم 14 دن تک گھروں میں رہنا ضروری ہے، ان کو باہر جانے نہیں دینا ہے۔ ان کو وضو کرنے کو تلقین کریں۔
اور عبادت مکمل ادا کریں۔
باقی جو بندے صحت مند ہیں وہ اپنا روزمرہ کے کام کاج کریں۔ پریشان نہ ہوں جو آپ کر سکتے ہو کر کے دیکھائیں۔
فضول کی سوچ کچھ نہیں کر سکتی الٹا نقصان دیتی ہے۔
اپنا اور اپنے پیاروں کا خیال رکھیں بازاروں سے واپسی پر اپنے ماں باپ یا بچوں سے منہ ہاتھ ملانے سے پہلے ہاتھوں کو صابن سے صاف کریں۔ ان کو لیموں کا ایک گلاس جوس بنا کر ضرور پلائیں۔

آگے ضرور شیئر کریں تا کہ کسی کی قیمتی جان بچ سکے۔

کورونا پلازما عطیہ کرنا

کورونا پلازما عطیہ کیا جانے سے متعلق عوام الناس کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات۔
یہ آگاہی تحریر وائی ڈی اے لاہور جنرل ہسپتال / پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز لاہور کے فورم سے ڈاکٹر احمد فراز تارڑ نے تیار کی ہے جو "کوویڈ۔19 کونولیسنٹ پلازما پروجیکٹ پاکستان" سے منسلک ہیں۔

سوال 1: کون پلازما عطیہ کر سکتا ہے؟

ایک ایسا شخص جو (COVID) کورونا وائرس کا شکار ہوا لیکن بعد میں صحتیاب ہو گیا ہو اور اس کا گزشتہ / آخری پی سی آر ٹیسٹ منفی ہوئے 14 دن ہو گئے ہوں اور اس کی علامات ٹھیک ہوئے ہوئے کم از کم 14 دن گزر چکے ہوں۔

سوال 2: پلازما عطیہ سے پہلے ڈونر کے کن ٹیسٹوں کا ہونا ضروری ہے؟

ج: ڈونر کو اس کی (COVID) کرونہ IgG ٹیسٹ کرانے کی ضرورت ہے اور اگر ڈونر کے خون میں مطلوبہ مقدار میں اینٹی باڈیز ہیں تو وہ عطیہ کرنے کا اہل ہے۔

ج: دوسری بیماریاں جیسے (ہیپ بی، ہیپ سی، ایچ آئی وی، وی ڈی آر ایل، ایم پی، آر ایف ٹی، ایل ایف ٹی) کی اسکریننگ بھی ضروری ہے۔ یہ تمام ٹیسٹ ایک سپیشلائزڈ سنٹر پر کیے جائیں گے جہاں یہ پلازمہ عطیہ کیا جانا ہو گا۔

سوال 3: کیا ڈونر تمام ٹیسٹوں کے لئے ادائیگی کرے گا؟

ج: نہیں! جو اسپتال اس پروجیکٹ کو چلا رہا ہے وہ ان کے یا وصول کنندہ فریق ان اخراجات کی ادائیگی کرے گا۔ اگر مریض جو کہ وصول کنندہ ہے، وہ اخراجات برداشت نہیں کر سکتا تو مریض کے تمام ٹیسٹ مفت کئے جائیں گے۔

سوال 4: پاکستان میں فی الحال کہاں کہاں پلازما عطیہ کیا جارہا ہے؟
ج: اس کو یو ایچ ایس لاہور، این آئی بی ڈی کراچی، پی ائی ایم ایس اسلام آباد، ار آئی یو راولپنڈی میں ٹرائیل کی حیثیت سے پیش کیا جارہا ہے۔
لہٰذا ڈونر کو جسمانی طور پر پلازما عطیہ کے لئے ان سنٹرز پر جانا پڑتا ہے۔ اگر کسی کیلئے ان سنٹرز پر پہنچنا مشکل ہو تو انہیں وہاں آنے جانے کی تمام سہولیات مہیا کی جائیں گی۔
سوال 5: ڈونر کا کتنا خون لیا جائے گا اور کیا یہ عمل ڈونر کیلئے محفوظ ہے؟
ج: معمول کے مطابق خون کے عطیہ کی طرح، 350-500 ملی لیٹر خون نکالا جائے گا۔ اب تک کسی بھی ڈونر میں عطیہ کرتے وقت یا اس کے بعد کوئی پیچیدگی سامنے نہیں آئی۔
سوال 6: پلازما منتقلی کے لئے مریض کی شمولیت کا پیمانہ کیا ہے؟
الف:
1۔ تصدیق شدہ کوویڈ 19 مریض، جن کی تصدیق آر ٹی پی سی آر لیبارٹری ٹیسٹوں سے ہوئی ہے۔
2۔ کوویڈ ۱۹ کی اعتدال سے شدید یا شدید علامات۔
3۔ معالج کی طرف سے مریض کے حالت کو مد نظر رکھتے ہوئے پلازمہ کی درخواست۔
عموماً درمیانے یا شدید کوویڈ 19 کا، مندرجہ ذیل خصوصیات میں سے کسی کی موجودگی سے تعین کیا جاتا ہے:
1 - سانس کا اکھڑنا (SOB)
ii۔ سانس لینے کی رفتار ایک منٹ میں 30 مرتبہ سے زیادہ۔
iii۔ خون کی آکسیجن ≤ 93 فیصد سے کم۔
iv۔ پھیپھڑوں کا 24 سے 48 گھنٹے میں 50 فیصد سے زیادہ متاثر ہونا۔

سوال 7 COVID : پلازما منتقلی کے لئے نااہل ہونے والے معیار کیا ہیں؟

الف:

1۔ سانس لینے میں ناکامی (Respiratory Failure)

2۔ بلڈ پریشر کا 90/60 سے کم ہونا

3۔ ایک سے زیادہ اعضاء کی خرابی (Multi Organ Failure)

سوال 8: وصول کنندہ کی کونسے لیبارٹری ٹیسٹوں کی ضرورت ہے؟

پلازما منتقلی کی درخواست کے وقت ضروری ٹیسٹ:

1۔ بلڈ گروپ

2۔ پروٹرمبن ٹائم (پی ٹی) انٹرنیشنل نارملائزڈ تناسب (INR)

3۔ اے پی ٹی ٹی

4۔ D-dimer

5۔ فریٹین (S. ferritin)

6۔ سی ری ایکٹو پروٹین (CRP)

7۔ خون کی مکمل گنتی (CBC)

8۔ گردوں کے ٹیسٹ، رینل پروفائل (RFT)

9۔ دل (کارڈیک) کی حیثیت

10۔ مریضوں کی موجودہ حالت

اگر آپ کورونا بازیاب شخص ہیں، تو کوئی بھی مریض اور اس کے اہل خانہ کی حالت آپ سے بہتر نہیں سمجھ سکتا ہے۔ پلازما ڈونر بنیں، زندگی بچائیں۔ اور اس صدقہ جاریہ میں ہمارا ساتھ دیں۔

براہ کرم (COVID) کورونا بازیاب مریضوں کی حوصلہ افزائی کے لئے معلومات پھیلائیں۔

مزید معلومات کے لئے۔

ڈاکٹر ارسلان بٹ03368076226

فوکل پرسن

ڈاکٹر نادر سرانی03457175635

ڈاکٹر عثمان ڈوگر03338499357

ڈاکٹر احمد فراض تارڈ03452110789

کورونا ذاتی تجربات کی روشنی میں

کورونا کی بیماری سے متعلق ذاتی تجربات کی روشنی میں ایک زبردست تحریر۔

ڈاکٹر بتول حسینی_نیویارک

السلام علیکم بہن بھائیو

کورونا وائرس ایک خوفناک بیماری کی طرح پھیل رہا ہے اس کے ساتھ ساتھ بہت ساری گڈمڈ باتیں بھی پھیل رہی ہیں اور لوگوں کو سمجھ نہیں آرہا ہے کیا کیا جائے۔

میرا یہ فرض ہے کہ ایک ڈاکٹر کی حیثیت سے اپنے ذاتی تجربات کی روشنی میں آپ لوگوں کو صحیح معلومات بہم پہنچاؤں اور آپ لوگوں کو بیماری اور پریشانی سے بچاؤں۔

اس بیماری کی تین کیفیات ہیں۔ ہلکی، درمیانی اور شدید

ہلکی کیفیت :

کوئی بخار نہیں یا ہلکا بخار 99.5 تک، فلُو اور ہلکی کھانسی۔ یہ کیفیت ایک سے سات دن میں ختم ہو جاتی ہے مگر کمزوری ضرور ہو گی اور سونگھنے کی حس بھی ختم ہو جائے گی۔

درمیانی کیفیت:

اس میں زیادہ تیز بخار 100 تا 100.5، کھانسی بھی زیادہ اور کمزوری بہت زیادہ ہو جائے گی۔ بھوک کے ختم ہونے کیساتھ ساتھ سونگھنے کی حس بھی ختم ہو جاتی ہے۔ چار پانچ بڑے بڑے موشن آتے ہیں۔

یہ کیفیت بھی اک سے سات یا زیادہ سے زیادہ دس دنوں میں ٹھیک ہو جائے گی۔ تھوڑی سی سانس کی تکلیف بھی ہو سکتی ہے مگر ایسی نہیں جیسے دمہ والے کو ہو۔

شدید کیفیت:

اس میں بہت تیز بخار 101 تا 104 تک۔
شدید کھانسی۔
دمہ کی طرح سانس کا پھولنا۔
شدید کمزوری۔
کھانے کیطرف دیکھنا بھی نہ چاہے یعنی بھوک تقریباً ختم۔
جو لوگ پہلی اور دوسری حالت میں مبتلا ہوں گے ان کی صحتمند ہونے کے 80-90 فیصد امکانات ہونگے اور یہ اللہ کا کرم ہے امریکہ میں بھی 85 فیصد لوگ بچ گئے ہیں۔
تیسری حالت سب سے خطرناک ہے اور ویسے تو اللہ ہی بچاتا ہے اور مارتا ہے اس حالت میں صرف 50 فیصد امید باقی رہ جاتی ہے۔ یہ بھی اس رب کا کرم ہے کہ یہ کیفیت صرف 10-15 فیصد لوگوں کو ہوتی ہے یہ پورے 14 دن تک رہے گی۔ اس میں آخری دن فیصلہ کن ہوتے ہیں یا تو مرض صحیح ہو جاتا ہے یا بہت ہی زیادہ خراب۔
آخری بات مختلف ٹیسٹ اور کنفیوژن:
میرا مشورہ ہے کوئی کسی قسم کا ٹیسٹ نہ کراؤ نہ ناک کا نہ بلڈ کا، اگر کوئی مفت بھی کر رہا ہے تو بھی نہ کراؤ۔
وہاں لوگ نہ اس کی استطاعت رکھتے ہیں نہ اس کا فائدہ ہے پھر جھوٹ دھوکا بھی بہت ہے۔ ہر ٹیسٹ مختلف، ان کا وقت بھی مختلف ہے بیماری کی سٹیج کے لحاظ سے اور نتیجہ بھی۔ اس بات کا کوئی فائدہ نہیں کہ اگر ایک ٹیسٹ مثبت آیا ہے تو دوسرا منفی، اس سے صرف پریشانی اور پیسے کا زیاں ہوتا ہے کیونکہ ڈاکٹر بھی اس بات کو استعمال کر کے پیسے بنا رہے ہیں۔

اگر کورونا کا پتہ چل بھی گیا تو کیا ہو گا یہ اللہ کے حکم سے ہی خود صحیح ہو گا کسی دوا سے نہیں اس لئے میں نے ساری تفصیلات لکھ دی ہیں۔

اب آتے ہیں علاج کی طرف۔

علاج :

کسی بھی صورت میں ہر چھ گھنٹے کے بعد paracetamol یا panadol کی اک یا ڈیڑھ گولی کھاؤ بالکل مِس نہ کرو ورنہ بخار کمزور کرے گا۔

Azithromycin 250 mg ایزی تھرومائیسین

وہاں آرام سے ملتی ہے پہلے دن دو گولی اور پھر روز اک گولی، کھانسی کی کوئی بھی دوا، ڈائریا کے لئے کوئی دوا نہ لو خود ہی ٹھیک ہو جائے گا۔

پہلی اور دوسری حالت میں یہ ہی کریں تیسری حالت میں کسی اچھے ہسپتال سے رجوع کریں۔

کسی بھی صورت میں بوکھلانے کی ضرورت نہیں یہ ایک خود صحیح ہونے والا مرض ہے 80-85 فیصد تک۔

اس کا راستہ ہر انسان کے کے لئیے کیا ہو گا یہ اللہ پر چھوڑ دو۔

ہر شخص صحتمند یا بیمار روز اک جنرل وٹامن، وٹامن ڈی، اور وٹامن سی کھانا شروع کر دے بعد میں بھی کھائیں ۔

جو بیمار ہو جائیں وہ اپنے آپ کو جتنا ممکن ہو سکے گھر والوں سے دور رکھیں۔ ہر وقت ماسک پہنے رکھیں۔ برتن الگ کر لیں اور ماسک سب لوگ گھر میں بھی پہنیں۔

یہ مرض علامت شروع ہونے سے پہلے 14 دن جسم کے اندر ہوتا ہے اس لئے اللہ کے حکم سے جس کو لگنا ہے، لگ جاتا ہے جب تک پتہ نہ رھا، اللہ مالک مگر جب پتہ چل گیا تو احتیاط بہت ہی

ضروری ہے۔ یہ بیماری چودہ دن بعد ختم ہو جاتی مگر اس کے وائرس کے ٹکڑے 4-6 ہفتے تک اندر رہتے ہیں پھر وہ بھی ختم ہو جاتے ہیں۔

سماجی فاصلے کی بجائے جسمانی فاصلے

ڈاکٹر سلطان محمود

دوماہ پہلے میں نے بھی ایک تحریر میں لکھا تھا مگر کسی نے مانا ہی نہیں۔

خالد نصر

Social Distance is the right term. In all the civilized societies adopt this social distance in routine. That is why it is called Social Distance.

Dr Sultan Mahmood

No Sir. In fact, we are impressed with the western societies and don't even bother to use our own common sense. For instance, showing love to the wife by obeying her from an appropriate physical distance is called social distance and to have a sex with her is physical contact. In this example and under present circumstances, sex or physical contact is asked to avoid but we can show a respectful gesture to her from a physical distancing even. I believe that the term social distancing is a little negative message.

We were using this term in terms of a temporary and soft boycott when worked in rural development projects in Pakistan and abroad. Thanks to reading all my message which I posted even 2 months before but nobody bothered.

American public understands that Corona is hype and it's a biological weapon to change the world according to new world order. It's not real. For instance, whole world still believes that 9/11 was a drama to fetch maximum American beneficial targets out of that but America still denies. Similarly, the world will not convince each other for the next 100 years that corona was a concocted story.

سماجی فاصلہ درست اصطلاح ہے۔ تمام مہذب معاشروں میں اس سماجی فاصلے کو معمول کے مطابق اپنایا جاتا ہے۔ اسی لیے اسے سماجی فاصلہ کہا جاتا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

نہیں جناب۔ درحقیقت ہم مغربی معاشروں سے متاثر ہیں اور اپنی عقل استعمال کرنے کی زحمت بھی نہیں کرتے۔ مثال کے طور پر، مناسب جسمانی فاصلے سے بیوی کی اطاعت کر کے اس سے محبت کا اظہار کرنا سماجی فاصلہ کہلاتا ہے اور اس کے ساتھ جنسی تعلق قائم کرنا جسمانی رابطہ ہے۔ اس مثال میں اور موجودہ حالات میں، جنسی تعلقات یا جسمانی رابطے سے گریز کرنے کو کہا گیا ہے لیکن ہم جسمانی دوری سے بھی اس کے ساتھ احترام کا اظہار کر سکتے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ سماجی دوری کی

اصطلاح تھوڑا سا منفی پیغام ہے۔ جب ہم پاکستان اور بیرون ملک دیہی ترقیاتی منصوبوں میں کام کرتے تھے تو ہم اس اصطلاح کو عارضی اور نرم بائیکاٹ کے طور پر استعمال کر رہے تھے۔ میرے تمام پیغامات کو پڑھنے کا شکریہ جو میں نے 2 مہینے پہلے بھی پوسٹ کیا تھا لیکن کسی نے پرواہ نہیں کی۔

امریکی عوام سمجھتے ہیں کہ کورونا ایک ہائپ ہے اور یہ دنیا کو نئے عالمی نظام کے مطابق بدلنے کا حیاتیاتی ہتھیار ہے۔ یہ حقیقی نہیں ہے۔ مثال کے طور پر، پوری دنیا اب بھی مانتی ہے کہ نائن الیون ایک ڈرامہ تھا جس سے زیادہ سے زیادہ امریکی فائدہ مند اہداف حاصل کیے جائیں لیکن امریکہ اب بھی انکار کرتا ہے۔ اسی طرح دنیا اگلے 100 سال تک ایک دوسرے کو قائل نہیں کرے گی کہ کورونا ایک من گھڑت کہانی تھی۔

دہلی میں واقع ایک رکن اسمبلی کے گھر کام کرتے مزدور کو چھینک آ گئی۔ مالکن نے کورونا وائرس کا خدشہ ظاہر کیا تو مزدور نے فوراً کہا 'میں تو ہندو ہوں' اخباری رپورٹ

امریکی اداروں نے خود 9/11 ڈرامہ رچایا اور تمام دنیا کے یقین کے باوجود آج تک نہیں مانے۔

اب اگلے سو سال تک کورونا منوا کے دکھا دینا۔

اگر ہم گوروں کے بہکاوے میں آ کر عالمگیریت کی اخیر تک نہ پہنچے ہوتے تو کورونا ڈرامہ چند دن بھی نہ چلتا۔

مومنہ ہاشم

کیسے کہہ سکتے یہ بیماری ڈرامہ ہے

از ڈاکٹر سلطان محمود

یہ عالمی طاقتوں کی باہمی مفاد میں پھیلائی گئی ایک حقیقت بیماری ہے جس کا آخری فائدہ امریکہ اٹھائے گا اور پھر جو ابا" چین بھی اس کا بینڈ بجا سکتا ہے مگر تب تک "خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک"

مومنہ ہاشم

بیماری تو حقیقت میں ہے نا؟

از ڈاکٹر سلطان محمود

ہاہاہا۔ فلو سے زیادہ نہیں۔ یہاں تک حقیقت باقی افسانہ۔

مومنہ ہاشم

اور جو اموات ہوئی یا ہو رہی ہیں؟

از ڈاکٹر سلطان محمود

دس فیصد درست باقی ڈرامہ بازی۔

برائے ریاض اپل

اللہ آپ کا بھلا کرے۔ اس سازش کا پردہ چاک کرنے کا۔ مگر سچ جان کر بھی ہم کچھ نہیں کر سکتے اس عجیب طرح کی تیسری عالمی جنگ میں۔

خبر۔ جو لوگ کورونا کو اللہ کا عذاب سمجھ رہے تھے انکے لئے مایوس کن خبر تیسری عالمی جنگ کا کٹا کٹی باہر آ گئی۔ امریکہ چین کا 20 ٹریلین ڈالر قرضہ واپس کرنے سے انکاری۔

تیسری عالمی ففتھ جنریشن جنگ لگے چار ماہ ہو گئے۔ عجب ہے ایک گولی نہیں چلی، دو لاکھ بندہ مر گیا، دنیا بند ہو کے رہ گئی، کھربوں ڈالر کا نقصان ہو گیا اور مزے میں امریکن ملٹی نیشنل کمپنیز۔

میاں وقار

125 فارچون کمپنیاں پہلے ہی چین خرید چکا ہے، اور 100 کو چلنے کے قابل نہیں چھوڑا۔۔۔ اور جو کچرہ بچ گیا ہے وہ امریکہ میں مہنگائی کے بعد اٹھنے کے قابل نہیں رہے گا۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

دنیا بھر میں پانچ ہزار سے زائد امریکی و یہودی کمپنیاں راج کر رہی ہیں۔ سو دو سو کی اوقات ہی کیا؟ چین بلاشبہ کافی محنت کر رہا ہے لیکن اسے ففتھ جنریشن وار کے لئے 5 جی ٹیکنالوجی کی لمبی جنگ لڑنا پڑے گی۔ امریکہ اب بہت کھل کر سامنے آ گیا ہے۔ جھوٹ موٹ اپنے ہزاروں لوگ مرنے کا ڈرامہ بھی کر رہا ہے اور لاک ڈاون سے معاشی تباہی جو بتا رہا ہے وہ سب کچھ کا ہرجانہ اس رقم سے بہت زیادہ بنائے گا جو اس نے چین کی ادھار لی ہوئی ہے۔ پھر اس وقت تمام کے تمام عالمی ادارے عالمی عدالت انصاف سمیت امریکہ کی جیب میں ہیں۔ جہاں ہرجانہ کیس داخل ہوتے ہی چین کے خلاف فیصلہ آ جانا ہے۔ مجھے یقین ہے کی ہم اب بچپنے کی جذباتی حدود سے باہر آ چکے ہیں اور امریکہ چین معاملات پر کیسے پسند ناپسند کی بنیاد پر تبصرے کھڑکا سکتے ہیں؟ جبکہ چین کے تمام معاملات، واقعات، پالیسی، تجارت، سیاست تو 90 فیصد آہنی پردے کے پیچھے ہیں جہاں سے میں آپ کچھ معلومات نہیں لے سکتے۔ اس لئے منطق سے ثابت کریں، جذبات سے نہیں کہ بالآخر چین کیسے فاتح قرار پائے گا؟

از محمود علی اختر

ڈاکٹر صاحب پلیز بتایئے گا کہ پھر یہ جو گورنمنٹ اور کچھ کلینیکل لیبارٹریز ٹیسٹ کر رہی ہیں اور ڈاکٹرز اس بیس پر علاج معالجہ کر رہے ہیں چاہے سیمپٹمیٹک ٹریٹمنٹ ہی کر رہے ہیں وہ کیا ہے؟

اور یہ جو

کورونا لیب ٹیسٹ

پی سی آر
ٹیسٹ کٹس

یہ کیا ڈرامہ ہے؟
ڈاکٹر زیا میڈیکل سائنٹیسٹ وہ بھی بس بھیڑ چال یا ڈبلیو ایچ او کے پیچھے لگے ہوئے ہیں؟
از ڈاکٹر سلطان محمود

برادر ڈھیر سارے سوال ایک دم بہر حال آپکی محبت کا شکریہ مختصر جواب یہ ہے کہ کہ IMFاور بل گیٹس نے خزانوں کے منہ کھول دیئے ہیں۔ فی کورونا مریض 39 ہزار ڈالر ہسپتال لیب کو۔ اب کھانسی چاہے مونگ پھلی کھانے سے لگے ڈاکٹر کورونا بتائے گا اور اپنے ہسپتال لیب سمیت ڈالروں میں نہائے گا۔ ڈاکٹر حکومت کے ساتھ، حکومت IMF اور WHO کے ساتھ، IMFامریکہ کے ساتھ، امریکہ یہودی کے ساتھ اور یہودی اپنی ماں کے ساتھ۔

واہ جی اس بیان سے میری دس سال پرانی تحریر کی بھی تصدیق ہو گئی۔ ہو سکتا ہے میرے کسی دوست کو میرے دعوے پر خارش شروع ہو جائے مگر بہتر ہو گا کہ اگر وہ میری 2016ء میں چھپنے والی طنزیہ کتاب "میٹھا سچ" میں 2011ء کے اخبار میں چھپنے والا کالم پڑھ لیں۔ میں جلد ہی ڈھونڈ کر اشتراک بھی کر دوں گا۔

DIET AND HEALTH E

1۔ 💪 غذائی شعور 1241 🚴 FDRC 🐟

صبور گل

دوسری شادی عورت کا نفسیاتی قتل ہے، اس کی ہستی کو فنا کر دینے والا عمل، جس کے اثرات بہت دور تک جاتے ہیں

ڈاکٹر

کیا واقعی؟ ہمارے ہندوانہ کلچر کی وجہ سے ایسی سوچ پروان چڑھی ہے ورنہ دوسری تیسری شادی کی مخالفت ایک خالصتاً غیر فطری سوچ ہے۔

صبور

دوسری شادی فطری کیسے؟

ڈاکٹر

جی شادی محض جنسی معاملہ نہیں بلکہ معاشرتی کے ساتھ ساتھ بھرپور نفسیاتی معاملہ بھی ہے۔

انسان کے مختلف ہارمونز اکیلے اکیلے کام نہیں کرتے لہذا جب یہ گروپ میں کام کرتے ہیں تو ایک جانب کی بندش دوسرے جسمانی فنکشنز پر اچھا یا برا اثر ڈال سکتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر خاتون سے بیضہ دانی نکال دی جائے تو ضمنی نتائج کے طور ہڈیاں بھربھری ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

ایسے ہی اگر مرد میں نس بندی کر دی جائے تو پروسٹیٹ کے مسائل جنم لے سکتے ہیں۔

بالکل ایسے ہی اگر جنسی فنکشنز روک یا دبا دیئے جائیں تو دماغ میں سکون والا کیمیکل سیروٹونن کم ہو کر مرد عورت دونوں میں خلجان، ہیجان، ڈپریشن یا اینگزائٹی کو بڑھاوا دے سکتا ہے۔

اسی لئے مرد عورت کے قدرتی امور کی بجاآوری کے لئے مرتے دم تک ساتھی کی ضرورت رہتی ہے۔

اب عورت اس حد تک جنسی معاملات کی بجاآوری نہیں کر سکتی جتنی مرد کی قدرتی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی لئے بیک وقت ایک سے زاید شادیوں کی اجازت مرد کو ہے عورت کو نہیں۔

2۔ 💪 غذائی شعور 1242 🚴 FDRC 🐟

ثوبیہ

پچھلے کچھ عرصے سے میں نے چینی اپنی خوراک سے بہت حد تک مائنس کر دی ہے۔۔ چکنائی بھی۔

واکنگ، سائیکلنگ ایکسرسائز میں کافی باقاعدگی آئی ہے۔

سیریز دوم: غذا اور صحت

جوں جوں عمر بڑھ رہی ہے یہ روٹین زیادہ ضروری ہے۔ عمران خان رمضان شریف میں افطاری سے دو تین گھنٹے پہلے شدید ایکسر سائز کرتے ہیں پھر نہا کے افطاری کرتے ہیں۔ پچھلے تین سال سے میں بھی مرشد کی نقل کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔۔

اب اس بار بھی افطاری سے دو گھنٹے پہلے خوب ایکسر سائز کرنی ہے۔۔۔اور روزہ کھولتے ہوئے زیادہ ٹھونسنا نہیں ہے۔۔ایک حد میں رہ کے کھانا ہے۔۔

ڈاکٹر

بس ڈی ہائیڈریشن کا دھیان رکھیں۔ خاص طور پر اگر BMI اٹھائیس یا تیس ہو تو۔ مادام مرشد عمران سپر فٹ بندہ ہے جو عرصہ دراز سے سخت مشق کرتا چلا آرہا ہے اور ان کا BMI بھی میرے اندازے کے مطابق 22 یا 23 ہو گا۔ اگر آپ نے تازہ تازہ مشقیں شروع کی ہیں تو رمضان میں سب سے مناسب وقت عشاء کے بعد کا ہے۔

3۔ 💪 غذائی شعور 1243 🚴 FDRC 🐟

سر درد کی دوا جو اسپرین، ڈسپرین سمیت بے شمار ناموں سے دستیاب ہے، 1899 میں آج کے دن جرمنی کی فریڈرک بائر اینڈ کمپنی نے پیٹنٹ کرائی۔ اس کا اصل نام acetylsalicylic acid ہے

سر درد سے نجات اور ہارٹ اٹیک میں ابتدائی طبی امداد کیلئے استعمال کے علاوہ اس کے کچھ حیران کن فائدے اور بھی ہیں، جو بہت کم لوگ جانتے ہیں۔

نیویارک میں کی گئی ایک تحقیق سے پتا چلا ہے کہ اسپرین کیل مہاسے اور جلد کے کھردرے پن کو دور کرتی اور جلد کی اوپری سطح پر موجود مردہ خلیات (ڈیڈ سیلز) کا خاتمہ بھی کرتی ہے۔ اسپرین کی گولیوں کا سفوف (پاؤڈر) بنا کر کھال پر لگانے سے جلد کو کئی امراض سے بچایا جاسکتا ہے۔

اپنی نمی کی خصوصیات کے باعث اسپرین کو فیس واش کے علاوہ بالوں کی خشکی ختم کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

4۔ 💪 غذائی شعور 1244 🚴 FDRC 🐟

مصنوعی دودھ والی اس رپورٹ میں کچھ غلط بیانیوں کے باوجود ہمارے لئے اک لمحہء فکریہ موجود ہے۔ اسی موضوع پر ایک ممتاز طبی جریدے قرشی انڈسٹری کے "قومی صحت" میں میرے بیس برس پرانے چار تفصیلی مضامین بھی دودھ کے متعلق چھپے مگر کوئی فرق نہیں پڑا، تیرہ برس قبل 2011ء میں "فیض گھر" لاہور میں شروع ہونے والے میرے چار برس تک تسلسل سے چلنے والے سلسلہء لیکچرز میں بھی بار بار اسی عفریت کا ذکر ہوا مگر کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ میں غالباً واحد ہیلتھ کیئر پروفیشنل ہوں گا جس کی پروفیشنل تعلیم بھی ڈیری میں ہے اور عوام کی عمومی صحت بحال رکھنے کے جذبے کے ساتھ میں لگ بھگ تیس برس قبل پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا میں آیا، عوامی آگاہی کے سینکڑوں مضامین چھپے، درجنوں ٹی وی پروگرامز میں حصہ لیا لگ

بھگ ڈیڑھ ہزار عوامی آگاہی کے لیکچرز بھی دیئے لیکن ہر جگہ چھوٹے چھوٹے مافیاز میں بیٹھے نان پروفیشنل دوکانداروں نے کسی خطرے کے باعث رکاوٹیں ڈالیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ پھر بھی میں نے آج تک ہمت نہیں ہاری اور چار درجن کتب کی تالیف بھی کی نیز یوٹیوب چینل تک چلا مارا لیکن مین سٹریم میڈیا کے ساتھ نہ دینے سے میری آواز بڑے مافیاز کے سامنے موثر ثابت نہیں ہو سکی۔ بہر حال اگر ان صاحب کا ساتھ مین سٹریم میڈیا دے رہا ہے تو بھی غنیمت ہے۔

جی درست ہے لاشیں حنوط کرنے والے اس کیمیکل کو فارملین ڈی ہائیڈریٹ کہتے ہیں۔ اس پر تفصیلی مضمون میری 2022ء میں چھپنے والی کتاب "غذائی صحت" میں موجود ہے جسے میں نے بیس برس قبل چھپنے والے دودھ بارے اپنے ہی چار مضامین کو اکٹھا کر کے پیش کیا ہے۔ یہ مضامین قرشی انڈسٹری کے طبی مجلے "قومی صحت" میں شائع ہوئے تھے۔

5۔ 💪 غذائی شعور 1245 🚴 FDRC 🐟

وزن کم کرنے کی خاطر روزانہ آٹھ گھنٹے فاقہ کرنا امراض دل سے مرنے والوں کی تعداد تقریباً دگنی کر دیتا ہے۔ شکاگو مارچ 2024ء

تازہ ترین امریکی تحقیق۔

Hafeez Butt

Can't agree, fasting is a natural phenomenon, as early men has to get food by hunting or cultivation, still in our villages, farmers leave for field early in the morning and get food around noon. They fast around 8 hours daily

It is linked with inactivity.

DSM

Sir read again, it's related to heart health only.

Hafeez

sir, I am also talking about heart health, which deteriorate due to inactivity, not by fasting. The authors have not correlated it with active or inactive people. In cities even poor people eat around 10 in the morning, and then eat after six pm, so they fast 8 hours in the day and more than 15 hours in the night. The researches should have taken that group, before finalization their research, and I wonder how the referees accepted it as research paper

DSM

I was also surprised but I rely on western research and revisit my observations and previous opinions immediately.

6۔ 💪 غذائی شعور1246 🚴 FDRC 🐟

برائے طارق سیٹھی۔شوگر اور گھٹنوں کے درد کے لئے

drsultan: [3/26, 10:57]ڈاکٹر آج کل دس سے بارہ دوائیں لکھ دیتے ہیں جن میں سے بنیادی طور پر دو گروپ ہوتے ہیں یعنی اس بیماری کو ختم کرنے والی دوائیں اور فوڈ سپلیمنٹس

drsultan: [3/26, 10:58]دونوں گروپس کی ایک ایک دوا کافی ہوتی ہے باقی ڈاکٹر اپنی کمیشن کے لئے لکھتا ہے

drsultan: [3/26, 11:02]اس نسخے میں ذیابیطیس کے لئے Q10 کو انزائم لکھا ہے جس کے دو ذرائع ہیں گوشت اور سبزی۔اس میں سبزی والا ذریعہ نہ صرف جسم فوراً قبول کر لیتا ہے بلکہ کچن میں بنانا زیادہ آسان اور سستا ہے

drsultan: [3/26, 11:05]پالک کیو10 کا بہترین ذریعہ ہے۔صاف ستھری کچی پالک کو کرش کر کے اگر آدھا کپ جوس روزانہ پی لیا جائے تو شوگر، پٹھوں میں درد اور دیگر کئی امراض کو بھگایا جا سکتا ہے۔

7۔ 💪 غذائی شعور1247 🐟 FDRC 🚴

سیریز دوم: غذا اور صحت

وائرس مرے نہ مرے خود بندے کے مرنے کے امکانات ضرور روشن ہو جاتے ہیں۔ناک کے ذریعے بھاپ لینے والا علاج سرے سے غلط ہے۔بھاپ کے درجہ حرارت کو ناک کی غدود برداشت ہی نہیں کر سکتیں۔

8۔ 💪 غذائی شعور1248 🐟 FDRC 🚴

ماہ رمضان دیگر روحانی اور جسمانی فوائد کے ساتھ یہ بھی سکھانا چاہتا ہے کہ کھانے پینے کے اوقات کا تعلق سورج کی گردش سے ہے۔یعنی بقیہ گیارہ ماہ بھی ناشتہ سورج نکلنے کے ساتھ اور سورج غروب ہونے کے بعد کچھ بھی نہیں کھانا چاہئے۔

9۔ 💪 غذائی شعور1249 🐟 FDRC 🚴

کسی نے پوچھا ہے کہ بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہے لیکن جب مشقت کرتا ہوں تو افاقہ ہوتا ہے۔مجھے بتائیں کہ میں کونسا ٹیسٹ کراؤں۔ہم نے مشورہ دیا ہے کہ فی الحال کرکٹ ٹیسٹ کرالیں اس کی مشقت سے اگر ذیابیطیس ہوئی بھی تو ٹھیک ہو جائے گی بغیر دوا کے 😜

10۔ 💪 غذائی شعور1250 🐟 FDRC 🚴

تبصرہ کریں

عربوں کو اونٹ کا گوشت کھانے کی عادت ہے اس لیے ان کی طبیعت میں نخوت، غیرت اور سختی کا عنصر بہت پایا جاتا ہے...

ترکوں کو گھوڑے کا گوشت کھانے کی عادت ہے اس لیے ان میں طاقت، جراءت اور اکڑ پن کا عنصر زیادہ پایا جاتا ہے....

انگریزوں کو خنزیر کا گوشت کھانے کی عادت ہے اس لیے ان میں فحاشی, بدکرداری وغیرہ کا عنصر زیادہ پایا جاتا ہے....

حبشی افریقی بندر کھاتے ہیں اس لیے ان میں ناچ گانے کی طرف میلان زیادہ پایا جاتا ہے....

ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں :
جس کو جس حیوان کے ساتھ انس ہوتا ہے اس کی طبیعت میں اس حیوان کی عادتیں غیر شعوری طور پر شامل ہو جاتی ہیں... اور جب وہ اس حیوان کا گوشت کھانے لگ جائے تو اس حیوان کے ساتھ مشابہت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے.

ہمارے زمانے میں فارمی مرغی کھانے کا رواج بن چکا ہے... چنانچہ ہم بھی ان فارمی مرغیوں کی طرح صبح و شام چوں چوں تو بہت کرتے ہیں لیکن ایک ایک کر کے ہمیں ذبح کر دیا جاتا ہے...
فارمی مرغی کا گوشت کھانے کی وجہ سے ہم میں سستی کاہلی کی، ایک جگہ بیٹھے رہنے کی، زندگی میں دوڑ دھوپ نہ کرنے کی، سر جھکا کر چلنے کی، مزاحمت نہ کرنے کی، زیادتی برداشت کرنے کی اور پستی اور ذلت میں رہنے کی عادتیں پیدا ہو چکی ہیں۔

DIET AND HEALTH F

1. غذائی شعور 1251 FDRC

Dear Zahra what I understood Ramadan, other than religious and economic benefits of Ramdan, it teaches us for the rest of 11 months to take only two meals per day and don't eat or drink anything after 7pm, sleep early after sunset and wakeup at dawn.

2. غذائی شعور 1252 FDRC

اگر بناسپتی تیل اور دیسی گھی خالص مل جائیں تو دو چمچ روزانہ تک استعمال کر سکتے ہیں سالن، پراٹھے و دیگر پکوائی میں بشرطیکہ لائف سٹائل چست ہو۔ بناسپتی گھی استعمال کرنا تو قطعاً درست نہیں۔

رہی بات شوگر کی تو ہر ایک کا معاملہ مختلف ذاتی نوعیت کا ہوتا ہے لیکن جو ہدایات سبھی کے لئے درست ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ چینی و گڑ والی سبھی میٹھی اشیاء سے مکمل پرہیز کریں بشمول کولڈ ڈرنکس۔ چائے بھی پھیکی لیں۔

2۔ سفید آٹے کی چپاتی، ڈبل روٹی وغیرہ کھانا بند کر دیں۔ اس کی بجائے ملٹی گرین آٹا استعمال کریں چوکر سمیت۔

3۔ ٹھنڈا یخ پانی و دیگر مشروبات پینا بند کر دیں۔ پانی ہمیشہ نیم گرم ہو چاہے شدید گرمی ہو۔

4۔ ورزش کے ہفتے میں 150 منٹ پورے کریں یا 25 منٹ روزانہ پانچ دن میں اتنا تیز چلیں کہ پسینہ مسلسل بہتا رہے۔ ہر آدھے گھنٹے بعد پاؤں کو اوپر نیچے جتنا کھینچ سکتے ہیں کھینچتے رہیں۔

5۔ شوگر کا درجہ نہار منہ 120 یا 130 تک ہو تو کوئی بھی دوائی نہ لیں بس تیز چلیں اور کھانا مناسب کر لیں۔ اگر نہار منہ 130 سے اوپر رہے تو کنٹرول کے لئے گولیاں استعمال نہ کریں۔ براہ راست انسولین پر آ جائیں۔

3. غذائی شعور 1253 FDRC

ملٹی گرین آٹا

گندم 50، جو 10، جوار 5، باجرہ 5، مکئی 10، چنا 5، السی 5، تل 5، کینوا 5 فیصد۔

اس میں کاربوہائیڈریٹس اور پروٹین پوری ہے، السی اور تل کا فیٹ، جوار باجرہ کے منرل، جو، جوار اور باجرہ کا فائبر مل کر مکمل خوراک بنتی ہے اور گلائسیمک انڈکس بہت کم۔

4. غذائی شعور 1254 FDRC

کوئی سا بال بھی معدے میں ویسے ہی ٹوٹ پھوٹ جاتا ہے جیسے کہ عام غذا۔ ہاں جامن کھانے سے بال کے ہضم ہو جانے کا چانس بڑھ جاتے ہیں۔

5. غذائی شعور 1255 FDRC

فضائی سفر میں جب جہاز لینڈنگ کرنے لگتا ہے ایسے محسوس ہوتا ہے کہ کانوں میں جیسے کسی نے میخیں ٹھونک دی ہیں شدید درد ہوتا ہے اور گردن کے مسلز اکڑ جاتے ہیں اور لینڈنگ کے بعد بھی کافی دیر تک کانوں میں درد ہوتا ہے
اس کی کیا وجہ ہے اور اس کا کوئی علاج؟

ڈاکٹر
ہوا کے دباؤ میں فرق سے کانوں پر زیادہ دباؤ آجاتا ہے اور درد محسوس ہوتی ہے۔ یہ ایک عمومی سا معاملہ ہے۔ کچھ بھی کھانے پینے کی ضرورت نہیں صرف ایک کام کریں منہ بند کر کے ہاتھ سے ناک بھی بند کر کے زور سے سانس کی ہوا باہر نکالنے کی کوشش کریں۔ دو ایک بار ایسا کرنے سے کانوں پر دباؤ ختم ہو جائے گا۔

بوبی بچہ
اس کی پوٹی ہی نہ نکل جائے

ڈاکٹر
ہاں میں بتانا بھول گیا تھا کہ جسم کے سارے شگاف بند رکھنے ہیں پھر بھی قابو نہ رہے تو جہاز کے ٹوائلٹ میں چلے جائیں۔

.6غذائی شعور1256 FDRC

بھائی جان ندیم اشرف سٹرک ایسڈ کاربونک ایسڈ کے ساتھ مل کر قطعاً کوئی ایسا خطرناک مرکب نہیں بناتا جس سے موت واقع ہو جاتی ہو۔ دوم آم میں کل پانچ قسم کے تیزاب پائے جاتے ہیں جو سبھی نہ صرف صحت کے لئے اچھے ہوتے ہیں بلکہ ان کی کمزور کیمسٹری بالکل کولڈ ڈرنک کے ساتھ مل کر خطرناک کھیل نہیں کھیلتی۔

میں نے دو برس قبل بھی اس پوسٹ پر وضاحت ڈالی تھی لیکن سوشل میڈیا کے نقار خانے میں طوطی کی کون سنتا ہے۔ پاکستان کی طرح بھارتی پوسٹ میکرز بھی پرلے درجے کے جھوٹے ہیں۔

ہاں جو کیمیکل حقیقت میں خطرناک ہے اس کا ذکر ہی نہیں۔ اور وہ ہے کولڈ ڈرنک میں موجود سولہ چمچ زہریلی سفید چینی اور آم میں موجود 15 فیصد چینی (گلوکوز 60 فیصد اور فرکٹوز 40 فیصد)۔ فرکٹوز خطرناک نہیں کیونکہ اسے ہضم ہونے کے لئے انسولین کی ضرورت نہیں پڑتی۔ آم اور کوڈ ڈرنک کا کمیننیشن البتہ کینسر، ذیابیطیس، تیزابیت، موٹاپہ، یاداشت کا چلے جانا، بچوں میں آئی کیو کم ہونا اور دیگر چار بیماریوں کا باعث بنتا ہے مگر فوری موت ہر گز نہیں۔ بچوں بڑوں کے لئے غذا میں سفید چینی یا مصنوعی میٹھا منع کرنا چاہئے بجائے ایسے تراع کاڈنے والی پوسٹوں کے۔

7. غذائی شعور 1257 FDRC
عورت میں ویجائنل انفیکشن کی کیا وجوہات ہو سکتی ہیں

ڈاکٹر
استنجے کے دوران عورت کا اسی آلودہ ہاتھ سے وجائنا کو مس کرنے سے پاخانے کے جراثیم بھی داخل ہو جاتے ہیں۔

8. غذائی شعور 1258 FDRC

تمام حکیم اور ہومیو پیتھ سینہ گزٹ چلاتے ہیں ان کا کوئی بھی ایسا مرکزی ادارہ نہیں جہاں سائنسی انداز میں تحقیق ہوتی ہو۔ یہ سب ان کا ذاتی وجدان ہے جس کی یہ سائنسی توجیہہ تک پیش نہیں کر سکتے۔ حکماء تو آج تک سرد و گرم غذاوں کی اصلاح پر مجھ جیسے بندے کو بھی قائل نہیں کر سکے۔ جن ٹی وی پروگرامز پر یہ حضرات آج بیٹھے نظر آتے ہیں انہیں میں مدتوں پہلے صرف اس لئے چھوڑ چکا ہوں کیونکہ ان پروگرامز کے کرتا دھرتا پرلے درجے کے ان پڑھ ہوتے ہیں۔ ان کا مقصد ان پڑھ عوام سے داد یا ریٹنگ لینا ہوتا ہے علم کی ترسیل ہرگز ان کے مقاصد میں شامل نہیں۔

9. غذائی شعور 1259 FDRC

Similar was my opinion in terms of a blow to food Security. For instance, first import wheat and earn commission then export to earn profit

10. غذائی شعور 1260 FDRC

کورونا ویکسین کے منفی اثرات شروع
ہارٹ اٹیک، برین ہیمبرج اور فالج ہونے لگا
ویکسین بنانے والی کمپنی بھی مان گئی
لاکھوں پاکستانیوں کو لگنے والی ایسٹرازینیکا بنانے والی کمپنی کا برطانوی ہائیکورٹ میں بیان
پاکستان میں بھی خطرے کی گھنٹی بج گئی۔

DIET AND HEALTH I

1۔ منیر شاہین
کاشتکار ٹی وی میں بہتری لانے کیلئے کیا کرنا چاہیئے اس حوالے سے دوستوں کی مشاورت درکار ہے

از ڈاکٹر سلطان محمود
اس میں چار سلسلے جاندار طریقے سے چلائیں:

- اجناس کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے عملی طریقے

- دودھیل جانوروں کی فی کس پیداوار بڑھانے کے عملی طریقے

- غذائی تحفظ کے سلسلے میں مندرجہ ذیل موضوعات پر بھرپور رہنمائی دیں:
  - غذائی پیداوار پر موسمی وماحولیاتی اثرات
  - غذائی پیداوار کی فراوانی
  - غذا کی کامیاب ترسیل (سپلائی چین)
  - صارف کی جیب کے مطابق ضروری غذا کی فراہمی
  - صارف پر غذا کے اثرات، اور
  - غذائی مارکیٹنگ

سیریز دوم: غذا اور صحت

● بروکر کے ہاتھوں کسان کے استحصال کو روکنے کے طریقے۔

2. Discussion on Corona Kits.

DR SULTAN MAHMOOD

[Dr Sultan Mahmood[00:11,19/12: تیز میں جسم عموما" پتلا رہتا ہے اور گلے میں گلینڈ کا پھیلاو نمایاں ہونے لگتا ہے

[Dr Sultan Mahmood[00:12,19/12: کم ہو تو جسم موٹاپے کی جانب مائل ہو جاتا ہے اور طبیعت اوازار رہتی ہے

[Dr Sultan Mahmood[00:12,19/12: دونوں میں سے کون سا مسئلہ ہے

[Dr Sultan Mahmood[00:16,19/12: تیز میں موڈ سونگز بھی آتے ہیں۔ نیند میں اتار چڑھاؤ اور ہر وقت تھکاوٹ کا احساس رہتا ہے۔ پٹھوں میں کمزوری اور اکثر جلاب لگ جاتے ہیں نیز گرمی زیادہ محسوس ہوتی ہے۔

[Dr Sultan Mahmood[00:20,19/12: اگر نارمل سے کم ہو تو بھی تھکاوٹ رہتی ہے۔ سردی زیادہ لگتی ہے۔ قبض کی شکائت رہتی ہے۔ ڈپریشن اور سستی کے ساتھ ساتھ پٹھوں میں اکڑاؤ بھی آجاتا ہے۔ انسان کے خیالات بھی سست ہو جاتے ہیں۔

[Dr Sultan Mahmood[00:22,19/12: اگر تھائیرائیڈ تیز ہے تو آئیوڈین ملے نمک سے پرہیز لازم ہے۔ انڈے کی سفیدی کھانا بہتر رہتا ہے نیز چائے کافی بھی فایدہ پہنچاتی ہے۔

[Dr Sultan Mahmood[00:24,19/12: اگر سست ہے تو آئیوڈین ملا نمک استعمال کرائیں۔ سالم انڈہ کھلائیں ہفتے میں تین بار۔ اور کافی سے پرہیز کرائیں۔

Dr Sultan Mahmood: She is suffering from [07:25,19/12] hyperthyroidism but before establishing this disorder, I should know her T3 and T4 harmonal levels.

.....

DIET AND HEALTH N

1۔ اینکر عمران خان کو شاباش کہ انہوں نے ڈبہ بند دودھ کے موضوع کو چھیڑا ہے جس کو میں 44 برس سے جانتا اور 30 برس سے لکھ رہا ہوں۔ چونکہ میڈیا شوبز، میراثیوں اور رشوت خور نیز جعلی ڈگری والے لوگوں کے لئے مختص ہے (مثلا "نام نہاد ڈاکٹر عظمت جسے بد قسمتی سے عمران اپنے پروگرام میں پروموٹ بھی کر چکے ہیں) اس لئے اصل سائنسدانوں کی کون اور کیسے سنے گا؟ قریشی انڈسٹری کے ماہنامہ "قومی صحت "میں میں نے لگ بھگ کوئی اٹھارہ برس قبل جعلی دودھ نیز ڈبہ بند اور کھلے دودھ پر اپنی رائے چار قسطوں میں پیش کی تھی جو حقیقت میں صدا بصحرا ثابت ہوئی۔ بلکہ نیسلے سے مجھے دھمکی بھی موصول ہوئی تھی۔ اگر میرا پیغام عمران خان تک پہنچ جائے اور وہ حقائق جاننے کے شوقین بھی نکلیں تو «0321.430.2528» پر مجھ سے رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر سلطان محمود پی ایچ ڈی نیوٹریشن پولینڈ 1992۔

2۔ ان صاحب کی گفتگو حقائق کے بالکل منافی ہے۔ بھلا بندہ ان سے پوچھے کہ برائلر ہم اس لئے نہ کھائیں کہ اپنا وزن نہیں اٹھا سکتا تو پھر کیا سور کھالیں جو اپنا وزن خود اٹھالیتا ہے؟ اس لئے وزن نہ اٹھا سکنے والی منطق حماقت پر مبنی ہے۔ میرے ایک بہت سینئر افسر نے ایک بار سیمینار میں دیسی مرغی کا یہ کہہ کر دفاع کیا کہ برائلر فورا "گل جاتا ہے جبکہ دیسی مرغی بہت وقت لیتی ہے اس لئے دیسی بہتر ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ فی البدیہہ میرے منہ سے نکل گیا کہ پھر تو لیہ پکالیں کئی دن نہیں گلے گا۔ درحقیقت ہمارے دیہاتی ذائقے پرانے لوگوں میں ابھی بھی موجود ہیں جس کو بہتر ثابت کرنے کے لئے ہم کیسے کیسے غیر سائنسی بہانے ڈھونڈتے ہیں۔

دوسری بات ان مولانا صاحب کی یہ آزمالیں۔ ان کو بھنا ہوا مرغ مسلم یعنی برائلر مفت دعوت میں پیش کر کے دیکھتے ہیں اگر انکار کر گئے تو ہم ان کی بات بھی مان لیں گے۔ ہاں ایک بات ان کی ٹھیک ہے کہ انسان جو کھاتا ہے ویسا ہی بن جاتا ہے۔ اسی لئے ہم جو عرصہ دراز سے ملاوٹ والی غذائیں یا مصنوعی غذائیں لے رہے ہیں تو ان کی وجہ سے مکمل طور پر منافق اور مصنوعی کردار والی قوم بن گئے ہیں۔ اس آخری نکتے کا حل ضروری ہے۔ جس کو کہ دنیا بھر میں کوئی اہمیت نہیں دی جارہی۔
ڈاکٹر سلطان محمود.

3۔ بچے کو دودھ پلانے کے ایام میں ماں دوبارہ حاملہ نہیں ہوتی کیونکہ دودھ بنانے والے مددگار ہارمون مانع حمل ہوتے ہیں۔FDRC

4۔اس طرح کے غیر مستند علاج کی بھرمار ہے۔ مثلا"

سب کے لئے اہم پیغام

آپ جو گرم پانی پیتے ہیں وہ آپ کے گلے کیلئے اچھا ہے۔
لیکن یہ کورونا وائرس آپ کی ناک کے پارانا سل ہڈیوں کے پیچھے 3 سے 4 دن تک پوشیدہ رہتا ہے۔
جو گرم پانی ہم پیتے ہیں وہ وہاں نہیں پہنچتا ہے۔ 4 سے 5 دن کے بعد یہ وائرس جو پارانا سل ہڈیوں کے پیچھے چھپا ہوا تھا آپ کے پھیپھڑوں تک پہنچ جاتا ہے۔
پھر آپ کو سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔

اس لئے بھاپ لینا بہت ضروری ہے جو آپ کے پارا ناسل ہڈیوں کے پچھلے حصے تک پہنچ جاتا ہے۔
آپ کو یہ وائرس ناک میں بھاپ سے مارنا ہے۔

C°50

پر یہ وائرس معذور ہو جاتا ہے یعنی مفلوج ہو جاتا ہے۔

C°60

پر یہ وائرس اتنا کمزور ہو جاتا ہے کہ انسانی قوت مدافعت کا کوئی بھی نظام اس کے خلاف لڑ سکتا ہے۔

C°70

پر یہ وائرس پوری طرح سے مر جاتا ہے۔

بھاپ یہی کام کرتا ہے۔ جو گھر پر رہتے ہیں ان کو دن میں ایک بار بھاپ لینا چاہئے۔
اگر آپ سبزی, گوشت, گروسری وغیرہ خریدنے کے لئے بازار جاتے ہیں تو دن میں دو بار بھاپ لیں۔
جو لوگوں سے ملتے جلتے ہیں، یا دفتر جاتے ہیں تو انہیں دن میں 3 بار بھاپ لینا چاہئے۔

بھاپ لینے کا ہفتہ

ڈاکٹروں کے مطابق ناک اور منہ سے بھاپ لے کر کورونا وائرس کو ختم کر کے مارا جا سکتا ہے۔

اگر تمام لوگوں ایک ہفتہ کے لئے بھاپ مہم شروع کر دیں تو وبائی بیماری بہت جلد ختم ہو جائے گی۔

تو یہاں ایک تجویز ہے

ایک ہفتہ کے لئے صبح اور شام صرف 5 منٹ تک بھاپ میں سانس لینا شروع کریں۔

اگر ہم سب ایک ہفتہ کے لیئے اس طرز عمل کو اپنائیں گے تو مہلک کوویڈ-19 مٹ جائے گا اِن شاءاللہ۔

اس مشق کے کوئی مضر اثرات نہیں ہیں۔

تو براہ کرم یہ پیغام اپنے تمام رشتہ داروں، دوستوں، اور پڑوسیوں کو بھیجیں، تاکہ ہم سب مل کر اس کورونا وائرس کو مار سکیں.

دعاؤں کا طالب..

فلاں فلاں۔۔۔

ڈاکٹر سلطان محمود

اور ساتھ ہی یہ بھی سمجھ لیں کہ 42 ڈگری سنٹی گریڈ پر انسان کی موت واقع ہو سکتی ہے اور اگر نہ بھی ہو تو تو سارا نظام تنفس 70 درجے سنٹی گریڈ پر جل جاتا ہے اور اگر بیرونی طور پر جلے ہوئے شخص کا حال دیکھنا ہو تو کسی بھی برن یونٹ میں جا کر دیکھ لیں۔

5۔ڈاکٹر عامر بیگ۔نیو جرسی
نئی ریسرچ کے مطابق تھوڑی مقدار میں دیسی گھی کا استعمال گڈ کولیسٹرول کو بڑھانے کے لیے مفید ہے۔۔

ڈاکٹر سلطان محمود
آپکی بات سے آپکی بات سے اختلاف تو نہیں کرتا لیکن احسان ہو گا اگر کوئی سائنسی تحقیقی مقالہ مرحمت فرمادیں جس سے پتہ چلے کہ کتنا دیسی گھی کھانے سے جگر کے میٹابولزم پر کونسے مثبت اثرات پڑتے ہیں جو جگر کی پیدا کردہ HDL کی مقدار میں اضافہ کرسکتے ہیں۔دیسی گھی کھانے سے جگر کے میٹابولزم پر کونسے مثبت اثرات پڑتے ہیں جو جگر کی پیدا کردہ HDL کی مقدار میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

6۔پہلے نائٹرک آکسائیڈ شوگر،بلڈ پریشر اور پٹھوں کے اکڑاؤ میں افاقے نیز جنسی عمل میں طوالت کے لئے مشہور تھا مگر اب اس کو ناک میں ڈالنے سے کورونا وائرس سے بھی چھٹکارے کا دعویٰ کر دیا گیا ہے۔

7۔یہ حقیقت ہے کہ ملک میں غذائی بحران سے باہر نکلنے کے لئے افزائش حیوانات اور اس میں بھی زیادہ ترمادہ گائیاں پیدا کرنے کے لئے سیکس سیمن کا استعمال ہی بہترین حکمت عملی ہے۔
وزیر آعظم شروع دن سے اس پر زور دے رہے ہیں لیکن نچلے درجے کا سیاسی ذہن رکھنے والے

مسخرے لوگ ان کو کٹوں وچھوں کے طعنے دیکر ایک سنجیدہ بات کو ہوا میں اڑادیتے چلے آرہے ہیں مگر دلچسپ بات یہ ہے کہ وہی بے خبر مسخرے اگلے ہی لمحے انہی کٹے وچھوں سے حاصل شدہ غذاؤں یعنی دودھ، گوشت اور انڈوں پر پل پڑتے ہیں۔ ہماری بد قسمتی ہے کہ ہمارے ہاں ایسے نیم پڑھے لکھوں کی کمی نہیں جو اچھی خاصی تعلیم حاصل کرنے کے باوجود اپنی ان پڑھ ذہنیت سے باہر نہیں نکل پائے اور مزید بد قسمتی کہ ان کے ہاتھ سوشل میڈیا بھی آگیا ہے لہذا وہ جانوروں کے معالجین اور افزائش کرنے والوں کو "ڈنگر ڈاکٹر " کہہ کر اپنا خبث باطن دکھاتے ہیں ورنہ دنیا کے جس ملک نے بھی ترقی کی ہے وہاں استاد کے بعد وٹرینیرین کی معاشرے میں سب سے زیادہ عزت ہے۔

8۔ از ڈاکٹر سلطان محمود

چالیس سے اوپر والے سبھی سالانہ شوگر ٹیسٹ کراتے رہیں تاکہ ذیابیطس کو شروع ہونے سے روکا جاسکے۔ اور اگر مریض ہو جائیں تو ہر چار ماہ بعد HbA1c ٹیسٹ ضرور کرائیں اور اپنے معالج کی مدد سے خون میں گلوکوز کا درجہ نارمل رکھنے کی کوشش کریں کیونکہ خون میں گلوکوز کا درجہ لمحہ بہ لمحہ تبدیل ہوتا رہتا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

چیف نیوٹریشنسٹ

فرسٹ ڈائٹ کیئر ریسرچ سنٹر (FDRC)

نوشے بٹ

پری ڈایا بیٹک کیا کریں؟

ڈاکٹر سلطان محمود

بہت اہم سوال ہے۔ پری ڈایا بیٹک اگر تین کام کرلے تو انشاءاللہ کبھی بھی ڈایا بیٹک نہیں ہو گا۔ ضرورت سے کم حرارے لے یعنی چکنائی اور نشاستے کم استعمال کرے، روزانہ 25 منٹ ذرا تیز چلے اور تفکرات کو مینیج کرنا سیکھ لے۔

9۔8 فروری 19ء

دوستوں کے لئے اس وڈیو کا ترجمہ کرنا چاہ رہا تھا مگر 'مصروفیت' آڑھے آگئی ہے۔ صرف اتنا کہوں گا کہ ماہرین غذا عالمی برانڈز نے خرید رکھے ہیں جو دس بیماریوں کی جڑ یعنی چینی کے بارے کیمو فلیج کرتے رہتے ہیں مثلا "صرف مائلو ہی کو لے لیں اس پر جو لکھا ہے وہ سچ ہے مگر کوئی پڑھتا کب ہے؟ اگر کیلکولیٹر پکڑ کر حساب لگائیں تو اس میں 40 فیصد چینی ہے۔

10۔10 فروری 19ء

مندرجہ ذیل اعداد و شمار سے ظاہر ہے کہ پاکستان میں ہر شخص کے لئے روزانہ قریبا" ایک پاو دودھ زبانی کلامی موجود ہے۔ ذہن میں رہے کہ یہ اوسط کا کھیل یا نمبر گیم ہے۔ یعنی اگر 10٪ امیر لوگوں کو دو لٹر والا دودھ کا جگ فی کس روزانہ ملے، 20٪ متوسط شخص کو 300 ملی لٹر والا گلاس روزانہ، 30٪

غریب کو 70 ملی لٹر یا 7 چمچ نیز 40٪ خط غربت سے نیچے والے کو بالکل دودھ نہ ملے تو پھر بھی یہ اوسط یہی یعنی ایک پاؤ فی کس روزانہ رہے گی۔ اب عملی طور پر یہ تصویر مزید دھندلی ہو جاتی ہے کیونکہ پاکستان میں 30٪ دودھ سپلائی کا نظام بہتر نہ ہونے کے باعث پیدا ہونے والی جگہ پر ہی ضائع ہو جاتا ہے۔ بالفاظ دیگر اوسطا" 3 چھٹانک دودھ فی کس میسر (available) ہے جبکہ غریب کی دسترس میں 7 چمچ کی بجائے محض 5 چمچ روزانہ ہی بچے۔ خط غربت سے نیچے والا ویسے ہی فارغ سمجھیں
🙏🙏🙏

یہ اعداد و شمار حکومت پنجاب کے تازہ ترین قابل بھروسہ سروے 2018 سے لئے گئے ہیں۔

از اشمل ہاشمی

کچھ دنوں سے سوشل میڈیا پر آپ کو کچھ خاص گروہ کی طرف سے سائنس کے نام پر کچھ عجیب و غریب باتیں سننے کو ملی ہونگے جیسے دودھ نقصان دہ ہے تو آپ لوگ سوچ رہے ہونگے کہ اس کے پیچھے کیا مقصد ہو سکتا ہے تو لیجئے ایک تحریر ذرا پرانی ہے اس کو پڑھ کر آپ کو ان جیسے بہت سے گروہوں کا ایجنڈا سمجھ میں آجائے گا۔

چند سال پہلے کی بات ہے میں دبئی میں ہنگری یورپ کی ایک کمپنی میں کام کرتا تھا، وہاں میرے ساتھ ہنگری کا ایک انجنیئر میرا کولیگ تھا، اُس کے ساتھ میری کافی بات چیت تھی،

ایک دن ہم لوگ پیکٹ والی لسی پی رہے تھے، جسے وہاں مقامی زبان میں لبن بولتے ہیں،

میں نے اسکو بولا کہ یہ لسی ہم گھر میں بناتے ہیں، وہ بڑا حیران ہوا، بولا کیسے،

میں نے اسے کہا کہ ہم لوگ دہی سے لسی اور مکھن نکالتے ہیں، وہ اور بھی حیران ہو گیا، کہنے لگا یہ کیسے ممکن ہے، میں نے بولا ہم گائے کا دودھ نکال کر اسکا دہی بناتے ہیں، پھر صبح مشین میں ڈال کر مکھن اور لسی الگ الگ کر لیتے ہیں، یہ ہاتھ سے بھی بنا سکتے ہیں،

وہ اتنا حیران ہوا جیسے میں کسی تیسری دنیا کی بات کر رہا، ہوں، کہتا یہ باتیں میری دادی سنایا کرتی تھیں،

کہنے لگا میری بات لکھ لو تم لوگ بھی کچھ سالوں تک آرگینک چیزوں سے محروم ہونے والے ہو، میں بولا کیسے،

کہتا، ہنگری میں بھی ایسے ہوا کرتا تھا، پھر ساری معیشت یہودیوں کے ہاتھ میں آگئی،

انتظامی معاملات بھی یہودیوں کے ہاتھ میں آگئے،

انہوں نے کوالٹی اور صحت کے حوالے سے میڈیا پر کمپئین چلائی، اور جتنی بھی آرگینک چیزیں تھیں انکو صحت کے حوالے سے نقصان دہ قرار دے دیا،

جیسے کھلا دودھ، کھلی روٹی، گوشت، ہوٹل، فروٹ، وغیرہ وغیرہ،

اب کیا ہوا، برانڈ متعارف ہو گئے، جو انٹر نیشنل لیول کے میعار کے مطابق،

گوشت سپلائی کرنے والی کمپنیاں مارکیٹ میں آ گئیں، انکا گوشت ڈبوں میں اچھی خوبصورت پیکنگ کے ساتھ ملنے لگا،

اور جو عام بیچنے والے تھے، ان پر اداروں کے چھاپے پڑنے لگ گئے میڈیا پر انکو گندہ کیا جانے لگا، نتیجہ کیا نکلا، گوشت کا کام کرنے والے چھوٹے کاروباری لوگوں کو روزگار سے ہاتھ دھونا پڑا، اور جو تھوڑے سرمایہ دار تھے، گوشت سپلائی کرنے والی کمپنیوں نے انکو اپنی فرنچائزز دے دیں، اب وہ کمپنیوں کا گوشت فروخت کرنے لگے،

عام قصائی گوشت والا جانور لے کر ذبح کر کے گوشت صاف کر کے بیچتا، بڑی بے ایمانی کرتا تو، گوشت کو پانی لگا لیتا، اور کمپنیاں کیا کرتیں، وہ کسی کو نہیں پتہ، پورا جانور مشین میں ڈالتے، اسکا قیمہ قیمہ کرتے گوبر اور آنتوں سمیت،!! پھر اس میں کیمیکل ڈال کر صاف کرتے، اسکو لمبا عرصہ تک محفوظ کرنے کے لیے اور کیمیکل ڈالتے، پھر اسکے مختلف سائز کے پیس بنا کر پیک کر کے مارکیٹ میں ڈال دیتے اور لوگ برانڈ کے نام پر خریدتے، باہر رہنے والوں کو گوشت کمپنیوں کا اچھی طرح سے اندازہ ہو گا!!

اسی طرح دودھ والوں کے ساتھ بھی کیا؛ پہلے انکو مارکیٹ میں گندہ کیا میڈیا پر کمپئین چلا کر، پھر انکو اپنی فرنچائز دے دیں، اور اپنا دودھ بیچنا شروع کر دیا،

اب مجھے یہ بتائیں، کہ جو دودھ عام اور چھوٹے فارمر سے آتا ہے، جو کسی قسم کا کیمیکل نا تو جانور کو کھلاتا ہے، اور نہ دودھ میں کوئی کیمیکل ڈالتا ہے، زیادہ سے زیادہ کیا کرے گا، پانی ڈال لے گا،، زیادہ ڈالے گا تو وہ بھی لوگوں کو پتہ چل جائے گا،،،

اور جو نیسلے ملک پیک اور دوسرے ٹیٹرا پیک والے ہیں وہ دودھ کو لمبے عرصہ رکھنے کے لیے کیا کیا کیمیکل ڈالتے ہیں، اور فارموں میں کیا کیا جانوروں کو کھلاتے ہیں،،

وہ دودھ صیح ہے یا کسان والا؟؟

دبئی میں دودھ کی ایکسپائری ڈیٹ جتنی زیادہ ہو گی اتنا زیادہ کیمیکل ہو گا، اور اتنی قیمت کم ہو گی،

ایک ہی کمپنی کا دودھ اگر ٹیٹرا پیک میں خریدیں گے تو، تین درہم فی لیٹر قیمت ہے،، اسی کمپنی کی بوتل فریش والی خریدیں گے تو چھ درہم لیٹر اور آج کل آرگینک دودھ بھی مارکیٹ میں آگیا ہے، جو چودہ درہم فی لیٹر ہے،

مجھے یہ بتائیں، کہ سیدھا دودھ نکال کر چودہ درہم کا بک رہا ہے تو کیا ضرورت ہے، پیکنگ کر کے تین درہم کا بیچنے کی،،؟؟

لوگ اب آرگینک کے پیچھے بھاگتے ہیں اور ہم بد قسمت برانڈ کے پیچھے پڑ گئے ہیں،

اب پاکستان میں بھی بڑے بڑے ڈیری فارم بن رہے ہیں، اور ہر دوسرے روز حکومت دودھ والوں پر چھاپے مار رہی ہوتی ہے، اور میڈیا پر دکھا رہی ہوتی ہے، کہ دودھ میں یہ ملایا وہ ملایا،، سٹرنگ آپریشن کیے جا رہے ہوتے ہیں،،

او بھائی، اگر کاروائی کرنی ہے تو میڈیا پر شور مچانے کی کیا ضرورت ہے، کیوں لوگوں کا اعتبار اٹھانے کے لیے ذہن تبدیل کر رہے،

عائشہ ممتاز صاحبہ کو لانچ کیا گیا، انہوں نے بڑے چھاپے مارے دودھ ضائع کیا، میڈیا میں انکو ہیرو بنایا گیا،، کیوں؟؟؟

کیونکہ، جلدی حمزہ ڈیری فارم اور میاں منشاء ڈیری فارم کا دودھ مارکیٹ میں آنے والا ہے،

پچھلے دنوں میں پڑھ رہا تھا کہ لاہور میں خالص دودھ کی مشینیں لگیں گی، پیسے ڈال کر خالص دودھ لو ،دودھ سیدھا حمزہ ڈیری سے آئے گا،،

چھوٹے فارمرز کے اوپر موت منڈلا رہی ہے، جلد ہی اپنی موت مریں گے،، اور عوام کیمیکل کھانے کے لیے تیار ہو جائے،

شوگر، کاٹن، پیپر، سریا، اسٹیل، سیمنٹ، کنسٹرکشن پر قبضہ کے بعد اب ڈیری پر قبضہ کیا جا رہا ہے، غیر میعاری دودھ کا رونا اور محکمہ فوڈ کی میڈیا پر ڈرامہ بازیاں، یہ سب میاں منشا اور حمزہ شہباز کے ڈیری فارم کے دودھ کو مارکیٹ میں لانے کی تیاریاں ہیں،

پہلے عوام کا عام کھلے دودھ سے اعتماد اٹھایا جائے گا، پھر اپنے پیکنگ والے کیمیکل بھرے دودھ کو آفیشل محکمہ فوڈ سے پاس کروا کے ٹی وی کے ذریعے اسکی خوبیاں بیان کر کے عوام کے ذہن تبدیل کیے جائیں گے، پھر اپنا دودھ عوام کے معدے میں اور عوام کا پیسہ اپنی جیب میں،

ہمارا دودھ بک گیا، عوام جانے اور ڈاکٹر جانیں۔!!

منقول

تبصرہ از ڈاکٹر سلطان محمود

یہ مضمون گو کہ سیاسی نقطہ نگاہ سے لکھا گیا ہے لہذا جزوی طور پر کہیں کہیں آپس میں میل نہیں کھاتا۔ ویسے حمزہ شہباز نے گورنمنٹ ڈیری کو جس طرح قبضے میں لیا تھا غالبا" 1998 میں اس کا گواہ ہوں۔ کیونکہ ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے اس پراجیکٹ میں میں بھی 6 ماہ کنسلٹنٹ رہ چکا ہوں فروری تا اگست 1997۔ جب قبضہ گیری والا واقعہ ہوا تب میں سول سیکرٹیریٹ میں بطور سیکشن آفیسر تعینات ہو چکا تھا۔ اس وقت محکمہ لائیوسٹاک کے ہلہ ملک پلانٹ سکینڈل والے 14 افسران کو حراست میں لیا گیا جن میں سے ڈائیریکٹر پنجاب لائیوسٹاک پراجیکٹ شیخ؟؟ صاحب دوران حراست ہی انتقال کر گئے تھے۔ اس آڑ میں حمزہ شہباز نے ہلہ ملک کی پوری مشینری پر قبضہ کر لیا تھا۔ اور غالبا" انہارا کے نام سے اپنا برانڈ چلا دیا۔

DIET AND HEALTH O

1۔ گو کہ ہم ان مولانا صاحب کی ساری بات سے متفق نہیں لیکن حرام اور غیر صحت مند اجزاء سے بنے کھانوں کے بارے ان کا بیان اشتراک کے قابل ہے جس میں کافی کچھ درست ہے۔ سائنسی لحاظ سے بھی فاسٹ فوڈز غیر صحت مند، مصنوعی غذائی اجزاء نیز ایسے processed غذائی اجزاء پر مشتمل ہے جو خود مغربی تحقیق کے مطابق انتہائی نقصان دہ ہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

2۔ بشکریہ ماہنامہ قومی صحت لاہور۔ قریشی انڈسٹریز کے اس قومی معیار کے ہیلتھ میگزین میں غذا اور صحت کے تحت 'اچھا کھائیں ڈپریشن بھگائیں' کے موجودہ عنوان کیساتھ تسلسل سے چھپنے والا میرا 192 واں مضمون نذر قارئین ہے۔ لاہور، دسمبر 2020ء

3۔ اقراء ایمان نے اہم سوال اٹھایا گیا ہے مگر افسوس کہ کچھ لوگ استہزاء کی طرف نکلے۔

دونوں باتیں درست ہیں کہ عورت کا جسم زیادہ دلکش ہونے کے ناطے زیادہ پرکشش ہے نیز عورت میں شہوت زیادہ ہے اور اسے بھی مرد کے بعض پوسچر اچھے لگتے ہیں۔ مگر عورت ریپ نہیں کرتی۔

سیریز دوم: غذا اور صحت

عورت مرد کا جنسی عمل کا انداز اور اظہار بیالوجیکلی مختلف ہے۔ جس کے باعث عورت کو جنسی خواہش پر قابو ہے اور مرد کو نہیں۔

مرد کا جنسی ہارمون ماتھے کے پچھلی جانب موجود پچوٹری گلینڈ سے نکل کر پہلے ان ہارمونز کو متحرک کرتا ہے جن سے ہاتھ پاؤں ہونٹ وغیرہ شدت پکڑتے ہیں اور عضو مخصوصہ اور پروسٹیٹ بعد میں متحرک ہوتے ہیں نیز اخراج سب سے آخر میں۔ یہ سب آنا" فانا" ہوتا ہے اور مرد کی سوچنے کی حس دب جاتی ہے۔ جس سے وہ باؤلا ہو کر جنس مخالف پر پل پڑتا ہے۔

عورت کی جنسی تحریک بلڈ پریشر اور تنفس بڑھنے سے اندام نہانی کی ہلکی سوجھن سے شروع ہوتی ہے اور تکمیل یوٹریس میں مادہ منویہ کے اجتماع پر ہوتی ہے اور پھر ایسٹروجن ہارمون پہنچتا ہے جو اووری یا بیضہ دانی سے نکلتا ہے۔ اس عمل میں اسے مرد کی جانب سے متوجہ کرنے سے لے کر حسیات کے جاگنے یا کلٹ کے متحرک ہونے میں چند منٹ لگتے ہیں سوائے اندام نہانی میں مائع کے بہنے کے جو فورا" پہنچ جاتا ہے۔ اس بڑھے ہوئے فشار خون کے باوجود عورت نارمل رہتی ہے، اس عمل کو اعصاب پر سوار نہیں کرتی اور خوب سوچ بچار کا وقت حاصل کر لیتی ہے۔ اسے لوگ صبر کا نام دیتے ہیں۔ اور یہی خصوصیت اسے مرد کے ریپ سے روکتی ہے۔

اب اس کے بعد کا سارا جنسی عمل الٹا چلتا ہے۔ مرد رگڑ سے زوال کی جانب جاتا ہے اور عورت رگڑ سے کمال کی ظرف۔ ضمنا" عرض کر دوں کہ کتے، ریچھ اور تیندوے میں انسان سے الٹ عمل ہے۔ دوم مرد ایک دم سے اخراج کرتا ہے لیکن عورت وقفوں وقفوں سے پانچ سے سات بار۔ سوم مرد ابتدا سے انتہا تک لذت میں مصروف رہتا ہے لیکن عورت درد سے لذت کی جانب سفر

کرتی ہے۔ چہارم مرد وحشت کے عالم میں عورت کے بقیہ سارے جسم کو بھول جاتا ہے یا کم لذتی کے باعث نظر انداز کرتا ہے جبکہ عورت اس ساری مشق میں بھی پورے جسم کی لذت چاہتی ہے خصوصا" ہونٹوں اور سینے کی۔ پنجم مرد انتہائی تیزی اور سختی چاہتا ہے لیکن عورت آہستگی اور ملائمت۔

معذرت سے آپکے سوال کا جواب پہلے دو نکات میں ہے اگلی تفصیل صرف اس لئے دی ہے کہ فزیالوجی آف کاپولیشن سے کم فہمی کے باعث ہر کوئی اپنی جنس کے حوالے سے ہی دوسرے کی جنسی تحریکات سے ناواقف رہتا ہے۔ دوسری معذرت اس بات پہ کہ اس علمی گفتگو میں اگر کوئی لفظ اخلاقیات سے گرا ہوا محسوس ہو تو اسے علم کا حصہ ہی سمجھا جائے۔ بہر حال ٹھٹھہ اڑانے والے یا غلط لذت لینے کے خواہشمند اس تحریر سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

4۔ نوید اعوان صاحب حالیہ رپورٹ کے مطابق آپکی ٹوٹل کولیسٹرول اور HDL نہائت کم ہیں۔ آپکے دل کے دورے کا تعلق کم HDL سے تھا اور ابھی بھی ہے۔ کم ٹوٹل کولیسٹرول سے ثابت ہوتا ہے کہ آپکا جگر درست کام نہیں کر رہا۔

اس کے لئے دو کام آپ پہلے ہی کر رہے ہیں واک اور السی کا استعمال۔ اپنے ڈاکٹر سے ایک وٹامن Niacin یا nicotinamide کے بارے مشورہ کر لیں۔ کھانا منڈنے کے بارے آپکو اپنی عادت تبدیل کرنی پڑے گی۔ کھانے میں چکنائیاں کم ترین سطح پر لے جائیں، دیسی وولائتی گھی کے

قریب بھی نہ جائیں اور اگر ہو سکے تو ایکسٹر اور جن زیتون کے تیل کا ایک بڑا چمچ روزانہ کچالیا کریں۔ چاہے پی جائیں یا اپنی سالن کی پلیٹ یا سلاد کے اوپر ڈال لیں۔ ہر انگریزی دوائی جگر کو تھوڑا بہت برباد ضرور کرتی ہے اس لئے جتنی دوائیوں سے پرہیز کر سکیں بہتر ہے۔

Hasham Waheed

سوری یہ بات بالکل غلط کہ HDL کا دل کے دورے سے تعلق نہیں ہے۔ یہ اچھا کولیسٹرول ضرور ہے مگر دل کے امراض میں اس کی مردوں میں حد بندی 35 تا 52 ہونا ضروری ہے۔ 35 سے کم کسی لمحے بھی MI کی وجہ بن سکتی ہے۔

5۔ ناریل کے تیل پر جاری سائنسی تحقیق کی روشنی میں یہ اب ذیابیطس ٹائپ ٹو، الزائمر، مرگی، آٹزم اور اسی نوع کی ان دیگر بیماریوں میں فائدے مند ثابت ہوا ہے، جن کا تعلق زیادہ تر دماغی کارکردگی سے متعلق ہے۔

حاصل زیست

کیا ٹائپ ٹو میں دماغ کو جھٹکا لگتا ہے؟

ڈاکٹر سلطان محمود

دونوں طرح کی ذیابیطس میں 90 ملی گرام فی ڈیسی مل سے نیچے گلوکوز جاتے ہی دماغ کو جھٹکا لگتا ہے۔ اور جوں جوں گلوکوز نیچے جاتی ہے یا نیچے رہتی ہے دماغ کو جھٹکوں پر جھٹکے لگتے رہتے ہیں۔

6۔ تازہ امریکن سائنسی تحقیق پھر ننگے پاؤں چلنے کی افادیت بتا رہی ہے۔ اس سے ہمارا دھرتی ماں سے دوبارہ رشتہ جڑ جاتا ہے۔ صبح صبح آدھ گھنٹہ ننگے پاؤں چلنا بیشمار جسمانی فوائد کا حامل ہو سکتا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

7۔ اس رپورٹ میں بلیک ریگولر کافی کے فائدے بتائے جا رہے ہیں۔ یورپ اور امریکہ میں بڑا پرانا رواج ہے کہ جب اپنی کسی چیز کو بیچنا ہوتا ہے تو لاکھوں ڈالر یونیورسٹیوں اور ریسرچ کلینکس کو دے کر بڑے بڑے سائنسدانوں اور ڈاکٹروں سے پیپر اور کتابیں لکھوائیں جاتی ہیں۔ اسے اشتہاری دنیا میں ذہن سازی کہتے ہیں جو پھر لمبے عرصے تک فروخت کے ریکارڈ بناتی ہے۔ اس مہم میں تکنیک یہ اختیار کی جاتی ہے کہ ساری کی ساری رپورٹ یا تقریر اس آئٹم کے مثبت پہلوؤں کے گرد گھومتی ہے اور جان بوجھ کر اس دوا یا غذا کے ضمنی اثرات یا سائیڈ ایفکٹس پر بات نہیں کی جاتی۔ اس تحقیقی بنیادوں پر "سچے" پروپیگنڈے کو نمایاں اشتہاری یا ماس میڈیا پر پھیلایا جاتا ہے اس میں جو حقیقت ظاہر نہیں کی جاتی وہ یہ ہوتی ہے کہ تجربات جس ماحول، جانور، انسان وغیرہ پر کئے جاتے ہیں وہ صارفین کی نظر سے اوجھل رہتے ہیں اور بسا اوقات اس کے بالکل الٹ موسم، حالات نیز مختلف فزیالوجی والے لوگوں پر اس کے جو برے اثرات مرتب ہوتے ہیں انہیں پھر اسی میڈیا پر مشتہر معالجاتی ادویات سے ٹھیک کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ بالفاظ دیگر سائنسی تحقیق کرنے والے اداروں کو فنڈنگ کرنے والی بین الاقوامی کمپنیاں دہرے فایدے میں رہتی ہیں۔

ہمارا کافی پینے کا چالیس سالہ تجربہ بتاتا ہے کہ گرم خشک علاقوں کے لوگ ہرگز بلیک کافی استعمال نہ کریں اور اگر شوق فرمانا ضروری سمجھیں تو دودھ ملی نصف کپ یعنی چار اونس روزانہ سے زاید کافی نہ

پئیں یا سردیوں میں پورا کپ۔ ورنہ ہمارے دماغ کا سونے کا مرکز (سلیپ سنٹر) گہری نیند میں خلل ڈالے گا اور دوران نیند ہماری مناسب انداز میں دماغی تراش خراش مکمل نہ ہو پائے گی۔ نیز دوسرا نقصان یہ ہو گا کہ کافی ہمارے جگر کو ضرورت سے زاید کولیسٹرول بنانے پر بھی مجبور کرے گی۔

ڈاکٹر سلطان محمود

افضل چوہدری

اپنی ریسرچ کا ریفرنس دیں، تاکہ عوام کا بھلا ھو۔ اور جو چائے ہم گرم علاقوں کے لوگ پیتے ہیں، اس بارے بھی اپنی رائے دیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

سر کیا ہو گیا ہے۔ چائے کے ایک 8 اونس والے کپ میں کیفین 35 ملی گرام مگر کافی میں 40 تا 60 ہے۔ دوم، چائے کی پتی کے فلیونائیڈز اینٹی آکسیڈنٹ ہیں جو انسٹنٹ کافی میں ناپید ہوتے ہیں۔ گو کہ چائے کافی دونوں معدے میں تیزابیت بڑھا کر بڑھاپا اور موٹاپا تیز کرتے ہیں مگر چائے کے جگر پر اثرات معتدل مگر کافی کے نشہ آور طرز کے ہوتے ہیں۔

پچھلے برس فوڈ اینڈ نیوٹریشن سیریز کی میری آٹھویں کتاب "غذائی علاج" کے عنوان سے مارکیٹ میں آگئی تھی جس میں چائے کافی کے بارے میں بھی مضمون موجود تھا۔ فی الحال وہی حوالہ موجود

ہے میرے پاس۔ ہاں جہاں تک عالمی قابل اعتماد سائنسی تحقیقات کا تعلق ہے وہ سب کے لئے یکساں طور پر قابل حصول ہیں نیٹ کے ذریعے۔

8۔ ادریس شاہد دبئ

سرپری فرنٹل کورٹیکس اگر کمزور ہو جائے تو کیا کرنا چاہیے

ڈاکٹر سلطان محمود

دماغ کا یہ حصہ چونکہ مستقبل کی پلاننگ میں حصہ لیتا ہے اس لئے غذاؤں میں بادام کی گریاں لے صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ۔ اور ہفتے میں ایک بار لازمی پچاس سے سو گرام مچھلی لے۔ اگر عمر چالیس سے اوپر ہو تو زنک سپلیمنٹس لے لے۔ اگر اس کے ساتھ صبح کی سیر کے دوران آکسیجن لینے کے لئے لمبے اور گہرے سانس لے تو کیا کہنے۔

Rephrased

دماغ کا پری فرنٹل کورٹیکس والا حصہ مستقبل کی پلاننگ میں حصہ لیتا ہے اس لئے اگر کسی کو پلاننگ کا فقدان محسوس ہو تو غذاؤں میں بادام کی گریاں لے صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ۔ اور ہفتے میں ایک بار لازمی پچاس سے سو گرام مچھلی لے۔ اگر عمر چالیس سے اوپر ہو تو زنک سپلیمنٹس لے لے۔ اگر اس کے ساتھ صبح کی سیر کے دوران آکسیجن لینے کے لئے لمبے اور گہرے سانس لے تو کیا کہنے۔

فرسٹ ڈائٹ کیئر ریسرچ سنٹر (FDRC)۔لاہور۔

ادریس شاہد

سر کونسا زنک سپلیمینٹ بہتر ہے۔یا زنک کے لیے کونسی ڈائٹ لینی چاہیے

ڈاکٹر سلطان محمود

گائے کا خالص دودھ، خشک میوے، سرخ گوشت اور سمندری غذائیں۔

Ammar Ahmad

?Where did you find this research about Almonds ? Any reference

By DSM of FDRC

Yes there are two sources to believe this myth. First our traditional areovedic tales transferred from elders downward and I could use to take overnight soaked de-hulled skinless almonds during my final exams in metric and inter. Secondly, when I was nutrition in &exploring my research topic for a doctorate in food Europe I came across many references where it was proved that

almonds are one of the best brain boosting foods due to comprising carnitine and riboflavin (vit B2). Carnitine helps s due to producing 's and Parkinson'reducing Alzheimer .acetylcholine

9۔ سہیل رضا دودی
ڈاکٹر سلطان محمود

اب اپنے نکلے ہوئے پیٹ کو واپس بلانے کی بجائے بہتر ہے کہ دوڑ لگا کر اسے پکڑ لیں آپ۔

10۔ بحوالہ۔۔۔۔؟
روزے کے دوران ہمارا جسمانی رد عمل کیا ہوتا ہے. معلومات

)پہلے دو روزے(
پہلے ہی دن بلڈ شگر لیول گرتا ہے یعنی خون سے چینی کے مضر اثرات کا درجہ کم ہو جاتا ہے، دھڑکن سست ہو جاتی ہے اور بلڈ پریشر کم ہو جاتا۔ اعصاب جمع شدہ گلائی کو جن کو آزاد کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے جسمانی کمزوری کا احساس اجاگر ہو جاتا ہے۔ زہریلے مادوں کی صفائی کے پہلے مرحلہ میں نتیجتا سر درد۔ چکر آنا۔ منہ کا بدبودار ہونا اور زبان پر مواد کے جمع ہوتا ہے

)تیسرے سے 7ویں روزے تک(

جسم کی چربی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہے اور پہلے مرحلہ میں گلوکوز میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ بعض لوگوں کی جلد ملائم اور چکنی ہو جاتی ہے۔ جسم بھوک کا عادی ہونا شروع کرتا ہے اور اس طرح سال بھر مصرف رہنے والا نظام ہاضمہ رخصت مناتا ہے جسکی اسے اشد ضرورت تھی۔ خون کے سفید جرسومے اور قوت مدافعت میں اضافہ شروع ہو جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے روزیدار کے پھیپھڑوں میں معمولی تکلیف ہو اسلئے کہ زہریلے مادوں کی صفائی کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ انتڑیوں اور کولون کی مرمت کا کام شروع ہو جاتا ہے۔ انتڑیوں کی دیواروں پر جمع مواد ڈھیلا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

8)ویں سے 15ویں روزے تک(

. آپ پہلے سے توانا محسوس کرتے ہیں۔ دماغی طور پر چست اور ہلکا محسوس کرتے ہیں۔ ہو سکتا ہے پرانی چوٹ اور زخم محسوس ہونا شروع ہوں۔ اسلئے کہ اب آپکا جسم اپنے دفاع کیلئے پہلے سے زیادہ فعال اور مضبوط ہو چکا ہے۔ جسم اپنے مردہ یا کینسر شدہ سیل کو کھانا شروع کر دیتا ہے جسے عمومی حالات میں کیموتھراپی کے ساتھ مارنے کی کوشش کیجاتی ہے۔ اسی وجہ سے خلیات سے پرانی تکالیف اور درد کا احساس نسبتا بڑھ جاتا ہے۔ اعصاب اور ٹانگوں میں تناؤ اس عمل کا قدرتی نتیجہ ہوتا ہے۔ یہ قوت مدافعت کے جاری عمل کی نشانی ہے۔ روزانہ نمک کے غرارے اعصابی تناؤ کا بہترین علاج ہے۔

16)ویں سے 30ویں روزے تک(

جسم پوری طرح بھوک پیاس برداشت کا عادی ہو چکا ہے۔ آپ خود کو چست۔ چاک و چوبند محسوس کرتے ہیں۔ ان دنوں آپ کی زبان بالکل صاف اور سرخی مائل ہو جاتی ہے۔ سانس میں بھی تازگی آجاتی ہے۔ جسم کے سارے زہریلے مادوں کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ نظام ہاضمہ کی مرمت ہو چکی ہے، جسم سے فالتو چربی اور فاسد مادوں کا اخراج ہو چکا ہے۔ بدن اپنی پوری طاقت کے ساتھ اپنے فرائض ادا کرنا شروع کر دیتا ہے۔ 20 ویں روزے کے بعد دماغ اور یادداشت تیز ہو جاتے ہیں۔ توجہ اور سوچ کو مرکوز کرنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے، بلاشبہ بدن اور روح تیسرے عشرے کی برکات کو بھرپور انداز سے ادا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ یہ تو ہوا دنیاوی فائدہ، جو بیشک اللہ نے ہماری ہی بھلائی کیلئے ہم پر فرض کیا۔ مگر دیکھئے رحمت الٰہی کا انداز کریمانہ کہ اسکے احکام ماننے سے دنیا کے ساتھ ساتھ ہماری آخرت بھی سنوارنے کا بہترین بندوبست کر دیا۔

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم

DIET AND HEALTH P

Arslan6

1۔امجد وڑائچ
ہم تشدد پسند کیوں ہیں یہ کوئی معاشی معاشرتی یا نفسیاتی بیماری ہے؟

ڈاکٹر سلطان محمود
گوشت خوری کے سبب۔

امجد وڑائچ
سر اس کا ہماری نفسیات سے بھی کوئی تعلق ہے۔

اعجاز حسین Sultan Mahmood
مولائے کائنات کا ایک فرمان سننے میں آیا تھا کہ زیادہ گوشت کھانے والا درندہ اور نہ کھانے والا بزدل۔

ڈاکٹر سلطان محمود

Ejaz Hussain

ایک حدیث بھی ہے کہ گائے کے جسم سے اللہ نے دو غذائیں دی ہیں ایک میں شفا ہے تو دوسری میں وبا۔ یعنی دودھ میں شفا اور گوشت میں بیماری ہے۔

ابرار شیخ

Sultan sahib

Wu ju HINDU INTHA PASAND HEY WU TU GHOST NAI KHATEY.....

PHIR HUM KAISEY HU GAEY GHOST LE WAKA SEY

WAJA YAQQENUN KUCH OR HEY

ڈاکٹر سلطان محمود

جی نہیں محترم وجہ یہی ہے۔ ہندو اب گوشت خور ہو چکا ہے۔

ابرار شیخ

Twadey naal.behs da koi faida nai

Tusi theek o

Allah hafiz

ڈاکٹر سلطان محمود

Abrar Sheikh

اگر آپ ہار سے ڈرتے ہیں تو میں بغیر شرط کے ہار جاتا ہوں بھائی۔ اگر دلیل ہے تو ضرور دیں۔

ابرار شیخ

Sultan Mahmood

Do u think every where in the world

The base of extremism is the same

What you.mentioned

Just

Ghost khori

Or this formula.apply only in pakistan

Lets have a healthy and decent.debate

ڈاکٹر سلطان محمود

Abrar Sheikh

Brother if you find time, I may recommend you to go through the best selling book on nutrition "We Are What We Eat" written by Donna R. Gabaccia who was (probably 'is' because I couldn't see her since 2001) professor of history at the University of Minnesota.

ڈاکٹر سلطان محمود

ہمارے جسم کے اندر پیدا ہونے والے تمام کیمیکلز کا تعلق کم و بیش ہماری غذا سے ہے۔ انہی کیمیکلز میں سے کچھ دماغ کے نیورونز کو مخصوص اشارے دیتے ہیں جس سے نفسیات اور مزاج جنم لیتے ہیں۔ یعنی برداشت یا عدم برداشت۔ اور پھر یہی نفسیات ہمارے افعال جسمانی پر اثر انداز ہوتی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ میں نے 1991ء میں اپنی ڈاکٹریٹ کے دوران وار سازرعی یونیورسٹی میں "Psychology Rules the Physiology" کے موضوع پر ایک سیمینار بھی دیا تھا جس پر کوئی خصوصی منفی تبصرے نہیں آئے تھے۔

مجھے گباشیا کی مذکورہ کتاب مکمل یاد نہیں لیکن اتنا حوالہ یاد ہے کہ وہ لکھتی ہیں کہ دنیا کے وہ علاقے جہاں سرخ گوشت وافر مقدار میں کھایا جاتا تھا ان کے تاریخی کردار میں عدم برداشت زیادہ تھی

مثلاً تاتاری، عرب اور افغان۔ جہاں سبزی زیادہ کھائی جاتی تھی وہ بزدل ثابت ہوئے جیسے دور اول کے ہندو۔ جہاں دونوں غذاؤں میں توازن تھا ان کا مزاج معتدل تھا۔ مثلاً یورپ اور امریکہ۔

میرے قومی سطح کے ہیلتھ میگزین "قومی صحت "میں تین مضامین چھپے تھے غالباً 2002ء یا 2003ء میں جس میں میں نے مذکورہ کتاب کے حوالے سے سرخ گوشت کھانے میں احتیاط کا مشورہ دیا تھا۔ بعد میں سو مضامین جمع کر کے میں نے اسے کتابی شکل دے دی تھی "غذائی صحت " کے عنوان سے۔ اگر آپ اپنا پتہ لکھوانا پسند کریں تو یہی کتاب تحفتاً بھجوائی جاسکتی ہے۔

ضروری نہیں مگر ضمناً "عرض کر دوں کہ میں پروفیسر گباشیا سے کیلیفورنیا میں مل چکا ہوں جس کے بعد میں نے پھر اس کی کتاب بھی پڑھی۔ بلکہ ایک اور کلینیکل نیوٹریشن کی کتاب پاکستان سے پڑھ کر گیا تھا جس کے حوالے سے اس کی مصنف پروفیسر ایلا الحداد سے بھی لومالنڈا یونیورسٹی کیلیفورنیا میں خصوصاً ملا تھا جنہوں نے اپنے دستخط سے اپنی کتاب مجھے تحفتاً دی تھی۔

ان سب گذارشات کا مطلب یہ نہیں کہ میری یا انکی رائے حتمی ہے۔ یقیناً تشدد اور عدم برداشت کے کچھ ایسے پہلو بھی ہونگے جو ابھی سائنسدانوں کے علم سے بھی مخفی ہیں۔ مگر غذائے انسانی و حیوانی کے طالب علم نیز ایک عام مسلمان کی حیثیت سے جب سے میں نے دودھ گوشت والی حدیث سنی ہے آنکھیں بند کر کے مان لی ہے کیونکہ میرے پاس اس حدیث کے علم سے پہلے ہی سائنسی دلائل موجود تھے۔

ابرار شیخ

Sultan sb

Would you like to share your nbr

Its interesting and heathy debate

Even we can sit on

Cup.of coffee

And stands with our own point of view

Always luv to learn from ppls.like you

And feel.myself always a student in all aspects of life

But on this food issue

I have my own point of view

And we can discuss further if you feel.good and convenint

امجد وڑائچ

Abrar Sheikh sb very visionary and intellectual person .His loyalty with people of Pakistan. Dr sb done excellent job in field of environment

ابرار شیخ

We respect and salute dr sb

And each and everyone who is.doing for this country

Hats of to them

امجد وڑائچ

۔ڈاکٹر صاحب میرے مہربان ہیں اور شفقت فرماتے ہیں میں نے ان سے بہت کچھ سیکھا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

امجد وڑائچ اور ابرار شیخ صاحبان

مجھے یقین ہے کہ ہم دوسرا سانس لینے پر بھی قادر نہیں اور یہ بھی یقین رکھتا ہوں کہ علم کسی کی میراث نہیں۔ تمام علوم کا مالک اللہ ہے بلکہ میں تو یہودی عیسائی ہندو بدھ کے علوم کی گہرائی میں غوطے لگانے کا بھی ادب کرتا ہوں کیونکہ وہ قرآن کریم میں پکارے جانے والے "یتفکرون " والے خوش نصیب ہیں۔ درحقیقت یہ آپ کی بڑھائی ہے کہ مجھ جیسے بندے کو اچھا سمجھتے ہیں۔ شیخ صاحب جب بھی لاہور تشریف لانا ہو ایک آدھ دن قبل اطلاع کر دیں۔ میرا رابطہ نمبر وڑائچ صاحب سے لے لیں۔ اگر منڈی بہاوالدین میں ہیں تو وڑائچ صاحب کو بھی لیتے آئیں۔ مجھے کہیں گے تو میں حاضری دے دوں گا۔ 🌹 شاد رہئیے۔

سیریز دوم: غذا اور صحت

==========

2۔

طارق سیٹھی

کیا یہ میرے لئے اچھی ہے؟

50 سال سے زائد عمر کے مردوں میں پیشاب کی نالی میں رکاوٹ کی وجہ سے بلیڈر مکمل خالی نہیں ہوتا اور پروسٹیٹ بڑھنے کی علامات بھی ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں جیسے کہ پیشاب کا بہاؤ کم ہو جانا اور بار بار باتھ روم جانے کی ضرورت محسوس کرنا ہے.

(Saw Palmetto) ایک ہربل پراڈکٹ ہے. اس میں موجود Uriset پروسٹیٹ اور پیشاب سے جڑے مسائل کو حل کرنا ہے.

Uriset contains Saw palmetto which is a very well known Herb to Maintain Healthy Prostate Function while supporting normal Prostate Size. It helps to treat the symptoms of Benign Prostatic Hyperplasia (BPH). It helps to relieve urologic symptoms as well, such as weak urine flow, incomplete voiding, frequent day and nighttime urination.

ڈاکٹر سلطان محمود

سیریز دوم: غذا اور صحت

کیلیفورنیا میں GNC کے سیلز ڈیپارٹمنٹ میں 70 سال سے زیادہ والے بوڑھے مرد اکثر ساءپالمیٹو لینے آیا کرتے تھے اور بتاتے تھے کہ پراسٹیٹ کے مزید پھولنے سے بچے ہوئے ہیں۔

DSM

If your blood PSA level is below 4 ng/ml then no need to take it, otherwise it's good even for your sex hormone.

3۔ لگتا ہے کہ یہ صاحبہ (ڈاکٹر ساجدہ شاہنواز) سرے سے ہی میڈیکل ڈاکٹر نہیں۔ ان کے منہ سے نکلی دو باتیں بالکل ہی غلط ہیں جسے شاید نالائق سے نالائق مگر اصلی ڈاکٹر بھی جانتا ہو گا۔
(1) انہوں نے سپرم کاؤنٹ 15 ملین کا کہا ہے جبکہ حمل ٹھہرنے کے لئے 40 ملین سپرمز کا ہونا ضروری ہے۔
(2) سپرمز تو IVF ٹیکنالوجی کے تحت فریز کر کے thawing کے عمل سے گزار کر ovarian tube میں رکھے جاسکتے ہیں مگر یہ کہہ رہی ہیں کہ ہم organ فریز کر کے دوبارہ لگا دیتے ہیں۔
در حقیقت یہ سپرم کو بھی آرگن سمجھتی ہیں۔ آرگنز میں تو اووری، یوٹرس، فلوپئین ٹیوب وغیرہ شمار ہوتے ہیں یہ سپرم کب سے آرگن کہلانے لگ گئے؟

چیک کریں ان کے پاس ڈگری بلہڑ یونیورسٹی کی تو نہیں اور یہ سوشل میڈیا کا سہارا لے کر عوام کی جیب پر ڈاکہ ڈالنے کے لئے کوئی نیا ڈرامہ کر رہی ہیں کیا؟ 🥺

اگر یہ کہنا چاہ رہی ہیں کہ ہم مریض کے testicles یا مریضہ کی اووری ہی اتار کر محفوظ کر لیتے ہیں اور بعد میں انہی کو ٹرانسپلانٹ کر دیتے ہیں تو یہ دونوں ٹیکنولوجیز ہی پاکستان میں میسر نہیں۔ اگر موجود ہوتیں تو لاہور میں پہلے حمید لطیف ہسپتال دعوی کر چکا ہوتا۔

اگر بفرض محال ان کا آرگن ٹرانسپلانٹ کا دعویٰ مان بھی لیا جائے تو وہ اسی مریض یا مریضہ میں لگیں جن کے اتارے گئے تھے اور تبھی تو ان کا جینیٹک میک اپ درست رہے گا ورنہ ہمیشہ ڈونر کی ہی جینیٹکس آگے چلتی ہے۔

اگر IMA نے اس اشتہار کی وضاحت نہ کی اور مذکورہ ڈاکٹر صاحبہ کا PMDC کا رجسٹرڈ نمبر نہ بھیجا تو میں یہ اشتہار PMA اور HEC کو ان کی ڈگری کی پڑتال کروانے میں حق بجانب ہوں گا۔
ڈاکٹر سلطان محمود

4۔ خبیب واحدی نیسپاک
میں نے خبیب واحدی سے سیکھا کہ کموڈ ہمیشہ کھلا رکھیں۔۔۔۔۔

"عوامی صحت کا ایک معمولی مگر اہم پیغام"
کالم 430 از ڈاکٹر سلطان محمود
19 اپریل 2021ء

5. Nespak Phase I

Agr koi doctor ha group ma to wo btae ya kis kism ka gems ha or kitna dangrous ha helth ka leya

DSM

I'm not a medical doctor but public and environmental health expert (Doctorate in Food Security - food & environment - from Poland, 1992).

First and foremost, the activity seen in mask 🎭 is not of the germs cos bacteria/ virus can't be seen without microscope. We live with germs, worms and bugs since our arrival on the earth.

My opinion about this episode is that if we overuse mask, there are high chances that some bugs 🐞 or worms 🦎 🪱 may get life in the central part of mask cos we touch here very often without properly cleaning our hands. The same is the situation with our gloves 🧤, spectacle 🕶️, handkerchief, pockets, bag

, helmet , cap , pen , notebook , desk, computer and so on.

Regarding visibility of bugs , they become more active when heated but can't cross inner layer of mask cos pore size is 0.3 microne. But their eggs and larva can cross it being smaller in size. And they may enter into our breathing system but surely they are trapped in nostrils by tiny hairs and the mucous and can't cross this barrier and become inactive. If they are successfully intruded into lungs even then die when enter into blood stream, or stomach thru nasal mucous, or expelled out with cough, sneeze , etc.

Our air, where we breath , has bundle load of germs, pathogens, dust particles, smoke, obnoxious gases, flying ash, spores, etc. but we breath freely cos they are all colorless and mostly odorless. If someone could give them different colors, we may not breath and die. Some panicky persons are always active

on social media and now they have tried to create a fear and hype against masking.

Please allow me to ask a question ⁉️. Would you dare to give a space to the nasty social media users?

Solution: Always use fresh mask 😷. It's not expensive than your health. They are disposable and never we received them in a dowry to preserve forever 🙏.

DR SULTAN MAHMOOD

6. I believe that the use of medicines in the treatment of diseases should come in the end as a last resort. We can maintain our holiastic health through correct food, diet & nutrition. This is the natures way of nurturing & healing the creatures.

7۔ کورونا کے مریض کے لئے

گھر میں قرنطینہ کر کے صبح دوپہر شام وٹامن سی 500 ملی گرام، لیموں پانی تین دفعہ دن میں اور زنک کی دو گولیاں روزانہ۔ تیسرے چوتھے دن اینٹی باڈی ٹیسٹ اور مکمل آرام۔ اللہ اللہ خیر سلا۔

8۔ گو کہ پاکستان دودھ کی پیداوار میں دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے لیکن گرمیوں میں کولنگ ٹینکس کی کمی کے باعث سالانہ 10 ارب لٹر دودھ ضائع ہو جاتا ہے۔
)فرسٹ ڈائٹ کیئر ریسرچ سنٹر(

9۔ شیبی شیبی فرمائش گروپ
ڈپریشن کی وجوہات کیا ہیں ہے اور اِس سے بچا کیسے جا سکتا ہے۔
اہل علم رائے دیجیئے

ڈاکٹر سلطان محمود
ڈپریشن ماضی کی ندامت اور انگزائٹی مستقبل کا خوف ہوتا ہے۔ زیادہ حساس لوگ ان دونوں ذہنی کیفیات یا نفسیاتی بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں کیونکہ ہر ایک کے ماضی میں دیکھے گئے خواب پورے ہونے سے کہیں نہ کہیں رہ گئے ہوتے ہیں اور اسی طرح ہر ایک میں کوئی نہ کوئی ایسی کمزوری یا خرابی ہوتی ہے جو اسے مستقبل سے خوفزدہ رکھتی ہے۔

ان دونوں کیفیات کا تعلق دماغ میں بننے والے ایک کیمیکل سیروٹونین کی کمی بیشی سے ہے۔ جو صرف اس صورت میں ضرورت کے مطابق بنتا ہے کہ اگر 5 HTP کا مالیکیول درست مقدار میں خون کے زریعے دماغ تک پہنچ پائے۔

علاج میں تین کام اکٹھے کرنے پڑتے ہیں یعنی ذہنی یا روحانی مشق، غذائی علاج اور ورزش یا سخت سیر۔ ان دونوں کیفیات میں انگریزی دوا ہر گز استعمال نہیں کرنی چاہیئے۔

ذہنی مشق میں لاپرواہی بڑھانا شامل ہے یعنی ذہنی دباؤ (ڈپریشن) اور ذہنی تناؤ (ٹینشن) بننے والے کسی واقعے یا کمزوری کو اللہ پر پھینک کر ذہن سے نکال دیا جائے۔ اس کے لئے یا تو انسان اللہ پر شدید بھروسہ کرنے والا ہو یا پھر امریکی تکنیک این ایل پی (Neuro Linguistic Technique) کی مشقیں کرے۔

غذائی علاج میں سرخ گوشت (یعنی بھیڑ، بکرا، گائے، بھینس وغیرہ کی کلیجی و گردے) کھانے کی مقدار ذرا سی بڑھالی جائے، پانی زیادہ پیا جائے اور السی (flaxseed) کھائی جائے۔ نمک اور چکنائی کا استعمال کم کریں نیز زیادہ میٹھا کھا کر معدے میں تیزابیت نہ بننے دیں۔ ہو سکے تو دہی کی لسی کا روزانہ استعمال کیا جائے۔

ورزش میں رات کھانے سے آدھا گھنٹہ بعد کم از دو کلو میٹر 25 منٹوں میں تیز تیز چلنا شامل ہے جو ایک ہفتے میں کم از کم 150 منٹ ہو۔ نماز میں لمبے سجدے بھی کارآمد ہوتے ہیں۔

سیریز دوم: غذا اور صحت

10۔ محمد اکمل از سائنس کی دنیا
نبض دِل کی دھڑکن کا پتہ دیتی ہے مگر کُچھ لوگ اس سے بیماریوں کا پتہ چلا لیتے ہیں۔ میڈیکل سائنس میں ایسا کوئی آلہ نہیں جو نبض سے بیماریوں کے متعلق بتائے۔ نبض اور پیچیدہ بیماریوں کا آپس میں کوئی تعلق ہے یا نہیں؟

ڈاکٹر سلطان محمود
جب طب میں جدید آلات موجود ہیں تو پھر نبض والی تک بندی کی کیا ضرورت ہے؟ نبض پہچاننے والا ایک بھی شخص اس دور میں موجود نہیں۔ بلکہ مجھے لائلپور / فیصل آباد کے پچاس برس پرانے معروف ڈاکٹر افسر علی خان آج بھی یاد ہیں جو ان پڑھ عوام کی تشفی کے لئے اور اپنا کلینک چمکانے کے لئے محض دکھاوے کے طور پر ایم بی بی ایس ہونے کے باوجود مریضوں کی نبض دیکھا کرتے تھے۔ حالانکہ ہمارے بزرگوں کے بقول وہ نجی محافل میں اپنی اس حکمت عملی پر ہنسا بھی کرتے تھے۔ یہی حال اس وقت ڈاکٹر قریشی، ڈاکٹر غلام رسول اور ڈاکٹر کیپٹن آفتاب شیخ کا بھی تھا۔

میرا حکماء برادری میں خاصہ آنا جانا ہے لیکن بصد احترام بھی عرض کروں تو بیچارے شدید دوگے عملی کا شکار ہیں اور ہمیشہ ماضی میں زندہ رہتے ہیں یعنی تعریفیں اور مثالیں ہزار دو ہزار سال پرانی طب یونانی کی دیتے ہیں مگر ہاتھ میں تھرمامیٹر اور گلے میں سٹیتھی سکوپ ہوتا ہے اور دواؤں میں پسی ہوئی اسپرین یا سٹیرائیڈز سے بھرپور دیسی ادویات۔ یعنی باقی سبھی معاملات میں انحصار سو فیصد طب جدید پر۔ صاحب استطاعت عوام تو اب چونکہ حکماء کی جانب رخ ہی نہیں کرتی اس لئے پاک

وہند میں حکمت یونانی کا مستقبل بہت تاریک ہے۔ اوپر سے ہومیوپیتھی، آکوپنکچر وغیرہ اور غذائی ماہرین نے ان کا جینا دوبھر کیا ہوا ہے۔

دوسری جانب WHO کا ایجنڈہ بھی نہایت قابل اعتراض ہے جو پوری طرح فارمافیا کے چنگل میں پھنس چکا ہے اور وہ قصداً طب مشرق کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ یہ تو برصغیر کی غربت نے WHO کا رستہ روک رکھا ہے اور ہمدرد قرشی جیسے ادارے چلتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں ورنہ طب یونانی کب کا خواب بن چکی ہوتی۔

DIET AND HEALTH Q

Arslan8

1۔ پھیپھڑے نمی یا آکسیجن کی کمی کی صورت میں جب جھٹکے سے اپنی کمی پوری کرتے ہیں تو اسے ہچکی کہتے ہیں۔

2۔ محمد احمد ملک۔ سائنس کی دنیا

برائلر مرغی زیادہ طاقتور ہوتی ہیں یا دیسی؟ سائنس کے لحاظ سے۔

برائلر دیسی مرغی سے تین گنا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ تین برس قبل کی میری تحقیق روزنامہ "نئی بات "میں شائع ہو چکی ہے

کنگز ناصر

ڈاکٹر سلطان محمود

یہ دیسی ولائتی کی بحث بہت پرانی ہے۔ دیسی مرغ، گھی، گندم و دیگر اجناس، پھل، بیج اور تیل اور ان سب کی ولائتی پراڈکٹس در حقیقت بنیادی طور پر ٹیکنالوجی اور عدم ٹیکنالوجی کا کھیل ہے نیز منہ کے ذائقے کی باتیں ہیں۔ کوشش کرتا ہوں کہ اپنے آرٹیکل کا لنک بھیج دوں۔ میں نے 36 برس قبل دیسی ولائتی مرغ 🐓 کے موضوع پر ایم ایس سی کی تھی۔ لیکن عوام اتنی سادہ ہے کہ دیس

ولائتی کے چکر سے آج بھی آزاد نہیں ہو پا رہی۔ صرف ایک نقطے پر غور کر لیں تو بات سمجھ آ جائے گی۔ ہمارے ملک کی تمام مہیا شدہ غذائی پیداوار صرف 8 کروڑ لوگوں کی غذائی ضرورت پوری کر سکتی ہے مگر ہم 23 کروڑ ہیں۔ آگے خود غور کریں۔

3۔ عابد ملک سائنس کی دنیا

ڈاکٹر سلطان محمود

عموماً میٹابولک بیماریوں کو ہم لائف سٹائل کو تبدیل کر کے دور کرتے ہیں مگر بعض اوقات فوڈ سپلیمنٹس بھی دینے پڑتے ہیں۔

4۔ حبیب اللہ شاہ سائنس کی دنیا

سگریٹ پینے کے کونسے نقصانات ھے ؟کچھ لوگوں کا دعوی ھے کہ سگریٹ پینے کے کچھ فوائد بھی ھے کیا یہ درست ھے ؟

ڈاکٹر سلطان محمود
فائدے والی بات تو ایسے ہی ہے جیسے کوئی کہے کہ نالے کے گند میں کچھ ایسا کچن ویسٹ بھی ہوتا ہے جو پروٹین سے بھرپور ہے۔

آخر لوگ تمبا کو نوشی کرتے کیوں ہیں؟

بی بی سی انگریزی کے ریڈیو پروگرام انکوائری میں سنگیتا بھاسکر نے اسی سوال کا جواب تلاش کرنے کی کوشش کی اور اس سلسلے میں انہوں نے کئی ماہرین سے بات بھی کی.

پروفیسر رابرٹ ویسٹ لندن کی مشہور یونیورسٹی، یونیورسٹی کالج میں صحت کی نفسیات یا ہیلتھ سائیکالوجی پڑھاتے ہیں۔ تمباکو نوشی کے موضوع پر اپنی کتاب میں ان کا کہنا ہے کہ اگرچہ وہ آج لوگوں کو بتاتے ہیں کہ سگریٹ پینا نقصان دہ ہے لیکن کالج میں وہ خود بھی اس نشے کے شکار ہو گئے تھے۔ انھوں نے تقریباً تین سال تک سگریٹ پی. لیکن ان کی گرل فرینڈ کو ان کی اس عادت پر شدید اعتراض تھا۔ اگرچہ انھوں نے اپنی گرل فرینڈ کو سختی کرنے سے روک دیا لیکن انھوں نے سگریٹ چھوڑ دی۔

پروفیسر رابرٹ ویسٹ کہتے ہیں کہ سگریٹ چھوڑنے کا شرطیہ فارمولہ 'گرل فرینڈ فارمولہ' ہے۔ اگر آپ کی گرل فرینڈ کو سگریٹ پینے سے نفرت ہے، تو آپ کو بڑی آسانی سے اس لت سے چھٹکارا مل سکتا ہے۔ پروفیسر ویسٹ نے اپنی اُس دوست کے ساتھ زندگی کے تیس سال گزارے.
پروفیسر ویسٹ کہتے ہیں کہ سگریٹ کی لت پڑنے کی وجہ سائنسی ہے. اصل میں تمباکو میں ایک کیمیکل ہوتا ہے جس کا نام ہے نکوٹین۔ جب آپ سگریٹ کا دھواں اپنے اندر کھینچتے ہیں، تو آپ کے پھیپھڑوں کی تہیں اس دھوئیں سے نکوٹین لینا شروع کر دیتی ہیں۔ چند سیکنڈ کے اندر اندر یہ نکوٹین آپ کے دماغ کے اعصاب تک پہنچ جاتی ہے. نکوٹین کے اثر سے ہمارا دماغ ڈوپامائن dopamine نام کا ہارمون خارج کرتا ہے جس سے ہمیں بہت اچھا احساس ہوتا ہے۔

جب بھی دماغ ڈوپامائن چھوڑتا ہے، تو ہمیں بہت مزا آتا ہے۔ یوں لگتا ہے کہ ہمیں کسی کام کا اجر ملا ہے۔ یعنی دماغ کو یہ اشارہ جاتا ہے کہ اگر آپ سگریٹ پئیں گے تو آپ دماغ محسوس کرے گا کہ آپ نے بہت اچھا کام کیا ہے۔ دماغ یہ جان بوجھ کر نہیں کرتا بلکہ وہ ایسا وہ نکوٹین کے اثر کی وجہ سے کرتا ہے۔

لیکن جلد ہی دماغ کو نکوٹین کی ایسی لت لگ جاتی ہے کہ آپ بار بار سگریٹ یا بیڑی یا سگار پیتے ہیں۔ یہ لت ٹھیک ویسی ہی ہوتی ہے، جیسے کسی منشیات کی لت، مثلاً ہیروئن. نکوٹین کا نشہ اس قدر طاری ہوتا ہے کہ وہ آپ کے رویے کو کنٹرول کرنے لگتا ہے۔

پروفیسر رابرٹ ویسٹ نے نکوٹین کا اثر جاننے کے لیے کچھ ایسے لوگوں پر ریسرچ کی جن کو گلے کا کینسر ہو گیا تھا۔ ان لوگوں کے گلے کی نالی، جو پھیپھڑوں سے جڑی ہوتی ہے، اسے کاٹنا پڑ گیا تھا۔ مگر ان لوگوں کو نکوٹین کی اس قدر لت پڑ گئی تھی، کہ وہ گلے سے ہی سگریٹ پیتے تھے۔ دھواں براہ راست ان کے پیٹ میں جاتا تھا. اس سے شدید جلن ہوتی تھی۔ کینسر کی واپسی کا بھی خطرہ تھا۔ مگر تمباکو کے یہ عادی افراد اس سے بھی نہیں ڈرتے تھے۔

یعنی نکوٹین کا نشہ ہیروئن جیسا ہوتا ہے۔ اب ہیروئن پر تو دنیا بھر میں پابندی ہے، مگر تمباکو کے استعمال کی ممانعت نہیں ہے اور یہ فیصلہ لوگوں پر چھوڑ دیا گیا ہے کہ وہ تمباکو استعمال کریں یا نہ کریں۔

تمباکو میں پایا جانے والی نکوٹین ہمارے دماغ کے اس حصے کو کنٹرول کر لیتا ہے جس کے ذریعہ ہم غور و فکر کرتے ہیں اور فیصلے کرتے ہیں۔ جب نکوٹین دماغ تک پہنچتی ہے تو یہ صرف ہمارے دماغ کی سوچنے سمجھنے کی طاقت نہیں چھینتی، بلکہ یہ ہمارے دماغ کو بار بار سگریٹ پینے پر اکساتی ہے۔

دماغ ہمیں خبر دار بھی کرتا ہے، لیکن ہم اس کی سنی ان سنی کر دیتے ہیں. یہی وجہ ہے کہ عام انسانوں سے لے کر امریکہ کے سابق صدر براک اوباما جیسے لوگ تک سگریٹ کی لت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یعنی انسان کتنا بھی عقل مند کیوں نہ ہو، نکوٹین کا نشہ اس پر حاوی ہو جاتا ہے۔
پروفیسر ویسٹ کے مطابق ہمارے کچھ جین بھی ہمارے تمباکو کے نشے کے ذمہ دار ہیں۔ ہمارے جسم میں تقریباً 70 سے 80 فیصد جینز ایسے ہوتے ہیں، جو ہمیں سموکنگ کی لت کی طرف دھکیلتے ہیں. نکوٹین اس کام کو آگی بڑھاتی ہے اور وہ ہمارے سوچنے سمجھنے کی طاقت کو قابو کرنے لگتی ہے۔

5۔ برائے انابیہ ڈول
ٹائیفس بیکٹیریا عام انٹی بائیوٹک سے نہیں مرتا نیز ایک آرگن سے دوسرے میں پناہ لیتا رہتا ہے اس لئے دوا اکثر بے اثر رہتی ہے لہذا بار بار بخار کا سامنا کرنا پڑتا ہے اسی لئے ٹائیفائیڈ کو معیادی بخار بھی کہتے ہیں۔

6۔ FBF Ashmal Hashmi: [7/10, 11:01] حکم نہیں, مجھے تین دن سے گردن سے شولڈرز تک درد ہے پرسوں تو گردن کو پیچھے کیطرف جھٹکے سے محسوس ہو رہے تھے
FBF Ashmal Hashmi: [7/10, 11:03] ابھی بھی ناشتہ کرتے ہوئے طبیعت ڈاؤن ہو گئ سر کی بیک سائیڈ سے گردن اور شولڈرز تک جسم ٹوٹ گیا اور نیند محسوس ہو رہی ہے
Sultan Mahmood: [7/10, 11:41] اس کیفیت میں تو وہی ڈاکٹر بتا سکتا ہے جو فزیکل معائنہ کر رہا ہو۔ مجھے فوری کچھ سمجھ نہیں آ رہی۔

Sultan Mahmood: [7/10, 11:48] میرے محدود علم کے مطابق دماغ کو جانے والی خون کی شریان صحیح کام نہیں کر رہی۔ فوری افاقہ کے لئے میرے ذاتی خیال میں پونسٹان ڈی ایس کی ایک ایک گولی صبح دوپہر شام کے ساتھ سجدے والی پوزیشن میں دس دس منٹ کی ورزش سود مند ثابت ہو سکتی ہے۔ اگر ایلوویرا (کوار گندل) مل جائے تو اس کا غدا ایک چمچ صبح دوپہر شام براہ راست یا پھینٹ کر پی لو۔ اور جتنی جلد ہو سکے وزن پانچ تا دس پونڈ کم کر لو۔

7۔ مہ جبین
یہاں تیس کے بعد ہی عورت لنگی لنگی چلنا شروع کر دیتی۔۔ کہ گھٹنے درد کے
مارے ہوئے۔۔۔
کمر اور مہروں کا درد ہر دوسری عورت کو۔۔۔ وجہ ؟؟

ڈاکٹر سلطان محمود
عمومی وجہ تو مسلسل ماہواریوں یا حاملہ رہنے سے کیلشئم، آئرن اور دیگر نمکیات کے علاوہ حیاتین کی شدید کمی ہوتی ہے نیز عورت کا باقاعدہ ورزش کا نہ کرنا بھی ایک عنصر ہے۔

8۔ رابعہ آصف
انسان کے لئے گوشت کھانا کیوں ضروری ہے؟ اگر غذائیت کی وجہ سے گوشت کھانا ضروری ہو مگر گوشت کھانے کو دل نہ کرے تو اس کا متبادل کیا ہو سکتا ہے؟

ڈاکٹر سلطان محمود

گوشت میں پروٹینز، نمکیات اور چکنائی کی شکل میں بھرپور غذائیت ہوتی ہے جس کا مناسب استعمال صحت کے لئے بہتر ہے لیکن اسے لازماً کھانا بھی کوئی ایسا ضروری نہیں۔ اگر دل نہ چاہے تو نزدیک ترین متبادل دالیں ہیں۔ ویسے آپ خوش قسمت ہیں کہ آپکا دل نہیں چاہتا انشاءاللہ آپ گوشت کی پروٹین اور چکنائیوں سے لگنے والی بیماریوں سے محفوظ رہیں گے مثلاً جوڑوں کے درد اور دل کے امراض سے۔

ڈاکٹر سلطان محمود
پی ایچ ڈی نیوٹریشن
ماہر امور غذایات و غذائی تحفظ

9۔ تبسم علی
سوال یہ ہے کہ

گوشت خور جانور شیر, چیتا وغیرہ صرف گوشت کھا کر تمام غذائی اجزاء سب کیسے حاصل کر لیتے ہیں جبکہ ہم انسانوں کو متوازن غذا کھانی پڑتی ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

گوشت خور اور سبزی خور جانوروں کے معدے آپس میں بھی اور انسان سے بھی مختلف ہوتے ہیں نیز ان کا استحالہ یعنی میٹابولزم بھی بے حد مختلف ہے۔ چونکہ گھاس پھونس کی نسبت گوشت کو ہضم کرنا خاصہ آسان ہے اس لئے سبزی خور جانوروں کی اکثریت کے معدے کے چار حصے ہوتے ہیں یعنی rumen, reticulum, abomasum اور .omasum جہاں ہاضمے کے مختلف امور ادا ہوتے ہیں۔ انسان میں دونوں صلاحیتیں ہیں جو معدے، چھوٹی آنت اور بڑی آنت پر مشتمل ہوتی ہیں۔ اسی لئے گوشت خور جانوروں (carnivore) کے کاٹنے والے دانت نوکیلے اور چبانے والی داڑھیں ہتھوڑا نما ہوتی ہیں۔ سبزی خور جانور (herbivore) کے نوکیلے دانت نہیں ہوتے اور داڑھیں براہ راست ہتھوڑا نما ہوتی ہیں جبکہ حضرت انسان omnivore ہے لہذا کاٹنے والے نوکیلے اور چبانے والے ہتھوڑے نما دانت بھی رکھتا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

10۔ رخسانہ پروین

کیا یہ سچ ہے کہ بروفن سیرپ جگر اور گردوں کے لئے نقصان دہ ہے؟

ڈاکٹر سلطان محمود

ہر انگریزی (مصنوعی) و نباتاتی (قدرتی) دوا کے ضمنی اثرات جگر پر سب سے زیادہ پڑتے ہیں کیونکہ جگر نے ہی ان دواؤں کی آخری توڑ پھوڑ کرنی ہوتی ہے۔ پوٹینسی سے کم دوا اثر نہیں کرتی اور زیادہ والی ضمنی اثرات چھوڑتی ہے۔ اسی لئے کہتے ہیں کہ صرف مستند معالج سے دوا لکھوا کر اسی کی ہدائت کے مطابق استعمال ہی کرنی چاہیئے۔ ہمارے ہاں کئی مسائل ہیں مثلاً معالج قابل قبول سند

یافتہ ہے کہ نہیں، اس کا نسخہ کمیشن کے لالچ میں فارما کمپنی کی ہدائت کے مطابق ہے یا اپنے علم کے مطابق، دوا اصلی ہے کہ نہیں، دوا میں سالٹ کم تو نہیں ڈالا گیا، مریض نے ہدائت کے مطابق لی کہ نہیں، مریض نے کسی دوسرے مریض کی دوا کی نقل کر کے معالج سے پوچھے بنا تو نہیں لے لی، دوا لینے کے دوران مریض کی غذا کیسی تھی، معدہ خالی تھا کہ نہیں؟ وغیرہ۔

DIET AND HEALTH R

1۔ ہماری پرانی پوسٹ مارچ 2021ء
ہم نے علی الصبح بلیک کافی بارے ایک کلپ
پر بحیثیت غذائی ماہر اپنا تبصرہ پیش کیا
تھا۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ آسٹریلیا میں
مقیم ایک ماہر ڈاکٹر افضل چوہدری صاحب نے
اس کا محاسبہ کیا اور اپنی معروضات پیش
کیں۔ ہم دونوں کے درمیان علمی بحث کافی
صحت مند رہی۔ ہم اس کا خلاصہ عوامی خدمت
کے جذبے سے پیش کر رہے ہیں تا کہ بہتوں کا بھلا ہو (ڈاکٹر سلطان محمود)

ایک رپورٹ میں بلیک ریگولر کافی کے فائدے
بتائے جا رہے ہیں ہم نے عرض کی کہ یورپ اور امریکہ میں بڑا پرانا رواج ہے کہ جب اپنی کسی چیز کو بیچنا ہوتا ہے تو لاکھوں ڈالر یونیورسٹیوں اور ریسرچ کلینکس کو دے کر بڑے بڑے سائنسدانوں اور ڈاکٹروں سے پیپر اور کتابیں لکھوائیں جاتی ہیں۔ اسے اشتہاری دنیا میں ذہن سازی کہتے ہیں جو پھر لمبے عرصے تک فروخت کے ریکارڈ بناتی ہے۔ اس مہم میں تکنیک یہ اختیار کی جاتی ہے کہ ساری کی ساری رپورٹ یا تقریر اس آئٹم کے مثبت پہلوؤں کے گرد گھومتی ہے اور جان بوجھ کر اس دوا یا

غذا کے ضمنی اثرات یا سائیڈ ایفکٹس پر بات نہیں کی جاتی۔ اس تحقیقی بنیادوں پر "سچے" پروپیگنڈے کو نمایاں اشتہاری فورم یا ماس میڈیا پر پھیلایا جاتا ہے اس میں جو حقیقت ظاہر نہیں کی جاتی وہ یہ ہوتی ہے کہ تجربات جس ماحول، جانور، انسان وغیرہ پر کئے جاتے ہیں وہ صارفین کی نظر سے اوجھل رہتے ہیں اور بسا اوقات اس کے بالکل الٹ موسم، حالات نیز مختلف فزیالوجی والے لوگوں پر اس کے جو برے اثرات مرتب ہوتے ہیں انہیں پھر اسی میڈیا پر مشتہر معالجاتی ادویات سے ٹھیک کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ بالفاظ دیگر سائنسی تحقیق کرنے والے اداروں کو فنڈنگ کرنے والی بین الاقوامی کمپنیاں دہرے فایدے میں رہتی ہیں۔

ہمارا کافی پینے کا چالیس سالہ تجربہ
بتاتا ہے کہ گرم خشک علاقوں کے لوگ ہر گز
بلیک کافی استعمال نہ کریں اور اگر شوق
فرمانا ضروری سمجھیں تو دودھ ملی نصف کپ
یعنی چار اونس روزانہ سے زاید کافی نہ
پئیں یا سردیوں میں پورا کپ۔ ورنہ ہمارے
دماغ کا سونے کا مرکز (سلیپ سنٹر) گہری
نیند میں خلل ڈالے گا اور دوران نیند
ہماری مناسب انداز میں دماغی تراش خراش
مکمل نہ ہو پائے گی۔ نیز دوسرا نقصان یہ
ہو گا کہ کافی ہمارے جگر کو ضرورت سے زاید کولیسٹرول بنانے پر بھی مجبور کرے گی۔

افضل چوہدری صاحب نے عوامی بھلائی کی
خاطر اس پر ہماری تحقیق کا حوالہ مانگا
اور پوچھا کہ جو چائے ہم گرم علاقوں کے
لوگ پیتے ہیں، اس بارے میں بھی ہماری رائے طلب کی۔

ہم نے دست بستہ عرض کیا کہ چائے کے ایک 8
اونس والے کپ میں کیفین 35 ملی گرام مگر
کافی میں 40 تا 60 ہے۔ دوم، چائے کی پتی کے فلیوونائیڈز اینٹی آکسیڈنٹ ہیں جو انسٹنٹ کافی میں ناپید ہوتے ہیں۔ گو کہ چائے کافی دونوں معدے میں تیزابیت بڑھا کر بڑھاپا اور موٹاپا تیز کرتے ہیں مگر چائے کے جگر پر اثرات معتدل مگر کافی کے نشہ آور طرز کے ہوتے ہیں۔ سائنسی حوالے کے طور پر ہم نے انہیں مطلع کیا کہ پچھلے برس فوڈ اینڈ نیوٹریشن سیریز کی ہماری آٹھویں کتاب "غذائی علاج" کے عنوان سے مارکیٹ میں آگئی تھی جس میں چائے کافی کے بارے میں بھی مضمون موجود تھا۔ ہم نے اسی کا حوالہ دیا اور مزید عرض کی کہ جہاں تک عالمی قابل اعتماد سائنسی تحقیقات کا تعلق ہے وہ سب کے لئے یکساں طور پر قابل حصول ہیں نیٹ کے ذریعے۔

صلائے عام ہے یاران نکتہ دان کے لئے۔

2۔ سور چربی کی تاریخ

ڈاکٹر ایم امجد خان

ہر مسلمان کے لئے یہ پڑھنا بہت ضروری ہے

یورپ سمیت تقریباً تمام امریکی ممالک میں
گوشت کے لئے بنیادی انتخاب سور ہے۔ اس
جانور کو پالنے کے لئے ان ممالک میں بہت
سے فارم ہیں۔* صرف فرانس میں، پگ فارمز
کا حصہ 42،000 سے زیادہ ہے۔*

کسی بھی جانور کے مقابلے میں سور میں
زیادہ مقدار میں FAT ہوتی ہے۔ لیکن یورپی
اور امریکی اس مہلک چربی سے بچنے کی کوشش
کرتے ہیں۔

اس چربی کو ٹھکانے لگانا ان مملک کے محکمہ خوراک کی زمداری ہوتی ہے۔ اس چربی کو ختم کرنا محکمہ خوراک کا بہت بڑا سر درد تھا۔ اسے ختم کرنے کے لیئے باضابطہ طور پر اسے جلایا گیا، لگ بھگ 60

سال بعد انہوں نے پھر اس کے استعمال کے بارے میں سونچا کہ پیسے بھی کمائے جاسکیں۔ صابن بنانے میں اس کا تجربہ کیا گیا اور یہ تجربہ کامیاب رہا۔

شروع میں سور کی چربی سے بنی مصنوعات پر pig fat کے طور پر مصنوعات پر درج کیا جاتا تھا۔ چونکہ ان کی مصنوعات کا بہت بڑا خریدار مسلمان ممالک ہیں اور ان ممالک کی طرف سے ان مصنوعات پر پابندی عائد کر دی گئی، جس کے نتیجے میں ان کو تجارتی خسارہ ہوا۔

وقت کے ساتھ اگر آپ 1857 میں چلے جائیں تو معلوم ہو گا کہ اس وقت رائفل کی یورپ میں بنی گولیوں کو برصغیر میں سمندر کے راستے پہنچایا گیا۔ وہاں پہنچنے میں مہینوں لگے اور سمندر کی نمی کی وجہ سے اس میں موجود بندوق کا گن پاؤڈر خراب ہو گیا اور گولیاں ضایع ہو گئیں۔ اس کے بعد گولیوں کو محفوظ کرنے کے لئے سور کی چربی کی پرت گولیاں پر لگانے لگے۔ گولیوں کو استعمال کرنے سے پہلے دانتوں سے اس چربی کی پرت کو نوچنا پڑتا تھا۔ جب یہ بات پھیل گئی کہ ان گولیوں میں سور کی چربی کا استعمال ہوا ہے تو فوجیوں نے جن میں زیادہ تر مسلمان اور کچھ سبزی خور ہندو تھے نے لڑنے سے انکار کر دیا، جو آخر کار خانہ جنگی کا باعث بنی۔ یورپی باشندوں نے ان حقائق کو پہچان لیا ،اور PIG FAT لکھنے کے بجائے، انہوں نے FIM لکھنا شروع کر دیا۔

1970 کے بعد سے یورپ میں رہنے والے تمام لوگ اس حقیقت کو جانتے ہیں۔ جب ان کمپنیوں سے مسلمان ممالک کے حکام نے پوچھا کہ یہ جانوروں کی چربی کون سی ہے تو، ان کو بتایا گیا کہ یہ

گائے اور بھیڑ کی چربی ہے۔ یہاں ایک سوال پھر اٹھایا گیا، اگر یہ گائے یا بھیڑ کی چربی ہے تو پھر بھی یہ مسلمانوں کے لئے حرام ہے، کیونکہ یہ جانور اسلامی قانون کے مطابق حلال نہیں کیے گئے تھے۔

اس طرح، ان پر دوبارہ پابندی عائد کر دی
گئی۔ اب ان کثیر القومی کمپنیوں کو ایک
بار پھر کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ ان کی
آمدنی کا بڑا حصہ مسلم ممالک کو اپنا
سامان بیچنے سے حاصل ہوتا ہے۔

آخر میں انہوں نے کوڈنگ زبان شروع کرنے کا فیصلہ کیا، تاکہ صرف ان کے محکمہ فوڈ ایڈمنسٹریشن کو پتہ چل سکے کہ وہ کیا استعمال کر رہے ہیں، اور عام آدمی اندھیرے میں ہی رہے۔ اس طرح، انہوں نے ای کوڈز کا آغاز کیا۔ یہ E-INGREDIENTS کی شکل میں کثیر القومی کمپنیوں کی مصنوعات میں لکھی جاتی ہیں، ان مصنوعات میں دانتوں کی پیسٹ، ببل گم، چاکلیٹ، ہر قسم کی سوئٹس، بسکٹ، کارن فلاکس، ٹافیاں کینڈ فوڈز اور پھل۔ کچھ دوائیاں اور ملٹی وٹامنز چونکہ یہ سامان تمام مسلمان ممالک میں اندھا دھند استعمال کیا جا رہا ہے سور کے اجزاء کے استعمال سے ہمارے معاشرے کو بے شرمی، بے رحمی اور جنسی استحصال جیسے مسائل کا سامنا ہے۔

لہذا، تمام مسلمان یا غیر سور کا گوشت
کھانے والوں سے درخواست کریں کہ وہ

روزانہ استعمال ہونے والے ITEMS کے اجزاء کو چیک کریں اور ای کوڈز کی مندرجہ ذیل فہرست کے ساتھ ملائیں۔ اگر نیچے دیئے گئے اجزاء میں سے کوئی بھی پایا جاتا ہے تو، پھر اسے یقینی طور پر بچیں، کیونکہ اس میں سور کی چربی شامل ہے۔

E100 *، E110، E120، E140، E141، E153، E210، E213، E214، E216،
E234، E252، E270، E280، E325، E326، E327 E334، E335، E336،
E337، E422، E41، E431، E432، E433، E434، E435، E436، E440، E470
E471، E472، E473، E474، E475، E476، E477، E478، E481، E482،
E483، E491، E492، E493، E494، E549، E572 E542، E621، E631،
E635، E904 *

ڈاکٹر ایم امجد خان
میڈیکل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، ریاستہائے
متحدہ امریکہ

3۔ کٹھل یا جیک فروٹ بیشمار غذائی فوائد
سے بھرپور ہے۔ اس پھل کے بیج کو سالم

کھانے کی بجائے پیس کر مختلف ڈشز میں ڈالا جانا چاہیے تا کہ وٹامنز بی اور سی کے علاوہ نمکیات کا خزانہ حاصل کیا جا سکے۔ کیونکہ یہ براہ راست کھانے میں بڑا بد مزہ اور شدید مہنگا بھی ہے۔ کوریا اور چین میں خاصہ اگتا ہے۔

4۔ لبنیٰ احسان خان۔ گروپ سائنس کی دنیا
مشہور ایکٹر راشد محمود کا بیٹا اظہر
محمود، 2013ء میں محض 26 سال کی عمر میں ہارٹ اٹیک سے فوت ہو گیا۔ میرا سوال یہ ہے کہ بظاہر فٹ نوجوان اور عمر بھی 26 سال، تو سائنسی طور پر ہارٹ اٹیک کی کیا وجوہات ہوں گی؟

ڈاکٹر سلطان محمود
ممکن ہے سات برس سے زاید وہ مسلسل سوڈا
پیتا رہا ہو، فاسٹ فوڈز کھاتا رہا ہو،
سموکنگ کرتا رہا ہو یا پھر سرخ گوشت کھانے کا شوقین رہا ہو۔ ان سب سے دل کے عضلات بے حد کمزور ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹر سلطان محمود ماہر غذا

5۔ ان صاحب کو تقریر کرنے کا کافی شوق ہے
لیکن جس معاملے پر انہوں نے بات کی ہے وہ
اس وقت درست ہے۔ اور انہوں نے سوالات بھی
درست اٹھائے ہیں۔ البتہ دو سوال ابھی تک

یا تو اٹھائے نہیں گئے یا جان بوجھ کر
آگاہی نہیں دی جارہی اور جن کے جوابات نے کوویڈ کا معاملہ ابھی تک الجھن میں رکھا ہوا ہے مثلاً (1) کیا کوویڈ نے قدرتی طور پر اچانک حملہ کر دیا ہے یا اسے سائنسی طور پر لیبارٹری میں باقاعدہ شکل تبدیل کر کے جنگی ہتھیار کی شکل دی گئی ہے؟ اور (2) امریکہ کی تو سمجھ آگئی کہ وہ دنیا میں سرمایہ دارانہ نظام مضبوط کرنا چاہتا ہے تو کیا چین بھی اس کا ساتھی ہے یا پھر دونوں کا سیاسی و معاشی ایجنڈہ ایک ہے؟ ڈاکٹر سلطان محمود

6۔ نعمان ارشد رائیٹرز کیفے
میں بہت زیادہ ڈپریشن کا شکار ہوں ساری
رات نیند نہیں آتی کوئی میڈیسن ہے اس کی؟

ڈاکٹر سلطان محمود
ماضی کی کسی گہری غلطی پر اللہ سے معافی
مانگ کر آئندہ نہ دہرانے کا وعدہ کریں نیز روزانہ رات نیم گرم دودھ کا گلاس پی کر سویا کریں۔

7۔ غلام ربانی فیصل آباد

السلام علیکم۔ پیارے بھائی منفی سوچوں
اور چڑچڑا پن سے نجات کا غذائی علاج کیا

ہو سکتا ہے؟

ڈاکٹر سلطان محمود
شکریہ آپ نے مشورے کے قابل سمجھا۔

روزانہ رات نیم گرم دودھ، گرم مصالحوں سے
پرہیز نیز ہفتے میں کم از کم چار دن چھوٹا گوشت ایک وقت میں ایک پاؤ جو باربی کیو نہ ہو۔ دن میں گھونٹ گھونٹ کر کے چار گلاس صاف پانی اور ناشتے میں دہی لازم کر لیں۔ چائے کافی قہوہ دو کپ سے زاید نہ ہو۔

یہ غذائی علاج جن دیگر عوامل سے زیادہ
موثر ہوتا ہے وہ ہیں (1) رات سونے سے قبل
تیز واک پندرہ منٹ تک اور پھر سونے سے قبل غسل (2) ہر سانس لمبا اور گہرا (3) ہم بستری ہفتے میں ایک بار لازم (4) نیند سیدھی سات گھنٹے روزانہ (5) آدھے گھنٹے بعد پوزیشن لازمی بدلیں یعنی بیٹھے ہیں تو اٹھ کر ایک منٹ کے لئے چل لیں (6) دن میں دو قہقہے لازمی لگائیں بھلے سے بند کمرے میں اکیلے ہی لگانے پڑیں، اور (7) درود شریف کا ورد۔

ان تمام پابندیوں کو دیکھ کر آپ یقیناً
سوچ رہے ہونگے کہ پھر چڑچڑا پن ہی ٹھیک ہے

😁

8۔"بدلتے موسم میں غذائی ہدایات" کے موضوع پر کل میری گفتگو بحثیت ماہر غذا A-Plus ٹی وی چینل پر براہ راست آن ائیر ہو گئی جو اس لنک پر ملاحظہ کی جا سکتی ہے:

https://fb.watch/8W9DtFHZ-H/

مگر میری دس منٹ کی بات کو سننے کے لئے دو گھنٹے کا پروگرام کون اور کیوں دیکھے گا؟لہذا کوشش کرتا ہوں کہ edit کر دوں۔دوسری بات جگن کاظم موضوع سے ہٹ گئیں اور ساری بحث دیسی ولائتی مرغ کے گرد گھومتی رہی۔سارا ماحول اور دیگر ماہرین دیسی کے شیدائی ثابت ہوئے لہذا اس نقار خانے میں طوطی کی کون سنتا؟ویسے ہی جیسے ملک بھر میں کوئی سائینسی تحقیقات ماننے کو تیار نہیں۔اور اعلیٰ تعلیم یافتہ بھی ادھر ادھر کی سن کر یقین کر لیتے ہیں 🙏

بہر حال میرا سینکڑوں ٹی وی پروگرامز میں
شرکت کرنے کے بعد خیال ہے کہ جگن کاظم ایک ذہین اینکر ہے۔خوبصورتی اور ذہانت ساتھ ساتھ 😹۔

لیکن زیادہ قابل تعریف ڈاکٹر Syed Muhammad Faisal بھائی ہیں،دھیمے،پر کشش اور شاندار۔ ❤️ God bless all of them

9۔ برائے عوامی آگاہی۔

نیچے دیا گیا چارٹ کم از کم پچاس برس
پرانا ہے جو تازہ معلومات پر مشتمل نیا
کہہ کر 1976ء میں پڑھایا جاتا تھا۔ اب ان غذاؤں کی فہرست خاصی لمبی ہو چکی ہے جن میں
مندرجہ ذیل وٹامنز دریافت ہوئے ہیں۔ سر دست آخری کالم میں ان غذاؤں کا اضافہ کر
لیں:

اے: زیتون کا تیل
بی ون: مٹر، لوبیا، خشک میوے
بی ٹو: ایوکیڈو، کھمبی
بی تھری: پھلیاں، مونگ پھلی
بی سکس: ٹماٹر
بی سیون: انڈے کی زردی، خشک میوے
بی نائن: خشک میوے
بی بارہ: چھوٹا گوشت، سویابین، چکنائی
نکلا دودھ، پنیر
سی: امرود، صدف، مرجان

ڈی: دیسی گھی، بیجوں کے تیل، گہرے سمندر
کی مچھلیاں، چربی والی مچھلی
ای: سمندری غذائیں، زیتون کا تیل
کے: جاپانی پھل

وٹامن بی 17 چند برس قبل دریافت ہوا ہے۔ یہ مختلف پھلوں کی گٹھلیوں میں پایا جاتا ہے۔ مثلاً جامن، آم، آڑو وغیرہ میں۔ کینسر، بلند فشار خون، جسمانی دردوں سے بچاتا ہے۔ نیز جسم کی قوت مدافعت بڑھاتا ہے۔

منجانب ادارہ فرسٹ ڈائٹ کیئر ریسرچ سنٹر۔
لاہور

10۔ یقیناً ڈاکٹر شہریار شیخ کی خدمات کو
نظر انداز کرنا بے حد مشکل کام ہے۔ میری
ڈاکٹروں کی ایسوسی ایشنز کے حوالے سے ان
کے ساتھ کافی میل جول رہی۔ مندرجہ بالا
کالم میں مصنف نے دعویٰ کیا ہے کہ ڈاکٹر
صاحب کے بارے کوئی منفی رائے نہیں دے سکتا تو پھر میری بھی رگ ظرافت پھڑکی ہے اور ان کی ایک منفی عادت کی روداد سناتا ہوں۔

سیریز دوم: غذا اور صحت

پی سی لاہور میں ڈاکٹروں کی انجمن PSFP نے ہم بہت سارے ڈاکٹروں کو مدعو کر رکھا تھا غالباً 1997ء کی بات ہے۔ ڈاکٹر موصوف نے سٹیج سے دیسی گھی کھانے کا مشورہ دے ڈالا لہذا میرے ہتھے چڑھ گئے۔

کافی بحث کے بعد وہ یہ حقیقت مان گئے کہ
انہیں دیسی گھی کھا کر سخت محنت کا بھی
کہنا چاہیئے تھا۔ کیونکہ ایسی قد آور
شخصیت کے ادھورے پیغام کو ان پڑھ عوام کسی اور جانب بھی لے جا سکتی تھی۔

سچ ہے کہ میرے چھوٹے منہ کی بات انہوں نے
مان کر بڑی کر دی اور میری نظر میں انہوں
نے اپنا قد اور بلند کر لیا۔

نیاز مند
ڈاکٹر سلطان محمود

DIET AND HEALTH S

1. Jaggery (گڑ) is more expensive than sugar and even less sweet. But I support this trend because sugar is a chemical and jaggery is food. Sugar promotes diabetes, cancer, acidity, loss of memory, anxiety, body fat, fatty liver, obesity and a number of other ailments emerged from the disorders mentioned above.

گڑ چینی سے بھی زیادہ مہنگا ہے اور کم میٹھا بھی ہے۔ لیکن اس کے بوجود اگر ہم چاہیں تو چینی کم کر دیں۔ کسی سیاسی تناظر میں جائے بغیر خالصتاً علمی نکتہ نظر سے کہوں گا کہ چینی کیمیکل ہے اور گڑ ایک غذا ہے۔ چینی دس بیماریاں جنم دیتی ہے مثلاً ذیابیطس، کینسر، تیزابیت، یاداشت میں کمی، ذہنی تناو، جسمانی چربی، جگر کا بڑھنا، موٹاپا اور ان سب سے پھوٹنے والے دیگر امراض۔

ڈاکٹر سلطان محمود

2۔ معذرت کے ساتھ عرض ہے کہ ایڈیٹر صاحب کی یہ وضاحت بھی ادھوری ہے گو کہ انہوں نے اپنی جانب سے اختصار یہ لکھنے میں محنت کی ہے۔ ماں کی غذا کا اس کی فزیالوجی اور بائیو کیمسٹری سے گہرا تعلق ہے جو کہ ماں کی اپنی خوراک پر منحصر ہے۔ پھر یہ تبدیل شدہ میٹابولیٹس کیسے دودھ میں آتے ہیں اس کا تعلق فزیالوجی آف لیکٹیشن سے ہے۔ جب تک ان دونوں مضامین کو نہ سمجھا

جائے مندرجہ بالا اختصاریئے کو حرف آخر نہیں سمجھا جانا چاہئیے۔ نیز ان پر رائے کے لئے ہیومن اور اینیمل نیوٹریشن دونوں کی سمجھ بھی ضروری ہے۔ کیونکہ ممالیہ جانور بھی بچے کو دودھ پلاتے ہیں یا کم از دودھ پیدا کرتے ہیں چاہے وہ بعد میں انسان ہی پی جائے۔

ڈاکٹر سلطان محمود
پی ایچ ڈی نیوٹریشن پولینڈ

Mona Raza ۔3
ارے ناں ناں بھئی۔ کیا دنیا میں جو بھی کچھ ہو رہا ہے ہماری مرضی سے ہو رہا ہے بھلا؟ اور اگر نہیں تو دوسروں کے کرتوتوں پر بیمار پڑنا کونسی عقلمندی ہے؟ گڑیا ہماری مانو تو ایک کان سے سن کر دوسرے سے نکال دو۔ بھلا یہ کھلاڑی، اداکار، سیاستدان، ملاں اور محبوب بھی کسی کے ہوئے ہیں کیا؟ 😋

4۔ کونسے گلینڈ اور ھارمون سکریشن پر کس غذا اور لائف سٹائل کے منفی اثرات اور کس غذا اور لائف سٹائل کے مثبت اثرات پڑتے ھیں؟

ڈاکٹر سلطان محمود
صرف اس سوال کے جواب پر بیسیوں کتابیں چھپ چکی ہیں۔ مختصراً صرف ایک مثال دوں گا کہ جب سٹارچ کھاتے ہیں چاہے میٹھا ہو یا پھیکا تو اس میں سے گلوکوز نکالنے میں لبلبے کے الفاسیل)

(alpha cells)گلوکاگان (glucagon)ہارمون خارج کرتے ہیں لیکن جونہی خون میں شکر کی مقدار ایک خاص درجے (عموماً 75 ملی گرام فی ڈیسی لٹر) سے بڑھنے لگتی ہے تو اسی لبلبے کے بیٹا سیل (beta cells)انسولین خارج کر کے شکر کا درجہ 120 ملی گرام فی ڈیسی لٹر سے بڑھنے نہیں دیتے۔ اسی نظام میں خرابی کو ہم ذیابیطس کی بیماری سے منسوب کرتے ہیں۔

5۔ عنقا۔۔۔

آخر ایک چمچ چینی سے کیا ہوتا ہے؟ میں نے جھنجلاتے ہوئے کہا۔ میں چائے کے ساتھ بسکٹ وغیرہ نہیں لیتی ہوں۔ صرف ایک مگ چائے۔ میٹھی چائے کا مزہ ہی کچھ اور ہے۔ میں اس پر کمپرومائز نہیں کر سکتی۔

چلیں ایسا کریں کہ مصنوئی مٹھاس (artificial sweeteners)استعمال کر لیں۔ کینڈرل یا سکرال۔۔۔۔۔

میرے چہرے پر ناگواری جھلکی۔ مجھے اُس کا ذائقہ پسند نہیں۔

میں نے مزید اصرار کرنا مناسب نہ سمجھا۔ اور دل ہی دل میں سوچ رہی تھی کہ چینی نہیں چھوڑنی۔ وہ چائے ہی کیا جس میں گڑ یا چینی نا ہو۔ میں نشاستہ دار غذا کچھ کم کر لوگی۔

۔

۔

۔ ہم میں سے اکثر عوام کی یہ ہی سوچ ہے۔ ایک رس گُلا، گلاب جامن یا جلیبی۔ گاجر کا حلوہ بس تھوڑا سا۔ اور ایک ایک یا تھوڑا تھوڑا کرتے بہت سا کھایا جاتا ہے۔ سویٹ ٹوتھ (میٹھا پسند) ہونا میری طرح بہت سے لوگوں کی کمزوری ہے۔ سردیوں میں میٹھی اور گرم چیزوں کی اشتہا اور بڑھ جاتی

ہے۔ نزلہ زکام یا گلا خراب ہو تو بار بار میٹھی چائے سے ٹکور کرنا گرم دودھ جلیبی کھانا بھی میٹھا پسند کرنے والوں کو میٹھا کھانے کا بہانا مہیا کرتا ہے۔ میرے دادا جان تو میٹھے کے اتنے شیدائی تھے کے اگر گھر میں نمکین چاول پک جاتے تو ناراض ہو جاتے اور ہفتوں ناراضگی ختم نہ کرتے جب تک کہ گُڑ والے چاول نہ پکائے جاتے۔

اوپر والی سوچ تب تک ہی تھی جب تک شوگر کے نقصانات کا علم نہیں تھا۔ چلیے کچھ آپ کی معلومات میں اضافہ کرتے ہیں۔

اگر آپ دن میں چار کپ چائے مناسب میٹھے والی پیتے ہیں تو چار سے چھ چمچ چینی ڈالتے ہیں. ایک چمچ چینی تقریباً 5 گرام کے برابر ہوتی ہے۔ چھ چمچ چینی کے ہمیں 120 کلو کیلوریز کے قریب توانائی فراہم کرتے ہیں.

صرف اتنی سی کیلوریز؟ اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟

جی ہاں میری بھی یہ ہی سوچ تھی۔ مگر فرق پڑتا ہے۔ سب سے پہلے یہ ایڈیڈ شوگر جسے ہمارا جسم فوراً ہی فارن شوگر کے طور پر ڈیٹکٹ کر کے ٹرائی گلیسرائیڈز کی شکل میں جگر میں محفوظ کر لیتا ہے۔ ایک دفعہ تو یہ خون میں شوگر لیول کے اچانک اضافے کا باعث بنتی ہے۔ پھر جسم اسے جلد از جلد سٹور کر دیتا ہے جس کی وجہ سے بلڈ شوگر لیول اچانک نیچے گر جاتا ہے۔ لہذا یہ چینی بغیر کوئی فائدہ پہنچائے نقصان دہ فیٹ میں ہمارے جگر تک پہنچا دی جاتی ہے۔

دوسری طرف یہ ہمارے بھوک لگنے کے نظام کو متاثر کرتی ہے۔

اور

تیسرا یہ کہ ایڈیڈ شوگر خالی خولی کیلوریز ہی ہیں۔ اور اُن کی غذائیت nutritional value صفر ہے۔ یعنی یہ ہمیں کوئی وٹامنز، منرلز یا پروٹین نہیں فراہم کرتی۔ اگر اتنی مقدار چینی کی جگہ تین

کھجوریں، کشمش، کیلا وغیرہ جس میں قدرتی طور پر مٹھاس موجود ہے کھالی جائیں تو ہمارے جسم کو توانائی کے ساتھ ساتھ اہم غذائیت بھی ملے گی۔
سافٹ ڈرنکس، ڈبے کے جوسز، مربے، جام جیلیز، ساسز، چٹنیاں کیچپ وغیرہ وغیرہ ایک لمبی لسٹ ہے جس میں ایڈیڈ شوگر ہے۔ آیئے خوب سوچ سمجھ کر کھانے کا انتخاب کریں تاکہ ہم زیابیطس، موٹاپا، بانجھ پن اور دل کی بیماریوں کو شکست دے سکیں۔

6۔ لیموں لونگ والا فارمولا بھی موثر نہیں۔ بہترین طریقہ یہ ہے کہ اچھی کمپنی کا مچھر سپرے کر کے تھوڑی دیر کمرہ بند رکھیں اور پھر دروازے کھول کر دس منٹ کے لئے پنکھا چلانے کے بعد پھر دروازے بند کر لیں۔

7۔ کنیز بتول

Sultan Mahmood: [1/13, 20:14] اچھا ہے لنچ۔ لہذا اب ڈنر ذرا بھاری ہو۔ تاکہ پیٹ بھرے رہنے کا احساس بھی ہو اور ناشتے تک اگلے دس بارہ گھنٹے کے لئے ضروری غذائی اجزاء بھی فراہم ہوتے رہیں۔

Lit Kaneez Batool Khokhar: [1/13, 20:15] لو جی میں نے ایک سیب کھایا ہے

Lit Kaneez Batool Khokhar: [1/13, 20:15] اور بس اب صبح

Sultan Mahmood: [1/13, 20:17] غلط

Sultan Mahmood: [1/13, 20:19]عورتوں کی باقاعدہ ماہواری بہت سارے ضروری اجزائے صحت کو خارج کر دیتی ہے۔لہذا ضائع ہونے والے ضروری اجزاء کو غذا کے ذریعے مسلسل لینا چاہئیے۔

Sultan Mahmood: [1/13, 20:20]مثلاً آئرن، فولاسین، زنک، کیلشیئم، میگنیشئم اور پوٹاشیئم وغیرہ۔

Sultan Mahmood: [1/13, 20:22]ان اہم اجزاء کی فراہمی سوتے وقت نیم گرم دودھ کے ایک گلاس اور دو کیلوں سے ہی ممکن ہے یا متبادلات سے۔

Lit Kaneez Batool Khokhar: [1/13, 20:22]یہ تو ساری دھات ہیں لوہا تانبا پیتل چاندی ایک ایک پیس کھایا جائے 🤣🙏

Sultan Mahmood: [1/13, 20:24]ہاہاہاہاہاہا۔چند ان دھاتوں کے چند سو حصے فی ارب کے حساب سے لینے ہیں اور وہ بھی آرگینک۔

Sultan Mahmood: [1/13, 20:24]کہیں لوہے کے کیل نہ چبا جانا 😀

8۔شوگر بارے یہ انٹرویو بہت سارے سوال پیچھے چھوڑ گیا ہے جن کی وضاحت ضروری تھی۔ انٹرویو کرنے والی آمنہ عثمان میری کزن ہے اور اس نے اپ لوڈ کرنے سے قبل میری رائے لی تھی لیکن آگا دوڑ پیچھا چوڑ کے مصداق اس نے مقابلے بازی میں جلدی سے پروگرام جاری کر دیا اور مجھ سے خالی وعدہ کیا کہ ان صاحب کا لنک مجھے بھیجے گی۔خیر اس پروگرام کو ٹریلر سمجھ کر دیکھیں۔ پوری فلم کا تو تب پتہ چلے گا جب یہ بندہ میرے ہاتھ چڑھے گا۔

9۔ https://fb.watch/azqFZCVX3J/

بھٹو دور میں وزیر صحت شیخ رشید نے یہ قانون اسمبلی سے پاس کرا دیا تھا کہ ڈاکٹر آئندہ سے برانڈ کی بجائے جنرک ادویات لکھیں گے۔ لیکن فارمافیا نے اس پر عمل نہیں ہونے دیا تھا۔

10۔ بھارت میں ماہرین نے تجربات سے دریافت کیا ہے کہ تل کا تیل بلڈ پریشر کم کرتا ہے۔ دوران تجربہ افراد کو مکئی یا نباتاتی کھانے کا تیل نہیں بلکہ تلوں سے بنا تیل دیا گیا، تو ان کا بلند فشار خون نارمل ہو گیا۔ لہٰذا خدانخواستہ اگر آپ دل کی بیماری میں مبتلا ہیں، تو جیب کی اجازت پر تلوں کا تیل استعمال کریں۔ کدو کھانے میں شامل رکھیے...

اسی سبزی کے بیج خصوصاً میگنشیم کا خزانہ ہیں۔ قلب صحت مند رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ روزانہ کم از کم 420 ملی گرام یہ معدن ضرور غذا میں شامل ہو۔ میگنیشم کی کمی سے انسان میں بلڈ پریشر جنم لیتا، کولیسٹرول کی سطح بڑھتی اور نالیوں میں لوتھڑے بننے لگتے ہیں۔
کدو کے چپس سے پرہیز بہتر...

امریکا میں محققین نے 14 برس تک 80 ہزار مرد و زن کی غذائی عادات پہ نظر رکھی۔ جس سے انکشاف ہوا کہ وہ افراد سب سے زیادہ امراضِ قلب میں مبتلا ہوئے ہیں جن کی غذا میں ٹرانس فیٹی ایسڈ (Trans Fatty Acids) شامل تھے۔ چربی کی یہ قسم انسانی جسم میں برے ایچ ڈی ایل کولیسٹرول کی سطح بڑھاتی ہے جبکہ ایل ڈی ایل کی سطح گھٹاتی ہے۔ ٹرانس فیٹی ایسڈ آلو کے

چپس، فرنچ فرائز وغیرہ میں بدرجہ اتم موجود ہوتے ہیں۔ لہٰذا دل کی بیماریوں سے بچنا ہے، تو انھیں استعمال مت کیجیے۔

ٹماٹر میں لائکوپین مادہ ملتا ہے۔ یہ خون کی نالیوں میں کولیسٹرول جمع نہیں ہونے دیتا۔ لہٰذا ٹماٹر کی خالص چٹنی معتدل مقدار میں استعمال کیجیے۔
مچھلیوں میں ایک مادہ، اومیگا تھری ملتا ہے۔ یہ دل کے عضلات کو قوی کرتا، فشارِ خون کم کرتا اور خون میں لوتھڑے بننے سے روکتا ہے۔ نیز جسم میں جان لیوا سوزش بھی پیدا نہیں ہونے دیتا۔ مزید برآں مچھلی پروٹین بھی فراہم کرتی ہے۔ بہتر ہے کہ تیل میں فرائی نہ کریں بلکہ سٹیم کریں۔

امریکی لوما نڈا یونیورسٹی کے محقق زوردار انداز میں سبھی کو مشورہ دیتے ہیں کہ روزانہ پانچ چھ گلاس پانی ضرور پیجیے۔ یوں دل کی بیماریاں چمٹنے کا خطرہ 60 فیصد تک کم ہو جاتا ہے... سگریٹ نوشی ترک کرنے، بُرا (ایل ڈی ایل) کولیسٹرول کم کرنے اور وزن گھٹانے سے بھی انسان کو یہی فائدہ ملتا ہے۔

کینٹ ین ماہرین نے آٹھ ہزار مرد وزن پر تجربہ کرنے کے بعد جانا ہے کہ جو ایک منٹ میں زیادہ سے زیادہ اُٹھک بیٹھک کرے۔ وہ دوسروں کی نسبت "13 سال" زیادہ جیتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ وہ پیٹ کے عضلات مضبوط رکھتا ہے اور وہاں چربی کا نام و نشان نہیں ہوتا اور پیٹ پر چربی جتنی کم ہو، دل کی بیماریاں بھی اتنی ہی کم چمٹتی ہیں۔

امریکی الینائے یونیورسٹی نے دریافت کیا ہے کہ شہد طاقت ور ضدِ تکسیدی مادے رکھتا ہے۔ یہ مادے امراضِ قلب کا خوب مقابلہ کرتے ہیں۔ دوسری طرف چینی کا متواتر استعمال انسانی بدن میں اچھے ایچ ڈی ایل کی سطح کم کر دیتا ہے۔ یوں دل کی بیماری لگنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ لہٰذا چینی کے بجائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پسندیدہ شہد سے ناطہ جوڑیے۔

یونیورسٹی آف چائنا میں محققوں نے دل کی بیماریوں میں مبتلا 100 افراد پر مختلف تجربے کیے۔ ایک تجربے سے افشا ہوا کہ جو افراد طویل عرصہ پیشاب روکے رکھتے ہیں، اُن میں دل کی دھڑکن فی منٹ نو بار بڑھ جاتی ہے، جبکہ خون کا بہاؤ بھی 19 فیصد تک سکڑ جاتا ہے۔ یہ دونوں عمل دل کا دورہ پیدا کر سکتے ہیں۔
گھر میں کئی اشیا مثلاً گیس ہیٹر، واشنگ مشین، ڈرائر، جنریٹر اور پٹرول سے چلنے والی تمام اشیا کاربن مونو آکسائیڈ گیس رکھتی ہیں۔ اگر کسی وجہ سے یہ گیس لیک ہو جائے، تو وہ چند گھنٹے میں انسان کو مار ڈالتی ہے۔ لیکن اس گیس کی مسلسل لیک ہوتی معمولی مقدار بھی انسانی صحت کے لیے خطرناک ہے۔ دراصل یہ خون میں لوتھڑے بناتی اور ہارٹ اٹیک کا خطرہ بڑھاتی ہے۔ لہٰذا گھر میں دھیان رکھیے، کسی شے سے یہ گیس خارج تو نہیں ہو رہی؟

برطانوی سائنس دان 70 ہزار مرد و خواتین کی صحت پر دس برس تک تحقیق کرتے رہے۔ اس تحقیق سے ایک نتیجہ یہ نکلا کہ جو افراد عموماً پانچ گھنٹے یا اس سے کم نیند لیں، ان میں دل کی بیماریاں پیدا ہونے کا خطرہ بہت بڑھ جاتا ہے۔ اس خرابی کی ایک وجہ یہ ہے کہ نیند کی کمی کا شکار لوگوں میں

فیبرنیوجن مادے کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔یہی پروٹینی مادہ خون میں لوتھڑے بننے میں مدد دیتااور دل ودماغ تک خون جانے سے روکتاہے۔

DIET AND HEALTH T

1۔دل کے امراض اور کم پانی پینے کی وجوہات

¶پانی کم پینے سے خون میں سوڈیم کا ارتکاز بڑھ جاتا ہے جو دل کے امراض کا پیش خیمہ ہے۔

¶دل کے بائیں وینٹریکل کی دیوار موٹی ہو جاتی ہے

¶خون کی گردش اور دباؤ متاثر ہو جاتے ہیں۔

¶بالغ مرد کو روزانہ 3.7 لٹر اور عورت کو 2.7 لٹر صاف پانی پینا چاہئیے۔

2۔ مچھلی کے ساتھ دودھ پینے سے برص کی بیماری کو جوڑنا غلط ہے۔ایسی مچھلی بحر اوقیانوس کی گہرائی میں ہوتی ہے جو الرجی پیدا کر سکے اور اس کا دودھ کے ساتھ معدے میں اکٹھا ہونے کے امکانات ایک لاکھ میں ایک ہو سکتے ہیں۔

3۔[1/31,13:14]+856027530092:اگر ہماری خوراک اتنی صاف ہے تو ہمارے بچوں کے قد کیوں نہیں بڑھتے؟کیوں سٹنٹڈ بچوں کا تناسب 40 فیصد سے اوپر ہے؟یورپ میں اٹھارہ سال کا بچہ چھ فٹ کا کیسے ہو جاتا ہے؟

[1/31, 19:20] Sultan Mahmood: Roughly this trait is 60٪ genetic and 40٪ environmental.

As regards genetic factors, majority Europeans don't believe in inbreeding (cousin or family marriages) and each adult understands the benefits of crossbreeding (marriages outside the genetic makeup) or at least outcrossing (remotely related) and grading up (one member of a couples with better genetic history).

Environmental factors affecting tallness include food, exercise and health. This is also best practiced in Europe.

3۔ یہ بھارتی ڈاکٹر ساؤل بہت اچھی باتیں بتاتا ہے مگر اس کی انڈے والی موجودہ وڈیو خاصی پرانی لگتی ہے۔ انڈے پر جدید امریکن ریسرچ چند سال پہلے بتا چکی ہی ہے کہ کھانے والی کولیسٹرول خون کی کولیسٹرول سے مختلف چیز ہے اور محض پانچ سے دس فیصد ہی خون میں پہنچ پاتی ہے۔ اس لئے روزانہ ایک زردی لی جا سکتی ہے۔

4۔ https://youtu.be/Fu_cGad6-xs
کنیز کی غذا پر بنائی گئی وڈیو پر تبصرہ:

¶رنگوں سے علاج کا موضوع سے تعلق نہیں ہے

¶چینی خود کیمیکل ہے مگر اس کے اندر کوئی اور نہیں سوائے سکروز کے۔جو پھر گلوکوز میں بدل کر کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی میں ٹوٹتی ہے اور نتیجے میں توانائی خارج ہوتی ہے۔

¶چینی کی سفیدی کا تعلق اس کی غذائیت یا میٹابولزم سے کیا ہے؟

¶نمک تیزاب نہیں بلکہ تیزاب کا الٹ یعنی الکلی ہے۔اس سے انسان میں تیزابیت ہو ہی نہیں سکتی بلکہ کم ہو جاتی ہے۔

¶کالا نمک سفید نمک سے الگ چیز ہے اس کا فارمولا بھی مختلف ہے۔لہذا محض ذائقے سے انہیں ہم جنس تو کیا جا سکتا لیکن دونوں کا تیزابیت پیدا کرنے سے دور دور کا بھی تعلق نہیں۔

¶چہرے پر چھائیوں کا جگر سے تعلق ہیں معدے سے نہیں۔

¶میدہ معدے میں کہاں چپکتا ہے؟

¶معدے سے جسم کی کون سی نالیاں نکلتی ہیں؟

¶پٹھوں کے پھولنے میں نمک کا کام تو ہے لیکن بھلا کیسے؟اس طرح نہیں جیسے تم نے بیان کیا ہے۔

¶چاروں سفیدیاں بھلا کیا موضوع ہے۔بلکہ سفید زہر موضوع ہوتا تو بہتر تھا۔

¶ایسے موضوعات پر گفتگو سے قبل میری کتاب کے متعلقہ حصے پڑھ لیتی تو شاید غلط کانسیپٹ میڈیا کے حوالے نہ ہوتے۔

¶سب سے بہتر ہے کہ صرف اپنے تحقیقی مضمون میں بولا جائے اور وہ بھی پوری تحقیق کر کے۔

Sultan Mahmood: [2/13, 17:54] کچھ تحفظات ہیں میرے اس وڈیو پر 🧐

Lit Kaneez Batool Khokhar: [2/13, 17:54] جی بتائیں

Sultan Mahmood: [2/13, 17:56] لیکن اب یہ نشر ہو چکی ہے لہذا بتا کر تمہیں ناراض کرنے کا کیا فائدہ؟

Lit Kaneez Batool Khokhar: [2/13, 17:57] نہیں میں ناراض نہیں ہوتی اپ بتائیں اس کو کریکٹ کرلوں گی

Lit Kaneez Batool Khokhar: [2/13, 17:57] ری اپلوڈ کی جاسکتی ہے

Sultan Mahmood: [2/13, 18:00] غذا اور غذائیت پر میرا علم 46 سالوں کے سفر پر محیط ہے لہذا کہاں سے شروع کروں سمجھ نہیں آرہی.

Sultan Mahmood: [2/13, 18:01] صرف مشورہ ہی دے سکتا ہوں کہ اس موضوع کو ماہرین پر ہی چھوڑ دو تو بہتر ہے۔

Sultan Mahmood: [2/13, 18:12] کیونکہ غذا کے ماہرین پہلے جانور کی مکمل فزیالوجی پڑھتے ہیں۔ پھر بیالوجیکل کیمسٹری خصوصاً آرگینک پڑھتے ہیں۔ پھر ایک ایک غذائی جزو (nutrient) کی الگ الگ سے فزیالوجی اور کیمسٹری پڑھتے ہیں جس کے بارے میں شاید محض اتنا بتا دینا ہی کافی ہو کہ کل سات غذائی اجزاء کے اندر لگ بھگ تین سو مائیکرو جزو ہوتے ہیں جنہیں سمجھنے کے لئے ایک ڈاکٹریٹ بھی کافی کم ہے یعنی کم سے کم دو سو اصلی ایم ایس سی کی ڈگریاں درکار ہیں جبکہ اصل ڈاکٹریٹ تک تعلیم و تحقیق کے ایف ایس سی کے بعد 12 سال لگتے ہیں۔

Sultan Mahmood: [2/13, 18:13] چندا تم نے وعدہ کیا ہے کہ ناراض نہیں ہونا ❤️ ❤️ اس لئے حوصلے سے میرا نکتہ نظر سمجھنا۔

Lit Kaneez Batool Khokhar: [2/13, 18:14] یعنی کہ مجھے لوگوں کو بے وقوف بنانے کا بھی حق نہیں 🤔

[2/13, 18:15] Lit Kaneez Batool Khokhar: اپ یہی کہنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے چھوڑ دیا

[2/13, 18:17] Sultan Mahmood: نہ نہ میری جان نہ بناؤ کیونکہ پاکستان کی عوام ان پڑھ ہے اور جلد بے وقوف بن جاتی ہے اور خصوصاً خوبصورت لڑکی سے بہت آسانی سے بن جاتی ہے۔

[2/13, 18:17] Sultan Mahmood: اس لئے میڈیا پر صرف وہ بات کرو جس کی اتھارٹی ہو تمہارے پاس۔

[2/13, 18:18] Sultan Mahmood: تاکہ کوئی چیلنج کرے تو سند دکھائی جا سکے

[2/13, 18:23] Sultan Mahmood: اس سے تو کہیں بہتر ہے کہ میری کتاب ہی اٹھالو اور اپنی پسند کے موضوعات میرے حوالے سے میڈیا پر بیان کرتی جاو۔ اس طرح تمہاری حسین شکل سے بھی لوگ متاثر ہو جائیں گے اور میرا پیغام بھی عام ہو سکے گا۔ نیز سونے پر سہاگہ یہ کہ تنقید کا جواب بھی میرے ذمے 🙏

[2/13, 18:25] Sultan Mahmood: بلکہ ہم دونوں مل کر "تھنک ٹینک ایکو کیئر" یو ٹیوب چینل چلائیں تو زیادہ پذیرائی اور زیادہ آمدن بھی ہو سکتی ہے۔

[2/13, 18:26] Sultan Mahmood: It's called WIN WIN POLICY

5۔ خرم یونس

نئی جاری کردہ رپورٹ میں WHO نے نشاندہی کی ہے کہ بچوں کا فارمولا دودھ بنانے والی کمپنیاں اصولوں کے خلاف غیر سائنسی اور unethical کمپین چلا رھی ھیں، گویا تاثر دیا جا رھا ھے کہ

فارمولا دودھ نئے پیدا ہونے والے بچوں کے لیے بہت اچھا ھے۔ جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ ایک وقت تھا کہ زیادہ تر مائیں صرف breast feeding کرتی تھیں، فارمولا دودھ صرف طبعی مسائل کا شکار ماں / بچے کے لیے تجویز کیا جاتا تھا۔ اب پیدا ہونے والا ہر بچہ فارمولا دودھ پیتا ہے جو کہ کبھی ماں کے دودھ کا متبادل نہیں ہو سکتا اور ایسے بچے بڑے ہونے کے بعد بھی زیادہ مسائل کا شکار رھتے ھیں، جیسے کہ کان، ناک اور گلے کے مسائل۔ بچے کا حق ہے کہ اسے دو سال تک دودھ دیا جائے، اشتہاروں سے متاثر ہونے کی ضرورت ہر گز نہیں۔

جناب ڈاکٹر صاحب۔ سر یہ تو آپ کا ایریا ہے، آپ نے بھی آگاہی کے لیے بہت کام کیا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود
ابھی بھی دلجمعی سے میدان میں ڈٹے کھڑے ہیں آپ کی دعا سے الحمدللہ

6۔ برص کے مریض وٹامن سی لینے سے پرہیز کریں تو اس کا پھیلاؤ رک جاتا ہے۔

7۔ حمیرا تبسم علی۔ گجرات
[4/23, 06:02] Lit Eng Humera Ali: In the morning when I get up I feel my joints specially hands and feet are swollen
[4/23, 06:03] Lit Eng Humera Ali: When I try to stretch and relax them I feel as if there is some water in them

[4/23, 06:03] Lit Eng Humera Ali: Specially my right hand

[4/23, 06:04] Lit Eng Humera Ali: Index finger of right hand seems to be very stiff at times

[4/23, 07:35] Dr Sultan Mahmood: God forbid, it's sign of inactivity, especially before sleep and may lead to osteoarthritis, which is joints problem when uric acid is higher than normal limits.

[4/23, 07:37] Dr Sultan Mahmood: Putting on weight is another reason especially which is aggravated by retention of water in the body.

[4/23, 07:39] Dr Sultan Mahmood: It needs to be addressed immediately thru brisk walk which might be advised to halt if joint pains are started.

[4/23, 07:41] Dr Sultan Mahmood: Also reduce table salt in the cooked foods especially raw salt sprinkling over the plate or on the fruits.

[4/23, 07:42] Dr Sultan Mahmood: Check your blood uric acid levels from two different authentic labs after 14 hrs fasting.

[4/23, 07:46] Dr Sultan Mahmood: If so, your joints fluids, viz. synovial, is going to be dried and calcium crystals are supposed to be deposited in the smaller joints after longer hours of rest.

[4/23, 07:49] Lit Eng Humera Ali: And then I will die

[4/23, 07:51] Dr Sultan Mahmood: اللہ نہ کرے۔ ان بیماریوں سے مر جانا جہالت کی انتہا سمجھی جائے گی۔

[4/23, 07:52] Dr Sultan Mahmood: میں اپنی ہی کتاب کے دو صفحے بھیج رہا ہوں غور سے پڑھ لینا۔

8۔ [5/7, 11:35] FB Usman Maqbool: Doctor sb idr gulf countries mein hair fall a bhht prblm hai

[5/7, 11:36] FB Usman Maqbool: rehnamai farma dein koi aisi diet ya oil jis se hair fall na ho

[5/7, 11:36] FB Usman Maqbool: aur gas ka problem bi bhht jis se head pain hti

[5/7, 11:51] Dr Sultan Mahmood: پہلے مسئلے کے حل کے لئے تو ایلوویرا یا کوار گندل اس وقت کی بہترین چیز ہے۔ اس کی ورائٹی باربا ڈینسس ملر لازماً گلف میں بھی پائی جاتی ہے۔ اس کا پورا ایک میجور پتے کو چھیل کر غدا سر پر لیپ کر کے سوئیں اور صبح صاف پانی سے سر

دھولیں۔ ایسا کرنے سے بال گرنے فوراً بند ہو جائیں گے اور تین چار ماہ کے استعمال سے نئے نوٹ بال بھی نکل آنے کی امید ہے۔ ایلوویرا شیمپوز ہر گز استعمال نہ کریں۔

Dr Sultan Mahmood: [5/7, 11:53] نوٹ کو * موٹے * پڑھیں

Dr Sultan Mahmood: [5/7, 11:57] دوسرے مسئلے کے حل کے لئے اپنی غذا میں فائبر کا استعمال ذرا کم کر کے پیدل زیادہ چلیں۔ فائبر سبزیوں، پھلوں اور چھان میں زیادہ ہوتا ہے۔ پانی پینا بھی زیادہ کر لیں

Dr Sultan Mahmood: [5/7, 11:59] شیمپوز ہی گنجے پن کی وجہ ہیں کیونکہ ان میں موجود کیمیکلز سے سر کی جلد تباہ ہو جاتی ہے اور خون کی گردش بال کی جڑ تک نہیں ہو پاتی۔

Dr Sultan Mahmood: [5/7, 12:00] یہ بھی موثر ہے۔

Dr Sultan Mahmood: [5/7, 12:02] لیکن ایلوویرا کا جواب نہیں۔

9. TTE: Cortisol hormone induces an increase in the expression of the gene coding for the serotonin transporter, associated with a subsequent elevation in the uptake of serotonin.

10۔ حافظ آباد کی سدرہ سادی کے لئے

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 00:27] ایک ایک گھونٹ مسلسل پانی پیتی رہو۔

[7/26, 00:32] FB Sidra Sadi: Na bhook lgti ha

[7/26, 00:32] FB Sidra Sadi: Chye py guzara

[7/26, 00:43] FB Sidra Sadi: Mri left side kam he ni kr rai itni tklif ja

[7/26, 00:43] Dr Sultan Mahmood: ٹھوس غذا لو چند اچاہے قے ہو جائے۔

[7/26, 00:44] Dr Sultan Mahmood: تمہارے اندر آئرن اور کیلشیئم کی شدید کمی ہو گئی ہوئی لگتی ہے۔

[7/26, 00:45] Dr Sultan Mahmood: خالی پیٹ چائے قاتل ہے۔ اور یہ آئرن اور کیلشیئم کی بھی کمی پیدا کرتی ہے۔

[7/26, 06:21] Dr Sultan Mahmood: تو مسئلہ صاف ظاہر ہے۔ چائے لینے سے آئرن ضائع ہوتا ہے اور آئرن کی کمی بھوک لگنے نہیں دیتی۔

[7/26, 06:24] Dr Sultan Mahmood: چائے محدود کر دو، ٹھوس غذا لو اور آئرن و کیلشیم کے اچھے سے سیرپ دوا کے طور پر لو۔ یاد رہے کہ یہ دونوں سیرپ خالی پیٹ ہر گز نہیں لینے۔

[7/26, 06:26] Dr Sultan Mahmood: چائے پینے سے اس کے اندر موجود دودھ کی کیلشیم نہ صرف ضائع ہو جاتی ہے بلکہ جسم کی ہڈیوں اور پٹھوں کی مدد گار کیلشیم بھی پیشاب کے رستے نکل جاتی ہے

[7/26, 06:28] Dr Sultan Mahmood: نیز چائے جسم سے پانی خارج کرنے کا باعث بھی بنتی ہے جس کے سبب ڈی یائیڈریشن شروع ہو کر بلڈ پریشر شوٹ کر جاتا ہے۔

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 06:29]اس بات سے یہ ثابت ہونا ذرا مشکل نہیں کہ جسم شدید غذائی کمی کا شکار ہو جاتا ہے

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 06:34]پھر ماہواری کے دوران خون کے اخراج سے جسم کے رہے سہے نمکیات بھی خارج ہو جاتے ہیں مثلاً کیلشیم، مگنشیم، آئرن، مولبیڈینم، کوبالٹ، اور درجنوں دیگر۔

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 06:36]اس کمی کی علامت یہ بھی ہے کہ باقی ایام میں لیکوریا کا مسئلہ بھی شروع ہو جاتا ہے جو صحت مند اور پتلے اخراج نہانی کی بجائے بدبودار اور گاڑھا نکلتا ہے۔

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 06:38]اوپر سے خون کی کمی بہت سے مسائل پیدا کر سکتی ہے

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 06:41]تم فوراً اپنی ہیموگلوبن بھی چیک کرا و مجھے لگتا ہے کہ آئرن کی کمی سے تم انیمیا یعنی خون کی کمی کا شکار بھی ہو چکی ہو۔

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 06:44]تم آہستہ آہستہ خودکشی کی جانب بڑھنے کی بجائے اپنی جوانی اور حسن و صحت بچاؤ اور چائے کم کر کے کھانے میں گوشت، دودھ، دہی، پھل، دالوں اور سبزیوں کی مقدار بڑھاؤ

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 06:46]چائے جوانی کی دشمن ہے کیونکہ جسم میں بڑھاپے کے عمل کو تیز کرتی ہے۔ اس لئے اسے کم کر کے ایک ڈیڑھ کپ تک لے آو۔

Dr Sultan Mahmood: [7/26, 06:48]ان سب باتوں کی جانکاری کے لئے میری کتاب "غذائی علاج" کا مطالعہ کرو اور جو بات سمجھ آجائے اس پر عمل بھی کرو۔

سیریز دوم: غذا اور صحت

DIET AND HEALTH U

1۔کاشف سفیان
تمام غذائی اشاریوں کو بیک وقت مد نظر رکھیں تو ایک ولائتی انڈہ چار دیسی انڈوں کے برابر ہے
۔۔۔۔ڈاکٹر سلطان محمود

انڈے کی غذائیت کا پہلا تعلق اس کے وزن سے ہوتا ہے۔دیسی انڈے کا اوسط وزن 40-45 گرام جبکہ ولائتی کا 65-70 گرام ہوتا ہے۔تو غذائیت کے لحاظ سے تقریباً ڈیڑھ تا دو دیسی انڈے ایک ولائتی کے برابر ٹھہرے۔دوم کسی بھی غذا یا اگر زیر بحث انڈے ہی کی مثال لے لی جائے تو قیمت خرید ہی کا تعلق اس کی غذایت کو ہمارے جسم کے لئے قابل استعمال بناتا ہے۔اس زاویئے کے مطابق اگر دیسی انڈے کی آج کی قیمت 250 روپے درجن یا 21 روپے فی انڈہ ہے تو ولائتی ڈیڑھ سو روپے یا 12 روپے فی انڈہ پڑے گی۔تیسرا فیکٹر ہمیشہ حصول یا availability کا ہوتا ہے۔دیسی انڈے کی نسبتاً کم حصولیت کی وجہ سے اگر اس کی قیمت میں تین روپے فی انڈہ اضافہ کر لیں تو ایک دیسی انڈے کی قیمت میں دو ولائتی انڈے مل جائیں گے اور وہ بھی ڈیڑھ سے دگنی غذائیت کے ساتھ۔بس پھر مکمل تقابل کیا جائے تو 12 روپے والے ولائتی انڈے کے برابر دیسی انڈے کی صورت میں 46 روپے میں پڑی۔ابھی بیشمار ایسے بھی عوامل ہیں جنہیں شمار نہیں کیا گیا جو زیادہ تر ولائتی انڈے کے حق میں ہیں۔مثلاً ولائتی مرغی سالانہ بڑے سائز کے 292 انڈے دیتی ہے لیکن دیسی چھوٹے سائز کے 200 بھی نہیں دیتی یا چھلکے کی مضبوطی، وغیرہ۔

ڈاکٹر سلطان محمود
فوڈ سکیورٹی ایکسپرٹ

2۔ طارق محمود
آپ سے ایک بات پوچھنی تھی۔
ایلوویرا
کیا یہ گھٹنوں وغیرہ کے درد میں محض ایک releiver ہے، یا یہ jel type ہونے کی وجہ سے گھٹنوں یا جوڑوں کے بیچ shock absorber کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔

ڈاکٹر
اگر اس کے تازہ jell کا روزانہ گھٹنوں کے گرد لیپ کر دیا جائے تو گھٹنوں کی گریس یعنی synovial fluid کی مقدار بڑھ سکتی ہے۔

طارق
اور کھانے کے متعلق آپ کیا کہیں گے۔ مجھے لگتا کہ jell خاصی گرم تاثیر ہے۔

ڈاکٹر
ٹھنڈی گرم تاثیر ایک طبی اور حکیمانہ تاویل ہے جسے میں آج تک سمجھ نہیں پایا حالانکہ بیشمار خاندانی حکیموں نے مجھے وضاحت دی ہے۔ میں ان کے علم کو جھٹلاتا نہیں لیکن ان کی تشریحات میں

فزیالوجی اور بائیو کیمسٹری یعنی فوڈ سائنس کے میرے علم کی تشفی نہیں ہوتی۔ جہاں تک آپکے سوال کا تعلق ہے تو ایلوویرا کا تازہ جل کھایا بھی جاسکتا ہے۔

دوم گھٹنے کے گرد ایلوویرا کے لیپ سے خون کی گردش گھٹنوں کی جانب کافی دیر تک جاری رہتی ہے۔ اگر اس دوران پانی بھی مناسب انداز میں پیا جائے تو گھٹنوں کے cups کے درمیان والا گاڑھا مادہ بتدریج پتلا ہونا شروع ہو جاتا ہے جو جوڑ کی رگڑ سے گرم ہو کر مریض کے لئے درد پیدا نہیں کرتا۔

3۔ فرزانہ فیروز

سر ان باداموں کا کیا کرنا ہے؟

ڈاکٹر
بھگو کر چھلکا اتارے بغیر روزانہ دو چار دانے صبح نہار منہ کھاتی رہیں سردیاں گرمیاں۔

4۔ برائے قیوم شیخ

بالکل کھجور بھی خراب ہو جاتی ہے۔ عام درجہ حرارت پر تین ماہ بعد خراب ہو جاتی ہے۔ کھجور کے اندر اکثر مختلف کیڑوں کے انڈے اور لاروا پائے جاتے ہیں اسی لئے اسے براہ راست منہ میں ڈالنے

کی بجائے پہلے دانتوں سے کاٹ کر کھولا جاتا ہے اور معائنہ کیا جاتا ہے۔ البتہ کھجور کی لمبی زندگی کی وجہ یہ ہے کہ اس میں دوسرے پھلوں کی نسبت نمی کم یعنی 30 فیصد تک ہوتی ہے جس کے باعث اسے پھپھوندی نہیں لگتی۔ پرانی کھجور کے اوپر بعض اوقات سفید سے دانے بنے نظر آتے ہیں جنہیں لوگ پھپھوندی سمجھ لیتے ہیں حالانکہ یہ قدرتی طور پر چھوہارا بننے کے عمل میں نمی کی کمی کے باعث اس میں موجود چینی کے باہر آجانے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اکثر خراب کھجوریں اندر سے کالی ہو جاتی ہیں جو aspergillus بیکٹیریا کی انفیکشن ہوتی ہے۔ مسلمان کھجور کو جب سنت سے جوڑنے لگتے ہیں تو مذہبی عقیدت کو اسی لئے سائنس سے نہیں جوڑتے تاکہ اعتقادات ضعیف نہ پڑ جائیں۔

5۔ ڈاچی فاؤنڈیشن محترمہ عائشہ نورانی کی سرپرستی میں عرصہ دراز سے ہماری مقامی تہذیب اور دستکاری کی خدمت کر رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس ادارے نے عوامی شعور بیدار کرنے کے لئے مختلف موضوعات پر ہفتہ وار لیکچرز، مباحثے اور مکالمے کا سلسلہ بھی شروع کر رکھا ہے۔ اس سلسلے میں 23 ویں لیکچر "غذا، صحت اور اسلام" کے موقعے کی مناسبت سے تحائف کا تبادلہ بھی ہوا جہاں مجھے اقبال کے کلام سے مرصع مگ، اسلامی کیلنڈر اور دیگر کتب پیش کی گئیں جبکہ میں نے اپنی کتاب "غذائی علاج" محترمہ عائشہ نورانی اور محترمہ سمرہاشمی کو پیش کی۔ یہ سلسلہ شعور و آگہی ایک طرح سے "فیض گھر" ہی کی توسیع ہے جہاں میں نے ساڑھے چار برس تک 65 لیکچر دیئے۔ محترمہ سمرہاشمی جناب فیض احمد فیض کی بیٹی منزہ ہاشمی کی بہو اور عدیل ہاشمی کی بیگم ہیں۔ لاہور، 10 اگست 2022ء

6۔ ساری دیسی ولائتی وہومیوپیتھک دوائیاں اور فوڈ سپلیمنٹس وغیرہ قدرتی کیمیکلز کی بجائے مصنوعی کیمیکلز سے بنائے جاتے ہیں اس لئے ان کے لمبے استعمال سے بچیں
ڈاکٹر سلطان محمود

7۔ یونس زاہد
ٹماٹر، بیگن، کھیرے، مرچیں، بھنڈی توری، شملہ مرچ، مٹر، لوکی، کدو، ٹینڈے، پھلیاں سائنس کی رو سے سب پھل ہیں

ڈاکٹر
سائیں اختلاف کی جراءت کروں گا۔ پودے کا پھول ہی صرف پھل کہلاتا ہے اور وہ بھی پھول کی اووری کے بڑھنے کے سبب۔ تبھی اس کے ذائقے میں گلوکوز کی زیادتی کے سبب مٹھاس آتی ہے۔ اور اس میں بیج بھی ہوتے ہیں۔ نیز انہیں عموماً پکایا نہیں جاتا۔

پودے کے پھول کے علاوہ باقی کا حصہ سبزی کہلاتا ہے مثلاً پتے جڑ وغیرہ۔ اور یہ پھول کے مقابلے میں پھیکے ہوتے ہیں نیز ان میں فائبر کی مقدار بھی زیادہ ہوتی ہے تبھی انہیں گلا کر قابل ہضم بنایا جاتا ہے۔
یہی ہمیں 1973ء میں بیالوجی کے اساتذہ نے بتایا تھا اب سائنس کی ترقی کے سبب اگر ٹماٹر، کھیرے، کالی مرچ، زیتون، حلوہ کدو وغیرہ کو بھی پھل کہنے کی بجائے سبزی مانا جانے لگے تو یہ ہمارے فوڈ سائنس کے بھائیوں کا کمال ہے۔

ڈاکٹر
چلیں اللہ کا شکر ہے کہ میری یادداشت نے آدھی صدی بعد بھی مجھے دھوکا نہیں دیا۔ یہی بات میں بھی کہہ رہا تھا۔ اس کا مطلب ہے اس معاملے میں سائنس ابھی بھی نہیں بدلی۔

پلیز ذرا سبزی کی تعریف بھی لکھ دیں کہ وہ پھول کا پھل کے بقیہ حصے کو کہتے ہیں۔ شکریہ۔

8۔ تمام باڈی ٹیسٹ کرنے والی مشین روس اور چین بھی بنا چکے ہیں۔ ان میں زیادہ تر پہلے سے بنائے گئے نتائج ڈالے جاتے ہیں لیکن دکھاوے اور مریض کی تسلی کے لئے کافی ڈرامے کئے جاتے ہیں۔
ڈاکٹر سلطان محمود

9۔

Fortunately my blood profile indicates that I'm 12 years younger than my biological age. This is what I guessed from annual medical checkup which I go through usually after each Ramadan.

Usman Asad. We need to test following health parameters at least every year after Ramadan and then compare them with WHO or other relevant health organization's recommended levels and then calculate the biological age of the major body organs:

1. Blood glucose / GTT or HbA1c

2. Blood urea, especially creatinine

3. Liver's lipid profile (6 parameters) & LFT

4. Prostate function

5. Blood pressure, ETT or thallium testing for heart function

6. Height/ Weight ratio

7. Thyroid test

8. Bone calcium test

9. Urine ketones,

10. Kidney function test

11. Eye testing against glaucoma

12. Denture test

13. Psychoanalysis and/or

14. Misc., what your physician recommends

Authentic lab testing cost will vary between PKR 10-15 thousand which may provide some solid info about foreseeable health status. Money is not important than healthy life.

Usman Asad right... Why it should be after Ramadan...

DSM

Usman Asad Because our metabolism is at the minimum acceptable level, subject

10۔ کبھی کبھی خوف کا شکار کیوں ہو جاتی ہوں؟ چھوٹی چھوٹی چیزوں سے خوف آنے لگتا ہے (اشمل)

ڈاکٹر

غذا میں سرخ گوشت کا اضافہ کر لو۔

DIET AND HEALTH V

1۔ "انسان اپنی قبر منہ سے کھودتا ہے"
تاخیر پر معذرت خواہ ہوں کیوں کہ آپ کی
پوسٹ ابھی دیکھی۔ میرے خیال سے یہ محترمہ
بات تو بالکل درست کر رہی ہیں لیکن منع کی گئی غذاؤں کا متبادل نہیں بتایا ئیں سوائے مشروبات
کے۔ دوم حاصل مطالعہ یہ ہے کہ نمک، چینی اور چکنائی کا آمیزہ کسی ایک کھانے میں نہیں ہونا
چاہئے جو کہ فاسٹ فوڈز کا بنیادی جزو اور المیہ ہے۔

دنیا کا بہترین مشروب تو صاف پانی ہے لیکن اگر کھانے کے ساتھ اس میں کچھ ملانا ضروری ہی ہے تو
پھر کچھ محنت کرنی پڑے گی۔ ہم بچے کھچے پھلوں کو ابال اور نتھار کر نیم گرم گھونٹ گھونٹ کر کے
کھانے کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں چینی ملائے بغیر۔ سوڈے تو تیزاب، چینی اور مصنوعی رنگوں کا
زہریلا آمیزہ ہیں جنہیں فرج اور کھانے کی میز پر جگہ نہیں ملنی چاہئے۔

روٹی، ڈبل روٹی، نوڈلز، بسکٹ، رس وغیرہ
میں مسنگ فیکٹر چھان ہے جو گندم کی
پراسیسنگ میں نکال لئے جانے کے بعد باقی
صرف میدہ وغیرہ ہی بچتا ہے جس میں سے
وٹامنز، منرلز و پروٹینز بھی نکل جاتے

ہیں لہذا باقی محض ڈبل چینی بچتی ہے جو
ذائقے میں پھیکی رہ کر بھی ایک گھنٹے کے
اندر اندر خون میں شوگر ایمرجنسی لگانے
کی صلاحیت رکھتی ہے۔ لیکن پھر بھی اس لئے
غنیمت ہے کہ آرگینک یعنی قدرتی چینی ہے
مگر چھان یا فائبر کا ساتھ ٹوٹنے کے باعث
گھنٹوں کی بجائے منٹوں میں لبلبے سے
انسولین نچوڑ لیتی ہے اور ایسا ہم ساری
زندگی مسلسل کرتے رہتے ہیں لہذا نتیجہ
ذیابیطیس و فیٹی لیور اور ان کے نتیجے میں موٹاپہ، امراض دل اور بلند فشار خون کی شکل میں بر آمد ہو کر آج ہماری 35 فیصد آبادی کو شکار کر چکی ہے نیز یہی عالمی اوسط بھی ہے۔ اب ذرا نہیں پورا سوچیں کہ اگر ہم نے کھانے کے ساتھ ان آرگینک چینی یا سفید زہر کا بھی ٹانکہ لگا رکھا ہے تو آنے والی نسل کسی بھی صورت میں صحت مند نہیں رہ سکتی۔ اس کا کچھ کچھ حل بڑے شہروں میں میسر ہے کیونکہ بڑے سٹورز پر اب چھان یا چوکر الگ سے بھی دستیاب ہے۔

بیکری آئٹمز کے بارے میں بھی محترمہ کی
بات درست ہے اور یہ لگ بھگ 90 فیصد مضر صحت ہوتی ہیں وجہ ناقص تیل بلکہ جانوروں کی آنتوں کو گرم کر کے نکالے گئے تیل سے بنتی ہیں۔ پھر دو تین ظلم مزید کر کے یہ آئٹمز تو سرے سے صحت کی دشمن بن جاتی ہیں مثلاً ان آرگینک چینی، کیمیکل گریڈ مصنوعی رنگ اور دوران

پر اسیس گندگی سے متعلق ہیں۔ اس کا متبادل عورت کی اپنے گھر کے کچن میں محنت ہے جسے وہ برابری کے حقوق حاصل کرنے کی دوڑ کے باعث چھوڑتی چلی جارہی ہے یا پھر مرد بھی کچن کے کام میں ہاتھ بٹا سکتا ہے اگر وہ گھر کو بھی وقت دے اور گھر آتے ہی مہمان ہستی بن کر محض عورت یا نوکروں پر حکم نہ جھاڑتا پھرے۔ بدقسمتی سے متمول گھرانوں میں تو اب عورت گھر میں ٹھہرتی ہی نہیں اور ڈیپارٹمنٹل سٹورز سے بیماریاں خریدتی نظر آتی ہے اور فوڈ سپلیمنٹس کے سٹورز سے کیمیکلز سے بنی مصنوعی دوائیں اور وٹامنز۔

یہ محترمہ لیکچر میں غذائی گروپس بنا کر
پیش نہیں کر پائیں جن میں سے تین گروپس کا ذکر میں نے کر دیا ہے لہذا اب چوتھے گروپ کی جانب چلتے ہیں۔ اور وہ ہے over cooked گوشت، سبزیاں اور دالیں۔ اس کا متبادل سب سے آسان ہے اور وہ ہے ہر کھانے میں نیم گرم پانی سے دھلی کچی یا ابلی سبزیوں کا سلاد ہے۔ ویسے ہماری خواتین کو کھانا بنانا نہیں آتا۔

اور پانچواں غذائی گروپ چائے، کافی اور
سویٹ ڈش کا ہے جسے کسی بھی کھانے کا حصہ ہر گز نہیں ہونا چاہئے۔ ان کا استعمال کھانے کے وقفوں میں ہونا چاہئے یعنی ہر کھانے کے کم از کم ڈیڑھ گھنٹے بعد۔

حرف آخر فاقے، روزے یا خالی پیٹ رہنے سے
متعلق ہے جس میں صرف ایک محاورہ ہی یاد

رکھ لیں کہ "انسان اپنی قبر منہ سے کھودتا ہے" یعنی زیادہ کھائے گا جلد مرے گا اور وہ بھی بیمار رہ کر۔

ڈاکٹر سلطان محمود

2۔

McDonald's loses the legal battle with chef Jamie Oliver, who proved that the food they sell is not fit to be ingested because it is highly toxic.

Chef Jamie Oliver has won a battle against the world's largest junk food chain. Oliver proving how burgers are made. According to Oliver, the fat parts of meat are "washed" with ammoniac hydrogen and then used in the packaging of the meat "cake" to fill the burger. Before this process, according to the presenter, already this meat was not suitable for human consumption.

Oliver, a radical activist chef, who has waged a war against the food industry, says: We're talking about meat that would be sold as dog food and after this process it's served to humans. In addition to the quality of meat, ammonium acid is harmful to health. Oliver says this:

"The process of the pink crap".

What sane human being would put a piece of meat soaked in ammonium hydrogen in the mouth of a child?

In another of his initiatives Oliver has demonstrated how chicken nuggets are made: after selecting the "best parts", the rest: fat, skin, cartilage, visuals, bones, head, legs, are subjected to a mec split smoothie canica - it's the euphemism that engineers use in food, and then that blood pink paste is deodorant, bleached, re-refreshed and repainted, dipped in flour and fried melcocha, this is left in usually partially hydrogenated oils, that is, toxins.

The food industry uses ammonium hydrogen as an anti-microbial agent, which allowed McDonald's to use meat in its burgers, which is not suitable for human consumption.

But even more disturbing is the situation that these substances based on ammonium hydrogen are considered 'lawful components in the production process' in the food industry with the blessings of health authorities worldwide. So consumers will never be able to discover what substances they put in our food.

PLEASE STOP FEEDING YOUR KIDS THIS FAKE FOOD because NOW YOU KNOW.TCT

https://www.facebook.com/100024169510325/posts/1101891820626458/?d=n

امریکہ و دیگر ترقی یافتہ ممالک تو سبھی
فاسٹ فوڈز کو غذائی لحاظ سے زہر سمجھتے
ہیں لیکن صفائی ستھرائی کے قوانین پر
پوری طرح عمل کرواتے ہیں لہذا ذائقے اور

وقت کی بچت کے حساب سے ان کی عوام بھی
غذائی سائنسدانوں کی ایک نہیں سنتی۔ مگر
ہمارے ہاں کا تو پوچھیں ہی مت۔ یہاں تو بس پیسہ ملنا چاہئے لوگوں کی صحت جائے بھاڑ میں۔ یہاں نہ پاکی پلیدی کی پرواہ ہے اور نہ صفائی ستھرائی کی۔ ڈاکٹر سلطان محمود

3۔ اگر کیلشیئم کی شدید کمی ہو گی تو کڑل
ضرور پڑے گا۔

4۔ 16 اکتوبر 2022ء

الحمدللہ ڈاکٹر بشیر احمد شہید کے ہاتھوں
لگایا گیا 32 برس قبل ہیلتھ ایسوسی ایشن کا یہ کمزور سا پودا ہماری یگانگت، پیشہ ورانہ مہارت اور خلوص کے تسلسل کے سبب "پاکستان سوسائٹی آف فیملی فزیشنز (PSFP) سے شروع کردہ سفر سے آج پاکستان اکیڈیمی آف فیملی فزیشنز (PAFP) کے تناور درخت میں بدل چکا ہے جو ملک کے کونے کونے کی نمائندہ پاکستان کی سب سے بڑی ہیلتھ ایسوسی ایشن ہے۔

مجھے یہ اعزاز حاصل ہے کہ ایم بی بی ایس
ڈاکٹر نہ ہونے کے باوجود بوجوہ بطور
انسانی غذاؤں کے پی ایچ ڈی ماہر ڈاکٹر

بشیر مرحوم کے مبارک ہاتھوں سے رکنیت ملی
بلکہ کوئی دو برس ان کے "بشیر میڈیکل
کمپلیکس" میں ذیابیطس کلینک میں غذا کا
کنسلٹنٹ بھی رہا۔ نیز ہر سہ ماہی میں میرا ڈاکٹر بھائیوں کو ایک سی ایم ای (continuing medical education) لیکچر نیوٹریشن پر بھی دینے کا حکم تھا جو میں 1999ء تا 2000ء امریکہ روانگی تک بجالاتا رہا۔

گو کہ ازاں بعد چند فروعی اختلافات کے سبب یہ تنظیم تین حصوں میں بٹ گئی لیکن خوش قسمتی سے میری سپیشلٹی کے سبب سبھی نے مجھے اپنی اپنی ایگزیکٹو کونسل میں رکھا۔ کل مجھے اپنی خوش قسمتی اور موجودہ کیبنٹ کی مردم شناسی کا پھر شدت سے احساس ہوا جب مجھے صدر جناب طارق میاں صاحب کا شرکت کے لئے ذاتی پیغام موصول ہوا اور پھر مجھے میڈیا میں بھی بولنے کا کہا گیا۔ ٹی وی کے دو منٹ کے نشریئے میں تین سیکنڈ مجھے مل جانا بھی ایک اعزاز ہے جو 1:54 منٹ پر جگہ پا گیا۔
لاہور، 16 اکتوبر 2022ء

5۔ برائے ناصر ڈسکہ
ہاہاہاہاہاہا۔ انجنیئر، اوپر سے
ایٹمی انجنیئر، اور کتاب لکھ رہا ہے فطری طریقہ علاج پر کتاب الصحت 😜 اور نظر ثانی کرنے
والے دو ایم بی بی ایس میاں بیوی 😋
ان میں سے کسی کی بھی تعلیم نہ تو

نیوٹریشن میں ہے 😷 اور نہ دین فطرت اسلام میں 😢 یہ کتاب یقیناً چوں چوں کا مربہ ہو گی اور ساری کی ساری ڈاکٹر خالد غزنوی کی طب نبوی جیسی یا خواجہ اسلام کی موت کا منظر جیسی 🧐

میں یہ کتاب دیکھنا چاہوں گا تاکہ مستند
سائنسی (فوڈ سائنس، بائیو کیمسٹری،
فزیالوجی اور سائل کیمسٹری) کے حوالوں کی
رو سے اس کے بخیے ادھیڑ سکوں۔

اگر اسی طرح نقلیں مار کر کتابیں لکھنی
ہوں تو پھر میں کیوں نہ بھاری معاوضہ لے
کر الیاس قادری، مولانا مودودی یا علامہ
غلام احمد پرویز پر کتاب لکھ ماروں یا
اسلام، یہودیت، عیسائیت اور ہندوازم کے
